امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف

الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ، غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ، لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	مارچ 2016ء
پرنٹرز	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	1100/-
ناشر	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	=/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

فضائل حضرت عمر رضی اللہ عنہ

حضرت علي رضي الله عنه

فضائل سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا

فضائل امام حسن و حسنین رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت جابر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ

فضائل زبیر بن عوام

فضائل حضرت عبد الرحمٰن بن عوف

حضرت سعد بن ابی وقاص کے فضائل و مناقب

فضائل حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت ابو عبیدہ بن جراح رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت اسامہ بن زید رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت ابوذر رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت اشعث بن قیس رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت بلال رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت جعفر رضی اللہ عنہ

کتاب الایمان

فقہی فہرست

فقہی فہرست

کتاب الجنائز

کتاب العلم

کتاب الصوم

کتاب الشهادت

کتاب فضائل القرآن

کتاب التفسير

کتاب فضائل سیّد الانبیاء

كتاب فضائل الصحابة

کتاب مناقب الامة

کتاب المواریث

کتاب الزکوة والصدقه

كتاب الذكر

كتاب علامات الساعة والفتن

كتاب البر

کتاب اللباس

کتاب الحدود

فہرست

فقہی فہرست

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

باب الف

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ
☆ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کا حلیہ اور آپ کی کنیت	301
☆ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی عمر اور آپ کا وصال	302
☆ وہ حدیثیں جو حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں	302
☆ حضرت ابی بن مالک قشیری رضی اللہ عنہ	308
☆ حضرت اُبی بن عمارہ انصاری رضی اللہ عنہ	308
☆ یہ باب ہے ان کے نام سے جن کا نام اُسید ہے، حضرت اسید بن حصیر عقبی بدری رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوعتیک اور آپ کو ابو یحییٰ رضی اللہ عنہ کہا جاتا ہے	309
☆ وہ حدیثیں جو حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں	310
☆ حضرت اُسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ	319
☆ حضرت اُسید بن یربوع انصاری رضی اللہ عنہ آپ کو جنگ یمامہ میں شہید کیا گیا تھا	320
☆ حضرت اُسید بن مالک ابوعمرہ انصاری رضی اللہ عنہ	321
☆ یہ باب ہے حضور ﷺ کی نبوت کے دلائل میں سے	321
☆ حضرت اُسیر بن عمرو ابوسلیط انصاری بدری رضی اللہ عنہ	323
☆ یہ باب ہے پالتو گدھوں کے گوشت کی حرمت میں	324
☆ یہ باب ہے جس کا نام اوس ہے	325
☆ وہ حدیثیں جو اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں	325
☆ یہ باب ہے جمعہ کے دن غسل اور جمعہ کے لیے جلدی آنے کے بیان میں	325
☆ یہ باب ہے جمعہ کی فضیلت میں	328
☆ باب	329
☆ یہ باب ہے کہ لا الٰہ الا اللہ وان محمداً رسول اللہ ﷺ کی تعظیم کرنے کے بیان میں	330
☆ باب	332
☆ یہ باب ہے اس کے بیان میں کہ اللہ عزوجل نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے لیے جنت میں کیا تیار کر کے رکھا ہے	333

عنوانات | صفحہ

عنوانات صفحہ

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

باب الباء

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

باب التاء

عنوانات صفحہ

باب الجیم

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو بحر العلم وعرفان سیّد السادات حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ اور محقق وقت' بحر العلوم' امام الواصلین' حجۃ الواصلین' تاجدار گولڑہ شریف حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ قدس سرہٗ العزیز اور امام عالرفین سلطان الفقر سیّدی مرشدی حضرت پیر سیّد غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی قدس سرہٗ العزیز' جانشین سلطان الفقر' وارثِ علومِ دستگیریہ' علمی مشائخ سروبہ شریف سیدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی دام اللہ ظلہ کے اسماء گرامی سے منسوب کرتا ہے۔ جن کے روحانی تصرفات نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی' ان کے طفیل اللہ عزوجل میری اس سعی کو مقبول' مفید اور میرے لیے ذریعۂ نجات ہے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

احقر العباد: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج وسنگیاں

☆☆☆☆☆

الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر' استاذی المکرّم مفتی گل احمد خان عتیقی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور محافظِ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحادِ اہل سنت' مجاہدِ اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور مفکرِ اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نعیمیہ للبنات کی خدمت عالیہ میں بصد عقیدت واحترام پیش کرتا ہے جن کی محنت شاقہ اور شفقت بے بہا سے مجھ بے مایہ کو اللہ عزوجل نے اس قابل بنایا' یہ انہیں کا فیض ہے جس کی ادنیٰ جھلک اس صورت میں دیکھ رہے ہیں' اللہ عزوجل ان کے سایہ کو سلامت وقائم ودائم رکھے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت' شہرت' عظمت اور ناموری کے لیے گوناگوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان وسکون نہیں پاتا' آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

ءَالا بذكر الله تطمئن القلوب .

کے دلوں کا اطمینان وسکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت' نوافل' خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال واعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے' البتہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی' تقریری' تالیفی وتصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی ومحافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو' بہرحال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی ومصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نثری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی' صحیح ابن حبان' صحیح ابن خزیمہ' مسند حمیدی' المعجم الاوسط' شرح المعجم الصغیر للطبرانی جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھرکم کتب کے تراجم کرائے جارہے ہیں جو انشاء اللہ جلد یا بدیر شائع کیے جائیں گے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں امام طبرانی کی مشہور ومعروف کتاب **''المعجم الكبير للطبرانی''** جو حدیث کی مایہ ناز کتب ہے' اس کا ترجمہ پیش کررہے ہیں' کتاب کے ٹائٹل' جلد' بائنڈنگ اور سیٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

مولانا نے اس کتاب کی فہرست کو بھی **''المعجم الاوسط للطبرانی''** کی طرح فقہی ترتیب پر مرتب کیا ہے' جس سے قارئین کو مسائل کے حوالے سے احادیث تلاش کرنے میں خاصی آسانی ہوگی۔

ہم اسے نہایت عقیدت ومحبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کررہے ہیں۔

کتاب کی بارہا پروف ریڈنگ کروائی گئی ہے اور کتاب کو اپنی طرف سے غلطیوں سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے' تاہم پھر بھی اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہے تو نشاندہی ضرور کریں تاکہ ادارہ اس کی تصحیح کر سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقرِ العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الکبیر کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کر سکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب، حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ، جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس و مفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد، سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

تقاریظ

الحمد للّٰہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علٰی سیّد الانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعالمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلهِ الْمُجْتبٰی وَعلٰی اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ۔

ایمان کے بعد علم دین بہت بڑی نعمت ہے، قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں علم دین اور علماءِ حق کے بہت فضائل بیان کیے گئے ہیں، چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہ من عبادہ العلماء'' کہ اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے ڈرنے والے صرف علماء ہی ہیں اور سورۂ مجادلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ (ترجمہ:) ''اللہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے درجے بلند فرمائے گا''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین میں فقاہت عطا فرماتا ہے''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس آدمی کو خوش و خرم اور تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی اور پھر اسے یاد رکھا اور محفوظ رکھا اور اسے دوسروں تک پہنچایا اور بہت لوگ دین کے حامل ہوتے ہیں مگر خود مستفید نہیں ہوتے اور بہت سے حاملانِ دین اس کو ایسے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہہ ہوتے ہیں''۔

اور بڑے سعادت منداور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خود راتیں جاگ کر اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کر کے کتبِ حدیث کے آسان تراجم کر کے عام لوگوں تک پہنچا کر سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دعا کے مستحق بنتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے، انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی، مدرس جامعہ رسولیہ شیرازی بھی ہیں جو صغرسنی ہی میں سات کتبِ احادیث کا ترجمہ کر کے خواص وعوام تک احادیث نبویہ کا تحفہ پیش کر رہے ہیں، یہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں وارفتگی کا نتیجہ ہے۔ مولانا ''**المعجم الاوسط**'' کا سات ضخیم جلدوں کے ترجمہ کے بعد اب ''**المعجم الکبیر**'' کا ترجمہ بھی بڑی سرعت کے ساتھ کر رہے ہیں، اس کی پہلی جلد کا ترجمہ آپ کے سامنے ہے۔

اس بابرکت اور عظیم المرتبت کتاب، رحمتِ کائنات، باعثِ تخلیقِ کائنات، شفیع المذنبین، سیّد الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کے پروانوں، جاںنثاروں، مستانوں اور دیوانوں کے فضائل اور ان کے روح پرور اور ایمان افروزی کے محبت بھرے پُرکشش واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور ایک مسلمان ان کی اداؤں پر مر مٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ جب میں اس کتاب اور اس کے ترجمے اور مترجم کے بارے میں کچھ لکھنے لگا تو ایک عظیم حادثے کی اطلاع ملی جس کی وجہ سے میرا ذہن ماؤف ہو گیا ہے، بہرحال اللہ تعالیٰ مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی کے علم، عمل، زہد و تقویٰ اور جذبۂ اشاعتِ دینِ اسلام اور اشاعتِ احادیث میں مزید ترقی عنایت کرے اور ان کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ان کے لیے آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

حررہ محمد گل احمد خان عتیقی
خادم الحدیث الشریف جامعہ ہجویریہ
معارف اولیاء داتا دربار لاہور

☆☆☆☆☆

شیخ الحدیث والتفسیر' جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجہ' ابوداؤد' مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حامدًا و مصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے' اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی' معجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب ''**المعجم الکبیر للطبرانی**'' کا ترجمہ کر رہے ہیں' میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے' ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے' ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے درپے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جاسکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں مدد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں' آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہ

ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر' انگلینڈ

سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم!

نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم ۔ اما بعد!

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی سلسلۂ نبوت ورسالت کو جاری فرما کر انسان کی ہدایت کا سامان پیدا فرما دیا تھا' اس طرح نوعِ انسانی کی فلاح وکامیابی کے دو بنیادی راستے رہے ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا حکم

(۲) انبیاء کرام علیہم السلام کا طریق

اہل اسلام کی رہنمائی کے لیے یہی دو سرچشمے قرآن وحدیث کے نام سے موسوم ہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

''وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم'' (النحل ۱۶:۴۴)

''ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طرف قرآن نازل کیا' تا کہ آپ لوگوں کو وہ بیان کریں جو (شریعت) ان کی طرف نازل کی گئی ہے''۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

''ترکت فیکم امرین لن تضلوا ما تمسکتم بھما: کتاب اللّٰہ وسنۃ نبیہ'' (مؤطا امام مالک:۱۵۹۴)

''میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں' جب تک تم ان دونوں کو تھامے رکھو گے' گمراہ نہ ہو گے' وہ دونوں چیزیں: قرآن اور سنت ہیں''۔

حدیث وسنت' قرآن مجید کی تشریح وتفسیر کا نام ہے' اس لیے اہلِ اسلام نے حدیثِ مبارکہ کی نشر واشاعت' جمع و تدوین' تشریح وتبیین اور محفوظ کرنے کے لیے دورِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے عصرِ حاضر تک کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں چھوڑا' اس کام کے لیے ہزاروں' لاکھوں لوگوں نے کروڑوں صفحات لکھے اور تقریباً اسی تعداد سے شاگرد پیدا کیے' تیسری اور چوتھی صدی ہجری اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ ان دو صدیوں میں علم حدیث اور متعلقاتِ حدیث کے علوم کو عروج حاصل ہوا' انہیں چند ایک عظیم محدثین میں امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر طبرانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں' آپ کی ولادت ماہ صفر ۲۶۰ھ اور وفات ۲۸ ذیقعدہ ۳۶۰ھ ہے' اس طرح علم وعرفان کا یہ مینارہ تقریباً ایک صدی تک حکمت ودانائی کے ساتھ ضیاء پاشیاں کرتا رہا' آپ کی تصانیف کی تعداد چالیس (۴۰) سے زائد ہے' ان میں سے تین کتب احادیث (**المعجم الکبیر' المعجم الاوسط' المعجم الصغیر**) کو شہرتِ دوام حاصل ہوئی ہے۔

تقاریظ

مرورِ زمانہ کے ساتھ براہِ راست قرآن وحدیث اور عربی کتب سے استفادہ کرنے والے اہلِ علم کم ہوتے جارہے ہیں' اور عصرِ حاضر میں یہ تعداد اور زیادہ کم ہوگئی ہے' اس پر مستزاد یہ کہ اُردو دان اور انگریزی دان طبقہ محض جہالت کی بنیاد پر قرآن مجید اور خاص طور پر احادیث مبارکہ پر اپنے خاص انداز سے تنقید کر کے تشکیک کا سامان پیدا کر رہا ہے۔

ایسی صورتِ حال میں اہلِ علم کے لیے لازم تھا کہ وہ قرونِ اولیٰ کے علمی ورثہ کو اُردو زبان میں منتقل کریں تا کہ صدیوں قبل لکھے گئے علمی ورثہ سے عام لوگ بھی مستفید ہوسکیں۔ الحمد للہ! اس صورتِ حال سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ادارہ ''پروگریسو بکس' لاہور'' نے مختلف جہات سے کوششوں کو جاری رکھا ہوا ہے' اور اسی کی ایک کڑی کتب احادیث کا اُردو قالب میں ڈھالنا ہے' اس کے لیے برادرم مکرم نوجوان مدرس مترجم وقلمکار علامہ غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت انہیں میسر ہیں' اس نوجوان مذہبی دانشور نے اس سے پہلے مشہور کتب احادیث: ''مسند ابوداؤد طیالسی' المعجم الصغیر (طبرانی)' المعجم الاوسط (طبرانی) کو عربی سے اُردو قالب میں ڈھالا ہے' جو کہ اہلِ علم وتدریس کے ہاتھوں دادِ تحسین اور پذیرائی حاصل کر چکے ہیں' اب اسی سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے ہمارے اس مخلص وحکیم ساتھی نے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور متداول کتاب ''**المعجم الکبیر**'' کا اُردو ترجمہ کیا ہے' میں نے اس ترجمہ کی چیدہ چیدہ ورق گردانی کی ہے' یہ کافی حد تک سلاست وروانی کو سموئے ہوئے ہے' اللہ تعالیٰ مترجم مذکور کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور ان کے تمام علمی جواہر پاروں کا نفع دائمی فرمائے۔ آمین! **بجاہ النبی الکریم وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ محمدٍ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین!**

ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان سندرانی لاہوری
ناظمِ اعلیٰ: جامعہ علمیہ' اچھرہ' لاہور

☆☆☆☆☆

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

ان الحمد للہ تعالیٰ وصل اللھم علی سید الانبیاء وعلی الہ واصحابہ بررۃ التقی امابعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم :ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا صدق اللہ العظیم

مولای صلی وسلم دائماً ابدًا علی حبیبک خیر الخلق کلھم

تقاریظ

خالق ارض وسماوات اوراس کے محبوب مکرم نبی آخرالزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے آخری امت امت محمدیہ ﷺ کے لیے اولین وکافی سرچشمہ ہدایت کتاب وسنت کوقراردیاہے۔اس لیے حفاظت قرآن مجیداوراس کے علوم کے فروغ کے ساتھ قرونِ اولی سے ہی ملت اسلامیہ کے افرادنے ہردورمیں حفاظت حدیث اوراس کے علوم کے فروغ کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیے رکھیں، نبی کریمروف ورحیم ﷺ کی سنت وحدیث کی حفاظت ،اشاعت کتب حدیث کی تالیف اوران کی شروحات الغرض حدیث وسنت پرمختلف جہتوں سے علمی وتحقیقی کام امت کے مختلف قرون میں جاری رہااورتاحال جاری ہے۔

امت کے عظیم محدثین اوکبارعلماء میں علم حدیث کی عظیم اولازوال خدمت کرنے والے علماء میں سے ایک عظیم محدث حافظ ابوالقاسم سلیمان بن احمدالطبرانی ۳۶۰ھ ہیں جن کواللہ تعالیٰ نے سوسالہ زندگی عطافرمائی اورانھوں نے تیرہ سال کی عمرمیں حدیث کاسماع کیا۔علم حدیث میں آپ کامقام رفیع ہے۔

آپ کی تالیفات میں ایک گرانقدرتالیف''**المعجم الکبیر** ''ہےآپ کی اس تالیف پراردوخوان طبقہ اورعام قاری کے لیےادارہ پروگریسوبکس کی طرف س اس کتاب کااردوترجمہ پیش کیاجارہاہے۔جس کی سعادت حضرت مولاناغلام دستگیرسیالکوٹی کومیسرآئی ہے۔ادارہ کی علوم دینیہ تفسیر،حدیث اورفقہ وغیرہ کے لیےطباعتی خدمات اورکاوشیں مثالی ہیں۔محترم چوہدری غلام رسول صاحب اوران کے صاحبزادگان شہباز رسول ، جواد رسول اورشہزادرسول نہ صرف کاروباری نقطہ نظرسے بلکہ علوم دینیہ کی محبت اورخدمت کے جذبہ سے سرشارشب وروزکوشاں نظرآتے ہیں۔"**المعجم الکبیر** " کایہ اردوترجمہ بھی اسی سلسلہ میں ایک عمدہ اضافہ ہے۔مولاناغلام دستگیرسیالکوٹی صاحب نے"**المعجم الکبیر** " کاعمدہ ترجمہ کیاہےالبتہ بعض مقامات پربامحاورہ ترجمہ کی بجائےلفظی ترجمہ کوترجیح دی گئی ہے باقی جلدوں میں بامحاورہ ترجمہ کوترجیح دی جائےتویہ زیادہ بہترہوگا۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

میں دعا ہے کہ سنت وحدیث کی یہ خدمت مترجم اورادارہ کے لیے صدقہ جاریہ بنے، دین ودنیا میں کامیابی وسرخروئی بالخصوص اخروی سعادتوں کے حصول کا ذریعہ بنے۔

آمین بجاہ سید المرسلین

ڈاکٹر مفتی محمد حسیب قادری

استاد الفقہ والحدیث المرکز الاسلامی شاد باغ، لاہور

خطیب: جامعہ نعیمیہ، لاہور

☆☆☆☆☆

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

- ☆ احمد بن عبدالقاہر
- ☆ حسن بن سہل
- ☆ حفص بن عمر
- ☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
- ☆ ابوزرعہ دمشقی
- ☆ احمد بن انس
- ☆ بشر بن موسیٰ
- ☆ یحییٰ بن ایوب علاف
- ☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
- ☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
- ☆ ادریس بن جعفر عطاء
- ☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جمادہ

(۵) مسند عمارة بن غزیہ
(۶) احادیث ابی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حریث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالویہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا صغیر ہے' جاننا چاہیے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہرت نصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور بہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دارقطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمٰن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبا لے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن' مصر' بغداد' کوفہ' بصرہ' اصفہان' جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر وسیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی' بشر بن موسیٰ' ادریس عطاء' ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے' ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں' میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے' حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا کرتے تھے' اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تا کہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے' اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں' جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی' جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم' محمد بن یوسف فریابی' ح' علی بن عبدالعزیز' ابوحذیفہ' سفیان' منصور' ذر بن عبداللہ' یسیع حضرمی' نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے' پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمۃ الباب منعقد کیا ہے' یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں' وہ عنقریب ذلت وخواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے' کتاب المسالک' کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ' یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف شدہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی' چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دُنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے روبرو مشہور محدث ابوبکر جعابی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایں جا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خليفة قال حدثنا سليمانُ بن ايوبَ ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تا کہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ يَقِيْسُ عَلٰى نَفْسِهٖ ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا ردّ کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

مقدمة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَصَلَوَاتُهُ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ أَجْمَعِينَ، هَذَا الْكِتَابُ أَلَّفْنَاهُ جَامِعًا لِعَدَدِ مَا انْتَهَى إِلَيْنَا مِمَّنْ رَوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، عَلَى حُرُوفِ أَلِفٍ ب ت ث، بَدَأْتُ فِيهِ بِالْعَشْرَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، لِأَنْ لَا يَتَقَدَّمَهُمْ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، خَرَّجْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ حَدِيثًا وَحَدِيثَيْنِ وَثَلَاثًا وَأَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى حَسَبِ كَثْرَةِ رِوَايَتِهِمْ وَقِلَّتِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنَ الْمُقِلِّينَ خَرَّجْتُ حَدِيثَهُ أَجْمَعَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ رِوَايَةٌ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَهُ ذِكْرٌ مِنْ أَصْحَابِهِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ تَقَدَّمَ مَوْتُهُ ذَكَرْتُهُ مِنْ كُتُبِ الْمَغَازِي وَتَارِيخِ الْعُلَمَاءِ، لِيُوقَفَ عَلَى عَدَدِ الرُّوَاةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذِكْرِ أَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَسَنُخْرِجُ مُسْنَدَهُمْ بِالِاسْتِقْصَاءِ عَلَى تَرْتِيبِ الْقَبَائِلِ بِعَوْنِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

مقدمہ

اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان'
ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے' اس کی رحمتیں اس کے نبی پر جن کا نام نامی اسم گرامی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اور ان کی تمام آل پر۔ ہم نے اس کتاب کو تالیف کیا اس حال میں کہ یہ اکٹھا کرنے والی ہے' اس تمام تعداد کو جو ہم تک پہنچی ہے' ان حضرات میں سے جنہوں نے بلاواسطہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایات کی ہیں' خواہ وہ مرد ہیں یا عورتیں۔ اس کو الف' با' تا اور ثا حروف کی ترتیب پر جمع کیا ہے' میں نے عشرہ مبشرہ سے اس میں ابتداء کی ہے کیونکہ ان کے علاوہ کوئی بھی ان پر مقدم نہیں ہے' میں نے ہر شخصیت سے ایک' دو' تین یا اس سے زیادہ حدیثیں ضرور روایت کی ہیں کیونکہ کسی کی روایات زیادہ اور کسی کی کم ہیں' جن کی روایات کم ہیں' میں نے اس کی جامع حدیث روایت کی ہے اور جس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کوئی ایک حدیث بھی روایت نہیں کی لیکن اس کا نام ان صحابہ کرام کی فہرست میں ہے جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ مل کر کسی غزوہ میں شہادت پائی یا اس کی موت کو تقدم حاصل ہے' یعنی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور میں فوت ہوا' تو میں نے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے میں نے کتب مغازی اور

علماء کی تاریخ کے حوالے سے جو کتب تھیں' ان سے استفادہ کیا ہے۔ مقصد صرف اتنا تھا کہ لوگ' رسول کریم ﷺ سے روایت کرنے والے تمام حضرات اور آپ ﷺ کے صحابہ کے ذکر سے واقف وآگاہ ہوں۔ ان شاءاللہ وحدہٗ! میرا ارادہ ہے (اگر زندہ نے وفا کی) قبائل کی ترتیب کے مطابق' اللہ کی مدد اور اس کی عطا کردہ قوت سے عنقریب ان کی مسانید مکمل طور پر روایت کروں گا۔

نِسْبَةُ اَبِی بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَاسْمُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت' آپ کا نام ابوبکر بن عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

1 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ، شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُمُّ الْخَيْرِ سَلْمَى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ، وَاُمُّ اُمِّ الْخَيْرِ: دِلَافُ وَهِيَ اُمَيْمَةُ بِنْتُ عُبَيْدِ بْنِ نَاقِدِ الْخُزَاعِيِّ، وَجَدَّةُ اَبِي بَكْرٍ: اُمُّ اَبِي قُحَافَةَ اَمِينَةُ بِنْتُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ حُرْثَانَ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُوَيْجِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نام عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے' آپ بدر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ موجود تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا نام اُم الخیر سلمٰی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالک ہے۔

آپ کی نانی کا نام دلاف اُمیمہ بنت عبید بن ناقد الخزاعی' حضرت ابوبکر کی دادی کا نام اُم ابوقحافہ امینہ بنت عبدالعزیٰ بن حرثان بن عوف بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب۔

2 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ،

حضرت ہیثم بن عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام اُم الخیر بنت

1- تنظر ترجمته فی الاصابة جلد7صفحه44' والاستیعاب جلد3صفحه963 .

قَالَ: أُمُّ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ الْخَيْرِ بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، وَهَلَكَ أَبُو بَكْرٍ فَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ جَمِيعًا، وَكَانَا قَدْ أَسْلَمَا، وَمَاتَتْ أُمُّ أَبِي بَكْرٍ قَبْلَ أَبِيهِ

صخر بن عامر ہے۔ حضرت ابوبکر کا وصال ہوا آپ کے ماں باپ دونوں آپ کے وارث بنے' دونوں مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا وصال آپ کے والد سے پہلے ہوا تھا۔

3 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ الشَّجَرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ خَازِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: أَسْلَمَتْ أُمُّ أَبِي بَكْرٍ، وَأُمُّ عُثْمَانَ، وَأُمُّ طَلْحَةَ، وَأُمُّ الزُّبَيْرِ، وَأُمُّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَأُمُّ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَيُقَالُ: عَتِيقُ بْنُ عُثْمَانَ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ عَتِيقًا لِحُسْنِ وَجْهِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان' حضرت طلحہ' حضرت زبیر حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم کی والدہ اسلام لا چکی تھیں' آپ کا نام عتیق بن عثمان تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ کا چہرہ بہت زیادہ خوبصورت تھا۔

4 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: إِنَّمَا سُمِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَتِيقًا لِجَمَالِ وَجْهِهِ، وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عتیق چہرے کے خوبصورت ہونے کی وجہ سے تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

5 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَفْصٍ عَمْرَو بْنَ عَلِيٍّ يَقُولُ: كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ

حضرت ابوحفص عمرو بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر گوشت کم تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ نے اپنے چہرے کو

3- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 415 رقم الحديث: 5584' عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس بلفظ: أسلمت ام ابي بكر الصديق وأم عثمان وأم طلحة وأم عمار بن ياسر وام عبد الرحمن بن عوف وام الزبير وأسلم سعد وأمه في الحياة ـ

4- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 69' عن الليث بن سعد به ـ

عَتِيقًا لِعَتَاقَةِ وَجْهِهِ، وَكَانَ اسْمُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ، وَقَدْ رُوِيَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

(جہنم سے) آزاد کرلیا تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ حضورﷺ نے آپ کا نام عتیق اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

6 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ اَبِي قَيْسٍ الْبُخَارِيُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ اسْمِ اَبِي بَكْرٍ، فَقَالَتْ: عَبْدُ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ: عَتِيقٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا قُحَافَةَ كَانَ لَهُ ثَلَاثَةٌ فَسَمَّى وَاحِدًا عَتِيقًا، وَمُعَيْتِقًا، وَمُعْتَقًا

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے نام کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کا نام عبداللہ ہے۔ میں نے عرض کی: لوگ تو آپ کو عتیق کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حضرت ابوقحافہ نے آپ کے تین نام رکھے تھے: ایک نام عتیق' معتِق' معتَقا۔

7 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ حضورﷺ نے آپ کا نام اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

8 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا حَبِيبُ بْنُ زُرَيْقٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: كَانَ اسْمُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

7- أخرجه نحوه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد 2 صفحه 350 .

9 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ إِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: إِنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: أَنْتَ عَتِيقٌ مِنَ النَّارِ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا

حضرت اسحاق بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اُم المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: حضرت ابوبکر' حضورﷺ کے پاس آئے تو آپﷺ نے فرمایا: تُو جہنم سے آزاد ہے! اس دن سے آپ کا نام عتیق رکھا گیا۔

10 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، وَأَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى عَتِيقٍ مِنَ النَّارِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَى هَذَا . قَالَتْ: وَاسْمُهُ الَّذِي سَمَّاهُ أَهْلُهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضورﷺ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: جس کا ارادہ اُس کو دیکھنے کا ہو جو جہنم سے آزاد ہو چکا ہے تو وہ ابوبکر کو دیکھ لے۔ آپ کا نام گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان رکھا ہوا تھا۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: لَا نَعْلَمُ أَرْبَعَةً أَدْرَكُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبْنَاؤُهُمْ، إِلَّا

حضرت موسیٰ بن عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے ہیں کوئی بھی ایسے چار افراد جنہوں نے حضورﷺ کا زمانہ پایا ہو وہ مسلمان ہوئے ہوں مگر وہ یہی درج ذیل چار ہیں: ابوقحافہ' ابوبکر' عبدالرحمٰن' ابوعتیق بن عبدالرحمٰن۔ ابوعتیق کا نام محمد ہے۔ (نوٹ: ابوبکر'

9- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد1صفحه71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد2صفحه350 .

10- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3صفحه64 رقم الحديث: 4404' وأبو يعلى الموصلي في مسنده جلد8 صفحه302 رقم الحديث: 4899 .

هٰؤُلاءِ الْاَرْبَعَةَ: اَبُو قُحَافَةَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، وَاَبُو عَتِيقٍ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاسْمُ اَبِي عَتِيقٍ مُحَمَّدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ کے والد گرامی ابوقحافہ آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن اور پوتے ابوعتیق محمد ہیں' یہ صحابیت کا شرف پانے والے ہیں لیکن ان کے علاوہ کوئی نہیں)

12 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ جَلَسَ مَعَ شُفَيٍّ الْاَصْبَحِيِّ فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ بَعْدِي اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحَى دَارَةٍ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيَمُوتُ شَهِيدًا . قِيلَ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے' ابوبکر صدیق وہ میرے بعد کم مدت رہیں گے' چکی چلانے والا عزت سے زندگی گزارے گا اور شہادت کی موت پائے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہے۔ پھر آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سے لوگ قمیص اُتارنے کی کوشش کریں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر کوئی اُتارے گا تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس طرح سوئی کے ناکے میں سے اونٹ داخل ہوجائے۔

13 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خلافت تیس سال رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی' دو سال خلافت حضرت ابوبکر کی' دس سال حضرت عمر کی' بارہ سال

12- أخرجه الطبرانی فی الأوسط جلد8صفحه319 رقم الحديث: 8749 .

13- أخرجه بهذا اللفظ علی بن الجعد فی مسنده جلد 1صفحه479 رقم الحديث: 3233' وابن أبی عاصم فی الآحاد والمثانی جلد 1صفحه116 رقم الحديث: 113' وفی السنة أيضًا جلد2صفحه563 رقم الحديث: 1180' وعبد الله بن أحمد فی السنة جلد2صفحه591 رقم الحديث: 1402 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا قَالَ: امْسَكْ ثِنْتَيْنِ اَبُو بَكْرٍ، وَعَشْرًا عُمَرُ، وَاثْنَتَيْ عَشْرَةَ عُثْمَانُ، وَسِتًّا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عثمان کی، چھ سال حضرت علی رضی اللہ عنہم کی ہو گی۔

14 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى حَكِيمِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَحْلِفُ: لَلّٰهُ اَنْزَلَ اسْمَ اَبِي بَكْرٍ مِنَ السَّمَاءِ الصِّدِّيقُ

حضرت ابو یحییٰ حکیم بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قسم اُٹھا کر یہ کہتے ہوئے سنا: حضرت ابوبکر کا نام صدیق اللہ عزوجل نے آسمان سے نازل کیا ہے۔

15 - حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَتْنِي اُمُّ هَانِئٍ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُسْرِيَ بِهِ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى قُرَيْشٍ فَاُخْبِرَهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ فَكَذَّبُوهُ، وَصَدَّقَهُ اَبُو بَكْرٍ فَسُمِّيَ يَوْمَئِذٍ الصِّدِّيقُ

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں نے قریش کی طرف جانے کا ارادہ کیا کہ ان کو بتاؤں، تو میں نے ان کو بتایا تو اُنہوں نے جھٹلایا، حضرت ابوبکر نے اس کی تصدیق کی، اس دن سے آپ کا نام صدیق رکھا گیا ہے۔

صِفَةُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

16 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرِسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قریش کے تین آدمی اچھے چہرے، اچھے اخلاق اور حیاء والے تھے، آپ کو بتاؤں تو آپ نے جھٹلانا نہیں، اگر تم

15- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 83 رقم الحديث: 39، بهذا اللفظ مع اختلاف بسيط من طريق عكرمة عن ام هانيء بنت أبي طالب عنها .

بْنَ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ اَصْبَحُ قُرَيْشٍ وُجُوهًا، وَاَحْسَنُهَا اَخْلَاقًا، وَاَثْبَتُهَا حَيَاءً، اِنْ حَدَّثُوكَ لَمْ يَكْذِبُوكَ، وَاِنْ حَدَّثْتَهُمْ لَمْ يُكَذِّبُوكَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَاَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بتاؤ گے تو تمہیں جھٹلایا نہیں جائے گا' وہ تین افراد ابوبکرصدیق' ابوعبیدہ بن جراح' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ حناء اور کتم اور مہندی کے ساتھ خضاب لگاتے تھے۔

18 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَرْدًا،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف حناء کے ساتھ رنگتے تھے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت منقول ہے۔

19 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف مہندی لگاتے تھے۔

-18 اخرجه ابو بكر الشيباني في الآحاد والمثاني جلد1 صفحه98 رقم الحديث: 73 من طريق معمر عن قتادة وثابت عن أنس باسناده: أن عمر خضب بالحناء بحتا .

20 - ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، أَنَّهَا رَأَتْ رَجُلًا مَارًّا، وَهِيَ فِي هَوْدَجِهَا فَقَالَتْ: مَا رَأَيْتُ رَجُلًا أَشْبَهَ بِأَبِي بَكْرٍ مِنْ هَذَا ، فَقِيلَ لَهَا: صِفِي لَنَا أَبَا بَكْرٍ، فَقَالَتْ: كَانَ رَجُلًا أَبْيَضَ نَحِيفًا خَفِيفَ الْعَارِضَيْنِ، أَحْنَا لَا تَسْتَمْسِكُ إِزْرَتُهُ، تَسْتَرْخِي عَنْ حَقْوَيْهِ، مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، غَائِرَ الْعَيْنَيْنِ، نَاتِءَ الْجَبْهَةِ، عَارِيَ الْأَشَاجِعِ هَذِهِ صِفَتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں (ھودج) میں تھی میں نے ایک آدمی کو گزرتے ہوئے دیکھا میں نے اس آدمی کو حضرت ابوبکر کے مشابہ دیکھا آپ سے عرض کی گئی: ہم کو حضرت ابوبکر کا حلیہ بتائیں! آپ نے فرمایا: آپ کا رنگ سفید تھا رخسار اندر کو دبے ہوئے تھے آپ کا پیٹ بڑا تھا جس کی وجہ سے آپ کا تہبند ٹھہرتا نہیں تھا کھسک جاتا تھا چہرے پر گوشت کم تھا پیشانی پسینے میں ڈوبی رہتی نظریں جھکائے رکھتے پیشانی اُبھری ہوئی تھی انگلیوں کی جڑیں گوشت سے خالی تھیں۔

21 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ أَنْعَمَ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ وَهُوَ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحْمَرَ اللِّحْيَةِ قَانِيَهَا

حضرت عمارہ بن غراب اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ تھے آپ کی داڑھی مبارک سرخ تھی۔

22 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حناء مہندی لگاتے تھے۔

23 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ أَبِي عَوْنٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي أَسَدٍ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي غَزْوَةِ ذَاتِ السَّلَاسِلِ، وَكَأَنَّ لِحْيَتَهُ لَهَبُ الْعَرْفَجِ، عَلَى نَاقَةٍ لَهُ أَدَمًا أَبْيَضَ خَفِيفًا

حضرت سعید بن ابوسعید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ حضرت ابورافع' حضرت امام حسین بن علی رضی اللہ عنہما کے پاس سے گزرے' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے' آپ نے اپنے بالوں کو اکٹھا کر کے اپنی گدی پر باندھا ہوا تھا' حضرت ابورافع نے انہیں کھول دیا' حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ حالت غصہ میں ان کی طرف متوجہ ہوئے تو حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ اپنی نماز پڑھیں اور غصہ نہ فرمائیں کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: یہ شیطان کا حصہ ہے۔ اور فرمایا: شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے' یعنی جہاں بال باندھے ہوتے ہیں۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلَى عَلِيٍّ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ

حضرت علی کے غلام حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

987 - حَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْقَاضِي، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ کے غلام حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا' آپ کو جھنڈا دیا' جب

986- أخرجه الترمذي في سننه جلد 2صفحه223 رقم الحديث: 384' والحاكم في مستدركه جلد 1صفحه393 رقم الحديث: 963' وابن خزيمة في صحيحه جلد2صفحه58 رقم الحديث: 911 كلهم عن سعيد بن أبي سعيد عن أبيه عن أبي رافع به .

الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اِلَى الْيَمَنِ فَعَقَدَ لَهُ لِوَاءً، فَلَمَّا مَضَى قَالَ: يَا اَبَا رَافِعٍ، الْحَقْهُ وَلَا تَدَعْهُ مِنْ خَلْفِهِ، وَلْيَقِفْ وَلَا يَلْتَفِتْ حَتَّى اَجِيئَهُ، وَاَتَاهُ فَاَوْصَاهُ بِاَشْيَاءَ، فَقَالَ: يَا عَلِيُّ، لَاَنْ يَهْدِيَ اللّٰهُ عَلَى يَدِكَ رَجُلًا خَيْرٌ لَكَ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ

حضرت علی رضی اللہ عنہ گئے تو آپ نے فرمایا: رافع! اس کوملو جواس کے پیچھے ہے اس کو نہ چھوڑو اور ٹھہرو متوجہ نہ ہونا یہاں تک کہ میں آؤں۔ آپ آئے' کچھ اشیاء کی وصیت کی۔ فرمایا: اے علی! اللہ عزوجل نے آپ کے ہاتھ پر کسی آدمی کو ہدایت دی تو تیرے لیے بہتر ہے' ہر اس چیز سے جس پر سورج طلوع ہوا۔

اَبُو اَسْمَاءَ مَوْلَى آلِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ

آلِ جعفر کے غلام ابواسماء' حضرت ابورافع سے روایت کرتے ہیں

988 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي يَحْيَى الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، مَوْلَى آلِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ: سَيَكُونُ بَيْنَكَ وَبَيْنَ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهَا اَمْرٌ قَالَ: اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: اَنَا مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِي؟ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَاَنَا اَشْقَاهُمْ؟ قَالَ: لَا، وَلَكِنْ اِذَا كَانَ ذَلِكَ فَارْدُدْهَا اِلَى مَاْمَنِهَا

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: آپ اور عائشہ کے درمیان کچھ معاملہ ہوگا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یارسول اللہ! میرے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اپنے ساتھیوں کے درمیان سے ہوں؟ آپ نے فرمایا: ہاں! حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں سب سے بڑا بدبخت ہوں گا؟ آپ نے فرمایا: نہیں! لیکن ایسا معاملہ ہوجائے تو عائشہ کو امن کی جگہ واپس بھیج دینا۔

اِبْرَاهِيمُ بْنُ خَلَّادِ بْنِ سُوَيْدٍ الْخَزْرَجِيُّ

حضرت ابراہیم بن خلاد بن سوید خزرجی رضی اللہ عنہ

989 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ، ثنا عَمِّي، ثنا اَبِي، عَنِ ابْنِ

حضرت حارث بن خزرج کے بھائی ابراہیم بن خلاد بن سوید خزرجی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت

اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي لَبِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ خَلَّادِ بْنِ سُوَيْدٍ الْخَزْرَجِيِّ، اَخِي بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ، قَالَ: اَتَى جِبْرِيلُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، كُنْ عَجَّاجًا ثَجَّاجًا

جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: اے محمد! بلند آواز سے اور پوری ہمت سے اپنے رب سے دعا کرنے والے ہو جائیں۔

اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَطَاءٍ الطَّائِفِيُّ

حضرت ابراہیم بن عطاء طائفی

990 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَابَهْرَامَ الْاَيْذَجِيُّ، ثنا الْجَرَّاحُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ هُرْمُزَ، حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، رَجُلٌ مِنَ الطَّائِفِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى يُكَلِّمُ النَّاسَ، يَقُولُ لَهُمْ: قَابِلُوا النِّعَالَ

حضرت عطاء بن ابراہیم' طائف کے ایک آدمی سے' وہ اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کو منیٰ میں لوگوں سے گفتگو کرتے ہوئے سنا: جوتیوں کا خیال رکھو۔

اَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ السَّكُونِيُّ، وَيُقَالُ لَقِيطُ بْنُ اَرْطَاةَ

حضرت ارطاۃ بن منذر السکونی' ان کو لقیط بن ارطاۃ بھی کہا جاتا ہے

991 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عُلَيٍّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، عَنْ اَخِيهِ اَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ السَّكُونِيِّ، اَنَّ آتِيًا اَتَاهُ، فَقَالَ: اِنَّ لَنَا جَارًا يَشْرَبُ الْخَمْرَ، وَيَاْتِي الْقَبِيحَ، فَاَنْهِي اَمْرُهُ اِلَى السُّلْطَانِ؟ قَالَ: لَقَدْ قَتَلْتُ بَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، مَا يَسُرُّنِي اَنِّي قَتَلْتُ مِثْلَهُمْ، وَاَنِّي كَشَفْتُ قِنَاعَ مُسْلِمٍ

حضرت ارطاۃ بن منذر السکونی سے روایت ہے کہ ایک آنے والا آیا' اُس نے کہا: ہمارا پڑوسی شراب پیتا ہے اور بُرائی کرتا ہے' اس کو منع کر سکتا ہوں' یا کیا اس کا معاملہ بادشاہ کے سپرد ہے؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے ننانوے مشرکوں کو قتل کیا' مجھے پسند نہیں ہے کہ میں ان کی مثل کروں' اور یہ پسند ہے کہ میں مسلمان کا پردہ کھولوں۔

الْاَسْقَعُ الْبَكْرِيُّ

992 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ عَطَاءٍ، اَنَّ مَوْلَى ابْنِ الْاَسْقَعِ رَجُلُ صِدْقٍ، اَخْبَرَهُ، عَنِ الْاَسْقَعِ الْبَكْرِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُمْ فِي صِفَةِ الْمُهَاجِرِينَ، فَسَاَلَهُ اِنْسَانٌ اَيُّ آيَةٍ فِي الْقُرْآنِ اَعْظَمُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (اللّٰهُ لَا اِلَهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَاْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ) (البقرة:255)

حضرت اسقع البکری رضی اللہ عنہ

حضرت اسقع البکری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ مہاجرین کے پاس آئے' آپ سے کچھ لوگوں نے پوچھا: قرآن کی بڑی آیت کون سی ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: "اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الی آخرہٖ"۔

اَسْلَمُ بْنُ بَجْرَةَ الْاَنْصَارِيُّ، ثُمَّ الْخَزْرَجِيُّ

993 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ السَّرْحِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، عَنِ ابْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْلَمَ بْنِ بَجْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ، اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَسْلَمَ بْنِ بَجْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ جَعَلَهُ عَلَى اُسَارَى قُرَيْظَةَ، فَكَانَ يَنْظُرُ اِلَى فَرْجِ الْغُلَامِ، فَاِذَا رَآهُ قَدْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ ضَرَبَ عُنُقَهُ، وَاَخَذَ مَنْ لَمْ يُنْبِتْ فَجَعَلَهُ فِي مَغَانِمِ الْمُسْلِمِينَ

حضرت اسلم بن بجرہ انصاری' پھر خزرجی رضی اللہ عنہ

حضرت اسلم بن بجرہ سے روایت ہے' وہ رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے انہیں قبیلہ بنوقریظہ کے قیدیوں پر اس کام کے لیے مقرر کیا کہ وہ دیکھیں کس بچے کی شرمگاہ پر بال آئے ہیں اور کس کے نہیں اُگے' پس وہ ایسا کرتے رہے جس کے بال اُگے ہوئے ہوتے اُس کی گردن اُڑا دیتے اور جس کے نہ اُگے ہوتے اسے مسلمانوں کے مالِ غنیمت میں شمار کر دیتے۔

اَسَدُ بْنُ كُرْزٍ الْبَجَلِيُّ

حضرت اسد بن کرز بجلی

ثُمَّ الْقُشَيْرِيُّ

پھر قشیری رضی اللہ عنہ

994 - حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النَّحْوِيُّ الصُّورِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ أَرْطَاةَ بْنِ الْمُنْذِرِ، عَنِ الْمُهَاصِرِ بْنِ حَبِيبٍ الزُّبَيْدِيِّ، عَنْ أَسَدِ بْنِ كُرْزٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَسَدُ بْنَ كُرْزٍ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِعَمَلٍ، وَلَكِنْ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ قُلْتُ: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَلَا أَنَا، إِلَّا أَنْ يَتَلَافَانِي اللّٰهُ - أَوْ يَتَغَمَّدَنِي اللّٰهُ - مِنْهُ بِرَحْمَةٍ

حضرت اسد بن کرز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اے اسد بن کرز! تم میں کوئی بھی جنت میں اپنے عمل کے ذریعے نہیں جائے گا بلکہ اللہ کی رحمت کے صدقہ جائے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بھی نہیں؟ آپ نے فرمایا: میں بھی نہیں! فرق یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے مجھے اپنی رحمت کے ساتھ ڈھانپ لیا ہے۔

995 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُذُوعِيُّ الْقَاضِي، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ الْعَمِّيُّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ صَدْرَانَ، قَالُوا: ثنا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحَاقَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَوْسَطَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ جَدِّهِ أَسَدِ بْنِ كُرْزٍ، سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْمَرَضَ لَيُذْهِبُ الْخَطَايَا كَمَا يَتَحَاتُّ وَرَقُ الشَّجَرِ

حضرت اسد بن کرز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: بیماری گناہوں کو اس طرح ختم کرتی ہے جس طرح موسم خزاں میں درختوں کے پتے جھڑتے ہیں۔

أَزْهَرُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الزُّهْرِيُّ

حضرت ازھر ابوعبدالرحمٰن زہری رضی اللہ عنہ

996 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نَافِعٍ الطَّحَّانُ الْمِصْرِيُّ، ثنا أَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، قَالَ:

حضرت عبدالرحمٰن بن ازھر الزہری اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس خیبر میں

وَجَدْتُ فِي كِتَابِ خَالِي، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ اَزْهَرَ الزُّهْرِيَّ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِشَارِبٍ وَهُوَ بِخَيْبَرَ فَحَثَى فِي وَجْهِهِ التُّرَابَ، ثُمَّ اَمَرَ اَصْحَابَهُ فَضَرَبُوهُ بِنِعَالِهِمْ، وَبِمَا كَانَ فِي اَيْدِيهِمْ، حَتَّى قَالَ لَهُمْ: ارْفَعُوهُ فَرَفَعُوا فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتِلْكَ سُنَّتُهُ، ثُمَّ جَلَدَ اَبُو بَكْرٍ فِي الْخَمْرِ اَرْبَعِينَ، ثُمَّ جَلَدَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ اَرْبَعِينَ صَدْرًا مِنْ اِمَارَتِهِ، ثُمَّ جَلَدَ ثَمَانِينَ فِي آخِرِ خِلَافَتِهِ ، ثُمَّ جَلَدَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ الْحَدَّ اَرْبَعِينَ، ثُمَّ مُعَاوِيَةُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُ ثَمَانِينَ

ایک شرابی لایا گیا' اس کے منہ میں مٹی ڈالی گئی' پھر آپ نے اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ اس کو جوتے مارو اور جوان کے پاس ہے۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں سے کہا: اسے اُٹھاؤ! تو لوگوں نے اسے اُٹھایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال تک یہ طریقہ چلتا رہا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے شراب پینے کی سزا چالیس کوڑے مقرر کی' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے ابتدائی دور میں چالیس کوڑے مقرر کی' پھر خلافت کے آخر میں اسی کوڑے مقرر کی' پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں چالیس کوڑے مقرر کی گئی' پھر حضرت امیر معاویہ کے دور میں اسّی کوڑے مقرر کیے گئے۔

997 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ مَخْشِيٍّ، عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ، اَنَّ اَبَاهُ الْفِرَاسِيَّ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَسْاَلُ؟ قَالَ: لَا، وَاِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ سَائِلًا، فَسَلِ الصَّالِحِينَ

حضرت ابن الفراسی سے روایت ہے کہ ابوالفراسی نے بتایا کہ وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: یارسول اللہ! میں آپ سے مانگتا ہوں۔ آپ نے فرمایا: نہ مانگو! اگر ضرور مانگتا ہے تو نیک لوگوں سے مانگ۔

بَابُ الْبَاءِ

بَلَالُ بْنُ رَبَاحٍ مُؤَذِّنُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهِدَ بَدْرًا، يُكَنَّى

باب الباء

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ' آپ بدر کی جنگ میں شریک ہوئے'

اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ

آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے

998 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت ابوبکر کے غلام حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا بھی ہے۔

999 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: بِلَالٌ مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ بدر میں جو شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت ابوبکر کے غلام کا بھی ہے۔

1000 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ بِلَالٌ مَوْلَى اَبِي بَكْرٍ، وَيُقَالُ: اِنَّهُ تِرْبُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِدِمَشْقَ فِي الطَّاعُونِ، وَدُفِنَ عِنْدَ بَابِ الصَّغِيرِ، وَيُكَنَّى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ فِي سَنَةِ سَبْعٍ، اَوْ ثَمَانَ عَشْرَةَ، وَهُوَ مِنْ مُوَلَّدِي السَّرَاةِ، وَيُقَالُ: بِلَالٌ، يُكَنَّى اَبَا عَمْرٍو

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کے غلام حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' کہا جاتا ہے کہ حضرت ابوبکر کے ہم عمر تھے' آپ کا وصال دمشق میں طاعون کی بیماری میں ہوا' چھوٹے دروازے کے پاس دفن کیا گیا' آپ کی کنیت ابوعبداللہ تھی' سترہ یا اٹھارہ ہجری میں آپ مولدی سراہ سے تھے' آپ کو بلال کہا جاتا تھا' آپ کی کنیت ابوعمرو تھی۔

1001 - وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَعْتَقَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَبْعَةً مِمَّنْ كَانَ يُعَذَّبُ فِي اللّٰهِ، مِنْهُمْ بِلَالٌ، وَعَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ایسے سات افراد کو آزاد کیا جن کو اللہ کی راہ میں عذاب دیا جاتا تھا' ان میں سے حضرت بلال اور عامر بن فہیرہ تھے۔

1002 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو مُسْهِرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا عُمَيْرُ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی بیوی حضرت ھند فرماتی ہیں کہ حضرت بلال جب سوتے تو یہ دعا کرتے:

بْنُ هَانِءٍ، عَنْ هِنْدٍ امْرَاَةِ بِلَالٍ، قَالَتْ: كَانَ بِلَالٌ إِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ قَالَ: اللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِي وَاعْذُرْنِي بِعِلَّاتِي

اے اللہ! میرے گناہوں سے درگزر کر اور میری کمزوریوں میں میرا عذر قبول فرما!

1003 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: قَالَ بِلَالٌ لِاَبِي بَكْرٍ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: اِنْ كُنْتَ اشْتَرَيْتَنِي لِنَفْسِكَ فَاَمْسِكْنِي، وَاِنْ اَعْتَقْتَنِي لِلّٰهِ فَذَرْنِي اَعْمَلْ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت قیس بن ابوحازم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال نے حضرت ابوبکر سے عرض کی جس وقت رسول اللہ ﷺ کا وصال ہوا: اگر آپ نے مجھے اپنی ذات کے لیے خریدا تھا تو مجھے روک لیں اور اگر مجھے اللہ کے لیے آزاد کیا تو مجھے چھوڑ دیں تاکہ میں اللہ کے لیے عمل کروں۔

1004 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: جَاءَ بِلَالٌ اِلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَهُوَ بِالشَّامِ، وَحَوْلَهُ اُمَرَاءُ الْاَجْنَادِ جُلُوسٌ، فَقَالَ: يَا عُمَرُ هَا اَنَا عُمَرُ، فَقَالَ بِلَالٌ: اِنَّكَ بَيْنَ اللّٰهِ وَبَيْنَ هَؤُلَاءِ، وَلَيْسَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ اللّٰهِ اَحَدٌ، فَانْظُرْ عَنْ يَمِينِكَ، وَعَنْ شِمَالِكَ، وَبَيْنَ يَدَيْكَ، وَمِنْ خَلْفِكَ، اِنَّ هَؤُلَاءِ الَّذِينَ حَوْلَكَ اِنْ يَاْكُلُونَ اِلَّا لُحُومَ الطَّيْرِ فَقَالَ: صَدَقْتَ، وَاللّٰهِ لَا اَقُومُ مِنْ مَجْلِسِي هَذَا حَتَّى تَكَلَّفُونَ لِكُلِّ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ طَعَامَهُ، وَحَظَّهُ مِنَ الزَّيْتِ وَالْخَلِّ، فَقَالُوا: هَذَا اِلَيْكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ، فَقَدْ اَوْسَعَ اللّٰهُ عَلَيْنَا فِي الرِّزْقِ، وَاَكْثَرَ مِنَ الْخَيْرِ

حضرت قیس بن حازم فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضرت عمر کے پاس آئے اُس وقت حضرت بلال رضی اللہ عنہ ملک شام میں تھے گورنروں کا گروہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اردگرد تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: اے عمر! حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں عمر ہوں! حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ان کے اور اللہ کے درمیان آپ ہیں اور آپ کے درمیان اور اللہ کے درمیان کوئی نہیں ہے' آپ اپنی دائیں بائیں آگے پیچھے دیکھیں' آپ کے یہ اردگرد والے پرندوں کا گوشت کھاتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ نے سچ فرمایا' اللہ کی قسم! میں اس جگہ سے کھڑا نہیں ہوں گا یہاں تک کہ مسلمانوں میں سے ہر ایک آدمی کے لیے اس کے

1003- اخرجه البخاري في صحيحه جلد3صفحه1371 رقم الحديث:3545 عن اسماعيل عن قيس عن بلال به .

کھانے کے اس کے لیے زیتون اور سرکہ سے حصہ کے تم مکلف نہ بن جاؤ۔ لوگوں نے کہا: اے امیر المؤمنین! یہ آپ لازم کر دیں اللہ عزوجل نے ہم پر رزق کی کشادگی کی ہے اور بھلائی زیادہ کی ہے۔

1005 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنِي حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ خَشْفَةً اَمَامِي حِينَ دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا: بِلَالٌ، فَاَخْبَرَهُ فَقَالَ: بِمَ تَسْبِقُنِي اِلَى الْجَنَّةِ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اَحْدَثْتُ اِلَّا تَوَضَّاْتُ، وَلَا تَوَضَّاْتُ اِلَّا صَلَّيْتُ عَلَى اَثَرِ الْوُضُوءِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت میں جس وقت داخل ہوا اُس وقت میں نے آپ کی جوتیوں کی آواز اپنے آگے سنی۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ تو فرشتوں نے عرض کی: حضرت بلال! تو آپ بتائیں کہ آپ جنت میں مجھ سے پہلے کیسے گئے ہیں؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں جب بے وضو ہوتا ہوں تو وضو کرتا ہوں اور وضو کے بعد دو رکعت نفل ادا کرتا ہوں۔

1006 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدٍ، وَعُمَرُ، وَعَمَّارٌ اَبِي حَفْصٍ، عَنْ آبَائِهِمْ، عَنْ اَجْدَادِهِمْ، قَالُوا: جَاءَ بِلَالٌ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ اللّٰهِ، اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَفْضَلَ عَمَلِ الْمُؤْمِنِ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَقَدْ اَرَدْتُ اَنْ اَرْبِطَ نَفْسِي فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى اَمُوتَ، فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ: اَنَا اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ يَا بِلَالُ، وَحُرْمَتِي وَحَقِّي لَقَدْ كَبِرَتْ سِنِّي، وَضَعُفَتْ قُوَّتِي، وَاقْتَرَبَ اَجَلِي، فَاَقَامَ

حضرت عبداللہ بن محمد عمر عمار ابوحفص اپنے والد سے وہ ان کے داداؤں سے روایت کرتے ہیں اُنہوں نے کہا: حضرت بلال رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر کے پاس آئے کہا: اے رسول اللہ ﷺ کے جانشین! میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مؤمن کا افضل عمل اللہ کی راہ میں جہاد کرنا ہے میں چاہتا ہوں کہ میں مرنے تک اپنے آپ کو اللہ کی راہ میں وقف کروں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے بلال! میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں! میری عزت اور میرے حق کی قسم! میری ہڈیاں کمزور ہوگئی ہیں میری قوت کمزور ہو گئی ہے اور موت کا وقت قریب ہے۔ حضرت بلال

بَلَالٌ مَعَهُ، فَلَمَّا تُوُفِّيَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ لَهُ مِثْلَ مَا قَالَ اَبُو بَكْرٍ، فَاَبَى بِلَالٌ عَلَيْهِ، فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَمَنْ يَا بِلَالُ؟ فَقَالَ: اِلَى سَعْدٍ، فَاِنَّهُ قَدْ اَذَّنَ بِقُبَاءَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ عُمَرُ الْاَذَانَ اِلَى سَعْدٍ وَعَقِبِهِ

رضی اللہ عنہ آپ کے پاس ہی رہے' جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ' حضرت عمر کے پاس آئے' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی وہی کہا جو حضرت ابوبکر نے فرمایا تھا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے انکار کر دیا۔ حضرت عمر نے فرمایا: اے بلال! اذان کون دے گا؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضرت سعد! کیونکہ آپ قباء میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانہ میں اذان دیتے تھے۔ حضرت عمر نے اذان پڑھنے کی ذمہ داری حضرت سعد اور ان کی اولاد کو دے دی۔

1007 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيلَ، ذَكَرَهُ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ مُدْرِكِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: مَرَرْتُ بِبِلَالٍ وَهُوَ جَالِسٌ حِينَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، قُلْتُ: مَا يَحْبِسُكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَنْتَظِرُ طُلُوعَ الشَّمْسِ

حضرت مدرک بن عوف فرماتے ہیں کہ میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا' آپ صبح کی نماز پڑھ کر بیٹھے ہوئے تھے' میں نے عرض کی: اے ابوعبداللہ! آپ کیوں بیٹھے ہیں؟ آپ نے فرمایا: سورج کے طلوع ہونے کا انتظار کر رہا ہوں۔

1008 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ فُسْتُقَةُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ: اَبُو بَكْرٍ سَيِّدُنَا، وَاَعْتَقَ سَيِّدَنَا يَعْنِي بِلَالًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر کا قول ہے: حضرت ابوبکر ہمارے سردار ہیں اور انہوں نے ہمارے سردار حضرت بلال کو آزاد کیا۔

اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ،

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے

1008- اخرجه البخاري في صحيحه جلد 3 صفحه 1371 رقم الحديث: 3544 عن عبد العزيز بن أبي سلمة عن محمد بن المنكدر عن جابر به .

عَنْ بِلَالٍ

1009 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ الْيَمَانِ، ثنا أَيُّوبُ بْنُ سَيَّارٍ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ أَصْبِحُوا بِالصُّبْحِ، فَإِنَّهُ خَيْرٌ لَكُمْ

روایت کرتے ہیں

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت بلال نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے بلال! صبح ہونے دو کیونکہ تمہارے لیے بہتر ہے (اس کے بعد اذان دو)۔

عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنْ بِلَالٍ

1010 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بِلَالٍ الْأَشْعَرِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ تَعَالَى عَنْهُ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدِي تَمْرٌ، فَتَغَيَّرَ، فَأَخْرَجْتُهُ إِلَى السُّوقِ، فَبِعْتُهُ صَاعَيْنِ بِصَاعٍ، فَلَمَّا قَرَّبْتُ إِلَيْهِ مِنْهُ، قَالَ: مَا هَذَا يَا بِلَالُ؟ فَأَخْبَرْتُهُ، قَالَ: مَهْلًا، ارْدُدِ الْبَيْعَ، ثُمَّ بِعْ تَمْرًا بِذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ أَوْ حِنْطَةٍ، ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ تَمْرًا ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالذَّهَبُ بِالذَّهَبِ وَزْنًا بِوَزْنٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ وَزْنًا بِوَزْنٍ، فَإِذَا اخْتَلَفَ النَّوْعَانِ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

حضرت عمر رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت بلال نے فرمایا: رسول اللہ ﷺ کی کھجوریں میرے پاس تھیں' اُن کی حالت بدل گئی تو میں ان کو بازار لے گیا' میں نے ایک صاع کے بدلے دو صاع بیچے' جب میں آپ ﷺ کے پاس لایا تو آپ نے فرمایا: اے بلال! یہ کیا ہے؟ میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: چھوڑو! بیع واپس کر دو! کھجور' سونے یا چاندی یا گندم کے بدلے فروخت کرو پھر اس کے بدلے کھجور خریدو' پھر حضور ﷺ نے فرمایا: کھجور کھجور کے بدلے برابر برابر' گندم گندم کے بدلے برابر برابر' سونا سونے کے بدلے برابر برابر وزن کر کے اور چاندی چاندی کے بدلے وزن کر کے فروخت

فَلا بَأسَ وَاحِدٌ بِعَشَرَةٍ

کرو جب دو قسم ہو جائیں تو ایک کو دس کے بدلے فروخت کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

1011 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ: كَانَ عِنْدِي تَمْرٌ دُونٌ، فَابْتَعْتُ بِهِ مِنَ السُّوقِ تَمْرًا أَجْوَدَ مِنْهُ بِنِصْفِ كَيْلِهِ، فَقَدَّمْتُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ الْيَوْمَ تَمْرًا أَجْوَدَ مِنْ هَذَا، مِنْ أَيْنَ لَكَ هَذَا يَا بِلَالُ؟ قَالَ: فَحَدَّثْتُهُ بِمَا صَنَعْتُ، قَالَ: انْطَلِقْ فَرُدَّهُ عَلَى صَاحِبِهِ وَخُذْ تَمْرَكَ، فَبِعْهُ بِحِنْطَةٍ، أَوْ شَعِيرٍ، ثُمَّ اشْتَرِ بِهِ هَذَا التَّمْرَ، ثُمَّ ائْتِنِي بِهِ قَالَ: فَفَعَلْتُ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: التَّمْرُ بِالتَّمْرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْحِنْطَةُ بِالْحِنْطَةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالشَّعِيرُ بِالشَّعِيرِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالْمِلْحُ بِالْمِلْحِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَالذَّهَبُ بِالذَّهَبِ مِثْلًا بِمِثْلٍ، وَزْنًا بِوَزْنٍ، وَالْفِضَّةُ بِالْفِضَّةِ مِثْلًا بِمِثْلٍ وَزْنًا بِوَزْنٍ، فَمَا كَانَ مِنْ فَضْلٍ فَهُوَ رِبًا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے پاس حضورﷺ کی کھجوریں تھیں، میں نے انہیں بازار میں فروخت کیا، اس کے بدلے نصف عمدہ لیں، میں نے حضورﷺ کو پیش کیں تو آپ نے فرمایا: آج تک میں نے ایسی عمدہ کھجوریں نہیں دیکھیں، اے بلال! کہاں سے لائے ہو؟ میں نے بتایا جو میں نے کیا تھا، تو آپ نے فرمایا: واپس جاؤ اور مالک کو واپس کر دو اور اپنی کھجوریں لو، اس کو گندم یا جَو کے بدلے فروخت کرو، پھر اس کے بدلے کھجوریں لو اور پھر میرے پاس لاؤ۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے ایسے ہی کیا، پھر حضورﷺ نے فرمایا: کھجور کھجور کے بدلے برابر برابر، گندم گندم کے بدلے برابر برابر، جَو جَو کے بدلے برابر برابر، نمک نمک کے بدلے برابر برابر، سونا سونے کے بدلے برابر برابر، چاندی چاندی کے بدلے برابر برابر فروخت کرو، جو اضافہ ہوگا سود ہوگا۔

عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنْ بِلَالٍ

حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت بلال سے روایت کرتے ہیں

1012 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبِي، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، ثنا شَيْبَانُ، عَنْ لَيْثِ بْنِ أَبِي سُلَيْمٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ شُرَيْحِ بْنِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کا خیال ہے کہ حضورﷺ موزوں اور عمامہ پر مسح کرتے تھے (مراد یہ ہے کہ عمامہ

هَانِءٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: زَعَمَ بِلَالٌ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْمُوقَيْنِ وَالْخِمَارِ

کے نیچے ہاتھ داخل کر کے سر کا مسح کرے۔ سیالکوٹی)۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُودٍ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت عبداللہ بن مسعود حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1013 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، وَعُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: اَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بِلَالٍ وَعِنْدَهُ صُبْرٌ مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا بِلَالُ؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ذَخَرْتُهُ لَكَ وَلِضِيفَانِكَ، قَالَ: اَمَا تَخْشَى اَنْ يفوزَ لَهَا بُخَارٌ مِنْ جَهَنَّمَ؟ اَنْفِقْ يَا بِلَالُ وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس آئے میرے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے بلال! یہ کیا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے لیے اور آپ کے گھر میں آنے والے لوگوں کے لیے اکٹھی کر کے رکھی ہیں آپ نے فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں اس کی وجہ سے جہنم کی آگ کا دھواں اُٹھے! اے بلال! خرچ کر دو! عزت والے عرش کے مالک سے رزق کے کم ہونے کا خوف نہ کرو۔

اَبُو سَعِيدٍ الْخُدْرِيُّ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1014 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا عِمْرَانُ

حضرت ابوسعید حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں: رسول کریم ﷺ نے حضرت بلال رضی اللہ

1014- اخرجه الحاكم فى مستدركه جلد4صفحه352 رقم الحديث: 7887 عن ابى سعيد عن بلال به .

بْنُ اَبَانَ، ثنا طَلْحَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ، عَنْ اَبِي الْمُبَارَكِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بِلَالُ مُتْ فَقِيرًا، وَلَا تَمُتْ غَنِيًّا قُلْتُ: وَكَيْفَ بِذَاكَ؟ قَالَ: مَا رُزِقْتَ فَلَا تَخْبَأْ، وَمَا سُئِلْتَ فَلَا تَمْنَعْ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ لِي بِذَاكَ؟ فَقَالَ: هُوَ ذَاكَ اَوِ النَّارُ

عنہ سے فرمایا: تمہیں اس حال میں موت آئے کہ تُو غریب ہو امیری کی حالت میں نہ مرنا' حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! یہ کیسے ممکن ہے؟ فرمایا: یہ رزق تجھے دیا گیا ہے اسے چھپا کر نہ رکھ اور جو کوئی تجھ سے سوال کرے' اسے عطا کر! میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ہوگا' یا جہنم کی آگ۔

1015 - وَبِاِسْنَادِهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ بِلَالٍ، قَالَ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي شَيْءٌ مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقُلْتُ: ادَّخَرْنَاهُ لِشِتَائِنَا، فَقَالَ: اَمَا تَخَافُ اَنْ تَرَى لَهُ بُخَارًا فِي جَهَنَّمَ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے اس حالت میں کہ میرے پاس کچھ کھجوریں تھیں' آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: ہم نے سردیوں کے لیے روکی ہیں؟ آپ نے فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں ہو کہ تم اس کی وجہ سے جہنم کا دھواں دیکھو۔

الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1016 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا زَائِدَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْسَحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم موزوں پر مسح کرتے تھے۔

اَبُو هُرَيْرَةَ، عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ'

بِلَالٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1017 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا بَكَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ السِّيرِينِيُّ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى بِلَالٍ، فَوَجَدَ عِنْدَهُ صُبْرًا مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا بِلَالُ؟ فَقَالَ: تَمْرٌ اَدَّخِرُهُ، قَالَ: وَيْحَكَ يَا بِلَالُ، اَوَمَا تَخَافُ اَنْ يَكُونَ لَهُ بُخَارٌ فِي النَّارِ؟ اَنْفِقْ يَا بِلَالُ، وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس آئے' میرے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے بلال! یہ کیا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ کھجوریں ہیں' میں نے اکٹھی کر کے رکھی ہیں' آپ نے فرمایا: اے بلال! بربادی ہے! کیا تم ڈرتے نہیں کہ اس کی وجہ سے جہنم کی آگ کا دھواں ہو! اے بلال! خرچ کر دو! عزت والے عرش کے مالک سے رزق کے کم ہونے کا خوف نہ کرو۔

1018 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ بِلَالًا، فَاَخْرَجَ لَهُ صُبْرًا مِنْ تَمْرٍ، فَقَالَ: مَا هَذَا يَا بِلَالُ؟ قَالَ: اِدَّخَرْتُهُ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اَمَا تَخْشَى اَنْ يُجْعَلَ لَكَ بُخَارٌ فِي نَارِ جَهَنَّمَ، اَنْفِقْ بِلَالُ، وَلَا تَخْشَ مِنْ ذِي الْعَرْشِ اِقْلَالًا

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ میرے پاس آئے' میرے پاس کھجوروں کا ایک ٹوکرا دیکھا تو آپ نے فرمایا: اے بلال! یہ کیا ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے آپ کے لیے اکٹھی کر کے رکھی ہیں' آپ نے فرمایا: کیا تم ڈرتے نہیں کہ تمہارے لیے جہنم کی آگ کا دھواں زیادہ ہو! اے بلال! خرچ کر دو! عزت والے عرش کے مالک سے رزق کم ہونے کا خوف نہ کرو۔

حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ دَاوُدَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے' آگے اس جیسی حدیث بیان کی ہے۔

النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى بِلَالٍ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

1019 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَسْجِدِ قُبَاءٍ، فَجَاءَ الْأَنْصَارُ يُسَلِّمُونَ عَلَيْهِ، فَقُلْتُ لِبِلَالٍ: كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرُدُّ عَلَيْهِمْ؟ قَالَ: هَكَذَا يُشِيرُ بِيَدِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ مسجد قباء کی طرف نکلے' آپ کے پاس انصار آئے' اُنہوں نے آپ کو سلام کیا' میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: حضورﷺ ان کا جواب کیسے دیتے تھے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنے ہاتھ سے ایسے اشارہ کرتے۔

1020 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيدِ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ غَزْوَانَ، ثنا أَبُو دُهْقَانَةَ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ ابْنِ عُمَرَ، فَذَكَرَ ابْنُ عُمَرَ، أَنَّ بِلَالًا حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ ضَيْفٌ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ بِطَعَامٍ، فَأَتَاهُ بِتَمْرٍ، فَأَعْجَبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ التَّمْرُ، فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ لَكَ هَذَا التَّمْرُ؟ فَقَالَ: أَبْدَلْتُ صَاعًا بِصَاعَيْنِ، فَقَالَ: رُدَّ عَلَيْنَا تَمْرَنَا فَرَدَّهُ

حضرت ابودہقانہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ذکر کیا کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس مہمان آیا' آپ نے مجھے کھانا لانے کا حکم دیا' میں آپ کے پاس کھجوریں لے کر آیا' رسول اللہﷺ کو وہ کھجوریں پسند آئیں' آپ نے فرمایا: یہ کھجوریں کہاں سے لائے ہو؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں نے دو صاع کے بدلے ایک صاع لی ہیں' آپ نے فرمایا: ہماری کھجوریں واپس کر کے لاؤ۔ چنانچہ میں واپس لے آیا۔

1021 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ اِسْرَائِيلَ، اَخْبَرَنِي اَشْعَثُ بْنُ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ: جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي بَيْنَ اُسَامَةَ وَبِلَالٍ حَتَّى دَخَلَا الْكَعْبَةَ وَفِيهَا خَشَبَةٌ مُعْتَرِضَةٌ فَلَمَّا خَرَجَ بِلَالٌ سَاَلْتُهُ: كَيْفَ صَنَعَ، قَالَ: تَرَكَ مِنَ الْخَشَبَةِ ثُلُثَيْهَا عَنْ يَمِينِهِ وَصَلَّى فِي الثُّلُثِ الْبَاقِي، قُلْتُ: كَمْ صَلَّى؟ قَالَ: لَمْ اَسْاَلْ بِلَالًا عَنْهَا.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ حضرت اسامہ اور بلال کے درمیان چل کر تشریف لائے' دونوں کعبہ میں داخل ہوئے تو اس میں ایک لکڑی کھڑی تھی' جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نکلے تو میں نے آپ سے پوچھا: آپﷺ نے کیا کیا؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ نے اس لکڑی کے دو تہائی اپنی دائیں جانب سے چھوڑ دیا' ایک باقی تہائی میں نماز پڑھی۔ میں نے کہا: کتنی رکعتیں پڑھیں؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے اس کے متعلق بلال سے نہیں پوچھا۔

1022 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّهُ سَاَلَ بِلَالًا عَنْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَيْتِ، فَاَخْبَرَهُ: اَنَّهُ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ فِي وَسَطِ الْبَيْتِ، وَجَعَلَ الْاُسْطُوَانَةَ عَنْ يَمِينِهِ، وَتَقَدَّمَ قَلِيلًا، وَجَعَلَ الْمَقَامَ خَلْفَ ظَهْرِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ نے خانہ کعبہ میں کتنی رکعتیں پڑھیں؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ آپ نے کعبہ کے درمیان میں دو رکعتیں پڑھیں' ستون کو اپنی دائیں جانب کیا اور تھوڑا سا آگے بڑھے' مقامِ ابراہیم آپ کی پشت کے پیچھے تھا۔

1023 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، ثنا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ، وَقَامَ بِلَالٌ عَلَى الْبَابِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَسَاَلْتُ بِلَالًا اَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ رَكْعَتَيْنِ وَسَطَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' حضرت بلال رضی اللہ عنہ دروازے پر کھڑے ہوئے' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہﷺ نے نماز پڑھی تھی؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! دو رکعتیں کعبہ کے درمیان میں پڑھی تھیں۔

الْبَيْتِ

1024 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ أَخْبَرَ عَنْ بِلَالٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِيهِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ کے اندر دو رکعتیں پڑھی تھیں۔

1025 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي جَوْفِ الْكَعْبَةِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی تھی۔

1026 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ أَبُو النُّعْمَانِ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي الْبَيْتِ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ میں نماز پڑھی تھی۔

1027 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ أَبِي مُلَيْكَةَ، وَغَيْرَهُ، يُحَدِّثُونَ هَذَا الْحَدِيثَ، يَزِيدُ بَعْضُهُمْ عَلَى بَعْضٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: أَقْبَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ عَلَى بَعِيرٍ لِأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَأُسَامَةُ رِدْفُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ بِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فتح مکہ کے دن اونٹ پر آئے' آپ کے پیچھے حضرت اسامہ بن زید سوار تھے' آپ کے ساتھ حضرت بلال' عثمان بن طلحہ تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت اسامہ بن زید اور حضرت عثمان بن طلحہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' کافی دیر اندر ٹھہرے رہے' اُنہوں نے دروازہ بند کر دیا' اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم باہر نکلے تو لوگوں نے دروازہ کی طرف جانے کے لیے جلدی کی تو ان پر سبقت لے گئے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما

طَلْحَةَ، وَبِلَالٌ، فَمَكَثُوا فِي الْبَيْتِ طَوِيلًا وَاَغْلَقُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَابْتَدَرُوا الْبَابَ فَسَبَقَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَآخَرُ مَعَهُ، فَسَاَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بِلَالًا، فَقَالَ: اَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرَاهُ حَيْثُ صَلَّى وَلَمْ يَسْاَلْهُ كَمْ صَلَّى

اور ایک دوسرا آدمی۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں نماز پڑھی تھی؟ آپ نے مجھے وہ جگہ دکھائی جہاں نماز پڑھی تھی' لیکن یہ نہیں پوچھا کہ کتنی رکعتیں پڑھی تھیں۔

1028 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، اَخْبَرَنِي اَبُو عَاصِمٍ، قَالَا: ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ، ثنا ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى فِي الْبَيْتِ قُبَالَ وَجْهِهِ، ثُمَّ قَامَ فَدَعَا سَاعَةً، ثُمَّ انْصَرَفَ

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی' اپنا چہرہ سامنے کیا' پھر آپ کھڑے ہوئے' کچھ دیر دعا کی' پھر واپس آ گئے۔

1029 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا وَكِيعٌ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَاَلْتُ بِلَالًا: اَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ؟ قَالَ: بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس وقت کعبہ کے اندر داخل ہوئے تھے تو کہاں نماز پڑھی تھی؟ فرمایا: دوستوں کے درمیان۔

1030 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قُلْتُ لِبِلَالٍ: اَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ - يَعْنِي فِي الْبَيْتِ - قَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ،

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے عرض کی: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کعبہ کے اندر کہاں نماز پڑھی تھی؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آگے والے دونوں ستونوں کے درمیان آپ نے دو رکعتیں پڑھی تھیں۔

صَلَّى رَكْعَتَيْنِ

1031 - حَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ، ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى عُثْمَانَ بْنِ طَلْحَةَ فَجَاءَ بِالْمِفْتَاحِ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِلَالٌ، وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ فَلَمَّا خَرَجُوا ابْتَدَرَهُمُ النَّاسُ، فَقُلْتُ لِبِلَالٍ: أَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَيْتِ؟ قَالَ: نَعَمْ بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ تشریف لائے' آپ کعبہ کے صحن میں اُترے' پھر آپ نے حضرت عثمان بن طلحہ کی طرف بھیجا' چابی لائی گئی تو حضورﷺ اور حضرت بلال' اسامہ بن زید' عثمان بن طلحہ داخل ہوئے۔ جب یہ حضرات نکلے تو لوگوں نے جلدی کی' میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا رسول اللہﷺ نے نماز پڑھی تھی؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! دو ستونوں کے درمیان اپنا چہرۂ مبارک سامنے کرتے ہوئے۔

1032 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قُلْتُ لِبِلَالٍ: أَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: رسول اللہﷺ نے کہاں نماز پڑھی تھی؟ فرمایا: دو ستونوں کے درمیان۔

1033 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ الْحَجَبِيُّ، وَبِلَالٌ، فَأَغْلَقَهَا عَلَيْهِمْ، فَمَكَثَ فِيهَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: فَسَأَلْتُ بِلَالًا حِينَ خَرَجَ: مَاذَا صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: جَعَلَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورﷺ اور حضرت اسامہ بن زید' عثمان طلحہ حجبی اور حضرت بلال رضی اللہ عنہم کعبہ کے اندر داخل ہوئے' جب یہ حضرات داخل ہوئے تو دروازہ بند کر دیا گیا' آپ کعبہ کے اندر ہی ٹھہرے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ باہر نکلے تو میں نے آپ سے پوچھا: حضورﷺ

1031- أخرجه مسلم في صحيحه جلد2صفحه966 رقم الحديث: 1329 عن نافع عن ابن عمر عن بلال .

1033- أخرجه البخاري في صحيحه جلد1صفحه189 رقم الحديث: 483 عن نافع عن ابن عمر عن بلال به .

عَمُودًا عَنْ يَسَارِهِ، وَعَمُودَيْنِ عَنْ يَمِينِهِ، وَثَلَاثَةَ أَعْمِدَةٍ وَرَاءَهُ - وَكَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلَى سِتَّةِ أَعْمِدَةٍ- ثُمَّ صَلَّى

نے کیا کیا؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک ستون آپ کی بائیں جانب اور دو ستون آپ کی دائیں جانب اور تین ستون آپ کے پیچھے تھے' پھر نماز پڑھی' ان دنوں کعبہ کے چھ ستون تھے۔

1034 - حَدَّثَنَا أَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ أَبِي عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْبَلَ يَوْمَ الْفَتْحِ عَلَى نَاقَةٍ لِأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَأُسَامَةُ رَدِيفُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ بِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، فَلَمَّا جَاءَ الْبَيْتَ أَرْسَلَ عُثْمَانَ بْنَ طَلْحَةَ، فَجَاءَهُ بِمِفْتَاحِ الْبَيْتِ فَفَتَحَهُ، فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُسَامَةُ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، وَبِلَالٌ فَمَكَثُوا فِي الْبَيْتِ طَوِيلًا، وَأَغْلَقُوا عَلَيْهِمُ الْبَيْتَ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَابْتَدَرَ النَّاسُ الْبَيْتَ، فَسَبَقَهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَآخَرُ مَعَهُ، فَسَأَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بِلَالًا: أَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَأَرَاهُ بِلَالٌ حَيْثُ صَلَّى فَلَمْ يَسْأَلْ كَمْ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ تشریف لائے' آپ کعبہ کے صحن میں اُترے' پھر آپ نے حضرت عثمان بن طلحہ کی طرف بھیجا' چابی لائی گئی تو حضور ﷺ اور حضرت بلال' اسامہ بن زید' عثمان بن طلحہ داخل ہوئے' کافی دیر ٹھہرے' دروازہ بند کیا ہوا تھا۔ جب رسول کریم ﷺ نکلے تو لوگوں نے جلدی کی' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما لوگوں سے آگے تھے' ایک اور آدمی ان کے ساتھ تھا' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا: کہاں رسول اللہ ﷺ نے نماز پڑھی ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے انہیں وہ جگہ دکھائی جہاں رسول کریم ﷺ نے نماز پڑھی' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان سے یہ نہیں پوچھا کہ کتنی رکعت نماز پڑھی۔

1035 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى بْنِ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ وَمَعَهُ بِلَالٌ، وَأُسَامَةُ، وَعُثْمَانُ وَقَدْ أَجَافَ عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَجِئْتُ فَقَعَدْتُ بِالْأَرْضِ، فَمَكَثُوا فِيهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کعبہ کے اندر داخل ہوئے' آپ کے ساتھ حضرت بلال' اسامہ بن زید اور عثمان رضی اللہ عنہم تھے ان حضرات پر دروازہ بند تھا' میں آیا اور زمین پر بیٹھ گیا' آپ کعبہ کے اندر کچھ دیر ٹھہرے' جب حضور ﷺ نکلے

مَلِيًّا، فَلَمَّا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقِيتُ الدَّرَجَ فَدَخَلْتُ الْبَيْتَ، فَقُلْتُ: اَيْنَ صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالُوا: هٰهُنَا وَنَسِيتُ اَنْ اَسْاَلَ كَمْ صَلَّى

تو میں سیڑھی چڑھا' میں کعبہ کے اندر داخل ہوا' میں نے کہا: رسول اللہ ﷺ نے کہاں نماز پڑھی؟ اُنہوں نے کہا: یہاں! میں یہ پوچھنا بھول گیا کہ کتنی رکعتیں پڑھی تھیں۔

1036 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَاَلْتُ بِلَالًا اَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ دَخَلَ الْبَيْتَ؟ فَقَالَ: بَيْنَ هٰذَيْنِ الْعَمُودَيْنِ اللَّتَيْنِ يَلِيَانِ الْبَابَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ نے کہاں نماز پڑھی جس وقت کعبہ کے اندر داخل ہوئے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دروازے کے ساتھ والے دونوں ستونوں کے درمیان۔

1037 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ فَرْقَدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ، وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَبِلَالٌ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، فَمَكَثَ فِي الْبَيْتِ فَاَطَالَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَدَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَلَى اَثَرِهِ اَوَّلَ النَّاسِ، فَسَاَلَ بِلَالًا: اَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ وَنَسِيتُ اَنْ اَسْاَلَهُ كَمْ صَلَّى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت اسامہ بن زید' حضرت بلال' حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم کعبہ کے اندر داخل ہوئے' کافی دیر تک یہ حضرات اندر ٹھہرے رہے' پھر آپ ﷺ نکلے تو میں سب لوگوں سے پہلے ہی داخل ہوا' میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ نے کہاں نماز پڑھی تھی؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آگے والے دونوں ستونوں کے درمیان۔ میں یہ پوچھنا بھول گیا کہ آپ نے کتنی رکعتیں پڑھی تھیں۔

1038 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ، ثنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى كَاتِبُ الْعُمَرِيِّ، ثنا مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ الطَّوِيلِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت اسامہ بن زید' حضرت بلال' حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم کعبہ کے اندر داخل ہوئے' کافی دیر تک یہ حضرات اندر ٹھہرے رہے' پھر

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، وَبِلَالٌ فَمَكَثَ فِي الْبَيْتِ، فَاَطَالَ، ثُمَّ خَرَجَ فَدَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَلَى اَثَرِهِ اَوَّلَ النَّاسِ، فَسَاَلَ بِلَالًا: اَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ

آپ ﷺ نکلے تو میں لوگوں سے پہلے ہی داخل ہوا' میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا: رسول اللہ ﷺ نے کہاں نماز پڑھی تھی؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آگے والے دونوں ستونوں کے درمیان۔

1039 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ الْكَعْبَةَ وَمَعَهُ بِلَالٌ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ شَيْبَةَ فَاَغْلَقُوا عَلَيْهِمْ مِنْ دَاخِلٍ فَلَمَّا خَرَجُوا سَاَلْتُ بِلَالًا: اَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَاَخْبَرَنِي اَنَّهُ صَلَّى عَلَى وَجْهِهِ حِينَ دَخَلَ جَعَلَ الْعَمُودَيْنِ عَنْ يَمِينِهِ قَالَ: ثُمَّ لُمْتُ نَفْسِي اَنْ لَا اَكُونَ سَاَلْتُهُ كَمْ صَلَّى ،

1424 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِي سَعْدٍ الْبَقَّالِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ، فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الثَّمَانِيَةِ مِنَ الْجَنَّةِ، يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا يَشَاءُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے وضو کیا' اس کے بعد پڑھا: اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وانّ محمد رسول اللہ! تو اُس کے لیے جنت کے آٹھوں دروازے کھولے جاتے ہیں' جس سے چاہے داخل ہو۔

1425 - حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرُدُّ الْقَدَرَ اِلَّا الدُّعَاءُ، وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ اِلَّا الْبِرُّ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ الرِّزْقَ، بِالذَّنْبِ يُصِيبُهُ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تقدیر کو دعا ردّ کر سکتی ہے اور عمر میں اضافہ نیکی سے ہوتا ہے اور آدمی اپنے گناہ کی وجہ سے رزق سے محروم ہوجاتا ہے۔

1425- اخرجه ابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 35 رقم الحديث: 90' جلد 2 صفحه 1334 رقم الحديث: 4022' واحمد في مسنده جلد 5 صفحه 280 رقم الحديث: 22466' جلد 5 صفحه 282 رقم الحديث: 22491 كلاهما عن عبد الله بن عيسى عن عبد الله بن الجعد عن ثوبان به .

1426 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ حَوْضِي مَا بَيْنَ عَدْنٍ، اِلَى عُمَانَ، اَكْوَابُهُ عَدَدُ النُّجُومِ، وَمَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ الثَّلْجِ، وَاَحْلَى مِنَ الْعَسَلِ، اَوَّلُ مَنْ يَرِدُهُ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِينَ ، قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صِفْهُمْ لَنَا، قَالَ: شُعْثُ الرُّءُوسِ، دُنْسُ الثِّيَابِ، الَّذِينَ لَا يَنْكِحُونَ الْمُتَمَنِّعَاتِ، وَلَا تُفْتَحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السُّدَدِ، الَّذِينَ يُعْطُونَ مَا عَلَيْهِمْ، وَلَا يُعْطُونَ مَا لَهُمْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: میرے حوض کی لمبائی مقامِ عدن سے عمان تک ہے اس کے پیالے ستاروں کی تعداد کے برابر ہیں اس کا پانی اولوں سے زیادہ سفید ہے اور شہد سے زیادہ میٹھا ہے سب سے پہلے میرے حوض پر فقراء مہاجرین آئیں گے جن کے سروں کے بال بکھرے ہوئے ہوں گے لباس میلا ہوگا جو امیر عورتوں سے نکاح نہیں کریں گے ان کے لیے بند دروازے نہیں کھولے جائیں گے وہ اپنا حق ادا کرتے رہیں گے جو ان کا حق ہوگا وہ نہیں دیا جائے گا۔

1427 - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ مَرْثَدٍ الطَّبَرَانِيُّ، ثنا صَفْوَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ حَسَّانَ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَبِي كَبْشَةَ السَّلُولِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اسْتَقِيمُوا، وَلَنْ تُحْصُوا، وَاعْلَمُوا، اَنَّ مِنْ اَفْضَلِ اَعْمَالِكُمُ الصَّلَاةُ، وَلَا يُحَافِظُ عَلَى الْوُضُوءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سیدھے رہو اور ہرگز شمار نہ کرسکو گے اور جان لو کہ تمہارے اعمال میں سے افضل نماز ہے اور وضو پر محافظت ہمیشہ مؤمن ہی کرتا ہے۔

1428 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ عَادَ مَرِيضًا لَمْ يَزَلْ، فِي خُرْفَةِ الْجَنَّةِ ، قِيلَ: وَمَا

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے مریض کی عیادت کی وہ مسلسل جنت کے باغ میں ہوگا۔ عرض کی: خرفة الجنة سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اس کے حصے۔

خُرْفَةُ الْجَنَّةِ؟ قَالَ: جَنَاهَا

1429 - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ اَبَنَا شُعْبَةَ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عَادَ مَرِيضًا، لَمْ يَزَلْ فِي خُرْفَةِ الْجَنَّةِ حَتَّى يَرْجِعَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے مریض کی عیادت کی' وہ مسلسل جنت کے باغوں میں ہوگا' واپس آنے تک۔

1430 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ صَالِحٍ الشِّيرَازِيُّ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُومُ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی کریمﷺ سے روایت کرتے ہیں' آپﷺ نے فرمایا: نہ پچھنے لگانے والا روزہ رکھے اور نہ وہ آدمی جس کو پچھنے لگائے جائیں۔

وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ: جَاءَتْ بِنْتُ هُبَيْرَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِي يَدِهَا فَتَخٌ مِنْ ذَهَبٍ، فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت بنت ھبیرہ' حضورﷺ کے پاس آئیں' ان کے ہاتھ میں سونے کا چھلا تھا' اسکے بعد حدیث ذکر کی۔

1431 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا نَزَعَ مِنَ الْجَنَّةِ عَادَتْ مَكَانَهَا اُخْرَى

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: آدمی جب جنت سے نکلے گا' اس کی جگہ دوسری جگہ آجائے گی۔

1432 - حَدَّثَنَا اِدْرِيسُ بْنُ جَعْفَرٍ الْعَطَّارُ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، عَنْ مَرْزُوقٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ الشَّامِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ثَوْبَانَ،

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب تمہیں بخار ہو جائے کیونکہ بخار جہنم کی آگ کا ٹکڑا ہے' اس کو ٹھنڈے اور جاری پانی

1429- أخرجه مسلم في صحيحه جلد4صفحه1989 رقم الحديث: 2568' والترمذي في سننه جلد3صفحه299 رقم الحديث: 967' وأحمد في مسنده جلد5صفحه283 رقم الحديث: 22497 عن أبي قلابة عن أبي أسماء عن ثوبان به .

يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَصَابَتْ اَحَدَكُمْ، فَاِنَّ الْحُمَّى قِطْعَةٌ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، فَلْيُطْفِئْهَا عَنْهُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ جَارِيًا، مُسْتَقْبِلَ جَرْيَةِ الْمَاءِ، وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ صَدِّقْ رَسُولَكَ، وَاشْفِ عَبْدَكَ. بَعْدَ الْفَجْرِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَلْيَغْمِسْ فِيهِ ثَلَاثَ غَمَسَاتٍ، فَاِنْ لَمْ يَبْرَاْ فِي خَمْسٍ، فَفِي سَبْعٍ، وَاِنْ لَمْ يَبْرَاْ فِي سَبْعٍ، فَفِي تِسْعٍ، فَاِنَّهَا لَا تَكَادُ اَنْ تُجَاوِزَ التِّسْعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ

سے بجھاؤ اور یہ دعا کرو: اے اللہ! اپنے رسول کو سچا کر دکھا، تُو اپنے بندے کو شفاء دے، فجر کے بعد طلوعِ شمس سے پہلے پڑھا اور تین غوطے لگائے، اگر پانچ مرتبہ ٹھیک نہ ہو تو سات مرتبہ کرے، اگر سات مرتبہ ٹھیک نہ ہو تو نو مرتبہ کرے، کیونکہ اللہ کے حکم سے نو مرتبہ سے تجاوز نہیں کرے گا (یعنی ٹھیک ہوگا)۔

1433 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ الذِّمَارِيِّ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، ثُمَّ اَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ، فَاِنَّ ذٰلِكَ صِيَامُ سَنَةٍ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان کے روزے رکھے پھر اس کے بعد لگاتار چھ شوال کے رکھے تو یہ سارے سال کے روزوں کے برابر ثواب ہوگا۔

1434 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ مَرْزُوقٍ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيِّ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُوشِكُ اَنْ تَتَدَاعَى عَلَيْكُمُ الْاُمَمُ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تم میں پہلی اُمتوں کی سی خرابیاں ہوں گی اس کے بعد حدیث ذکر کی۔

1435 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ح وثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، ثنا حُمَيْدٌ الشَّامِيُّ، عَنْ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم ﷺ جب سفر شروع فرماتے تو سب سے آخر میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے ملاقات فرماتے، پس واپس تشریف لاتے تو سب سے پہلے اُن سے ملتے۔

سُلَيْمَانَ الْمُنَبِّهِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا سَافَرَ فَآخِرُ عَهْدِهِ بِإِنْسَانٍ، مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ فَاطِمَةُ، فَإِذَا رَجَعَ فَأَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ عَلَيْهَا، قَالَ: فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ لَهُ، أَوْ سَفَرٍ، فَإِذَا فَاطِمَةُ قَدْ عَلَّقَتْ مِسْحًا عَلَى بَابِهَا، وَحَلَّتِ الْحَسَنَ، وَالْحُسَيْنَ قُلْبَيْنِ، مِنْ فِضَّةٍ، فَرَجَعَ، فَظَنَّتْ إِنَّمَا رَجَعَ مِنْ أَجْلِ مَا رَأَى فَنَزَعَتِ السِّتْرَ، وَنَزَعَتِ الْقُلْبَيْنِ، عَنِ الصَّبِيَّيْنِ، فَقَطَعَتْهُ، فَدَفَعَتْهُ إِلَيْهِمَا، فَأَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمَا يَبْكِيَانِ، فَقَالَ: يَا ثَوْبَانُ خُذْ هَذَيْنِ، فَاذْهَبْ بِهِمَا إِلَى أَهْلِ بَيْتٍ بِالْمَدِينَةِ، فَأَحْسَبُهُ قَالَ: مُحْتَاجِينَ، فَإِنَّ هَؤُلَاءِ أَهْلُ بَيْتِي، وَإِنِّي أَكْرَهُ، أَنْ يَأْكُلُوا طَيِّبَاتِهِمْ فِي حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا، ثُمَّ قَالَ: يَا ثَوْبَانُ، اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِنْ عَصَبٍ، وَسِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ

راوی کا بیان ہے: (ایک بار) ایک غزوہ یا سفر سے واپس آئے' جبکہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے دروازے پر پردہ لٹکا دیا تھا اور حضرت امام حسن و امام حسین رضی اللہ عنہما کو چاندی کے کڑے پہنا دیئے تھے پس نبی کریم ﷺ لوٹ گئے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے گمان کیا کہ آپ ﷺ یہی دیکھ کر لوٹ گئے' پس آپ نے پردہ اتار دیا اور بچوں سے کڑے اتار دیئے' پس اسے کاٹ کر اُن دونوں کے ہاتھ میں دے دیا' پس وہ دونوں روتے ہوئے نبی کریم ﷺ کے پاس آئے' آپ ﷺ نے فرمایا: اے ثوبان! یہ دونوں چیزیں پکڑ لو! پس ان دونوں کو مدینہ میں کسی گھر والوں کی طرف لے جاؤ' پس میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: محتاجوں کی طرف کیونکہ یہ میرے اہل بیت ہیں اور میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ اپنی دنیوی زندگی میں اپنی عمدہ چیزیں کھائیں' پھر فرمایا: اے ثوبان! فاطمہ کے لیے عصب کا ہار خریدو اور ہاتھی کے دانت کے دو کنگن۔

ثَوْبَانُ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ثوبان ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ

1436 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ هِلَالٍ الْحِمْصِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ كَثِيرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ ثَوْبَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ

حضرت محمد بن عبدالرحمٰن بن ثوبان اپنے والد سے' وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس کو تم دیکھو کہ وہ مسجد میں (بُرے) اشعار پڑھ رہا ہے تو اسے کہو: اللہ عزوجل تیرے منہ کو ہلاک کرے! تین

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَنْشُدُ شِعْرًا فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: فَضَّ اللّٰهُ فَاكَ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَمَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَنْشُدُ ضَالَّةً فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: لَا وَجَدْتَهَا، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَمَنْ رَأَيْتُمُوهُ يَبِيعُ، وَيَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ، فَقُولُوا: لَا أَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ ، كَذَلِكَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مرتبہ‘ جس کوتم دیکھو کہ وہ مسجد میں گم شدہ شی کا اعلان کر رہا ہے تو تم کہو: نہ ملے! تین مرتبہ‘ جس کوتم دیکھو کہ وہ مسجد میں خرید وفروخت کر رہا ہے تو تم کہو: اللہ عزوجل تیری تجارت میں نفع نہ دے‘ حضور ﷺ نے ہمیں ایسے ہی کہا ہے۔

ثَوْرَةُ السُّلَمِيُّ يُكْنَى أَبَا أُمَامَةَ جَدُّ مَعْنِ بْنِ يَزِيدَ

حضرت ثورہ سلمی‘ آپ کی کنیت ابوامامہ‘ معن بن یزید کے دادا ہیں

1437 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ مَعْنَ بْنَ يَزِيدَ، يَقُولُ: خَاصَمْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَفْلَجَنِي، وَخَطَبَ عَلَيَّ، وَأَنْكَحَنِي، وَبَايَعْتُهُ أَنَا، وَجَدِّي

حضرت معن بن یزید فرماتے ہیں کہ میں اپنا جھگڑا رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لے کر گیا‘ آپ نے مجھے فوقیت دی میرے لیے نکاح کا پیغام بھیجا اور میرا نکاح کیا‘ میں نے اور میرے دادا نے بیعت کی۔

ثَقِفُ بْنُ عَمْرٍو الْأَسَدِيُّ حَلِيفُ بَنِي عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

حضرت ثقف بن عمرو اسدی‘ بنی عبد شمس بن عبد مناف کے حلیف

1438 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: وَقُتِلَ يَوْمَ خَيْبَرَ مِنْ قُرَيْشٍ، ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ: ثَقِفُ بْنُ عَمْرٍو، حَلِيفٌ لَهُمْ مِنْ بَنِي

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ قریش اور بنی عبد مناف میں سے خیبر کے دن جو شہید کیے گئے‘ اُن میں سے بنی اسد بن جزیمہ کے حلیف ثقف بن عمرو بھی ہیں۔

اَسَدِ بْنِ جَزِيمَةَ

بَابُ الْجِيمِ
باب الجیم

جَعْفَرُ بْنُ اَبِى طَالِبٍ الطَّيَّارُ فِى الْجَنَّةِ، رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، وَاُمُّهُ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَسَدِ بْنِ هَاشِمٍ

حضرت جعفر بن ابوطالب طیار (جنت میں اُڑتے ہیں) آپ کی کنیت ابوعبداللہ آپ کی والدہ صاحبہ حضرت فاطمہ بنت اسد بن ہاشم ہیں

1439 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ: بَعَثَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَعْفَرًا اِلَى مُؤْتَةَ، فِى جُمَادَى سَنَةَ ثَمَانٍ

حضرت عروہ بن زبیر فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت جعفر کو موتہ کی طرف بھیجا' 8 ہجری کی جمادی میں۔

1440 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِىُّ، ثنا طَاهِرُ بْنُ اَبِى اَحْمَدَ الزُّبَيْدِىُّ، ثنا مَعْنُ بْنُ عِيسَى الْقَزَّازُ، ثنا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ: اَنَّ جَعْفَرَ بْنَ اَبِى طَالِبٍ، تَخَتَّمَ فِى يَمِينِهِ

حضرت جعفر بن عبداللہ بن جعفر فرماتے ہیں کہ حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔

1441 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِىُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منبر پر اصحابِ موتہ کے ایک ایک آدمی کی شہادت کی خبر دی' ابتداء کی زید بن حارثہ سے'

1441- أخرجه الحاكم فى مستدركه جلد3 صفحه338 رقم الحديث: 5296 عن أيوب عن أنس به ولم يذكر حميد .

نَعَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَصْحَابَ مُؤْتَةَ عَلَى الْمِنْبَرِ، رَجُلًا رَجُلًا، بَدَأَ بِزَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ، ثُمَّ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، ثُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَوَاحَةَ، رَحِمَهُمُ اللّٰهُ قَالَ: فَأَخَذَ اللِّوَاءَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَهُوَ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ

پھر اس کے بعد حضرت جعفر بن ابوطالب سے' پھر حضرت عبداللہ بن رواحہ سے' آپ نے فرمایا: خالد بن ولید نے جھنڈا پکڑا ہے' وہ اللہ کی تلواروں میں سے ایک تلوار ہے۔

1442 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا أَيُّوبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَى زَيْدًا، وَصَاحِبَيْهِ، قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَهُ الْخَبَرُ، وَعَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے حضرت زید اس کے دونوں ساتھیوں کی شہادت کی خبر دی' خبر آنے سے پہلے اس حال میں کہ آپ ﷺ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔

1443 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي يَعْقُوبَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَيْشًا وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ: فَإِنْ قُتِلَ، وَاسْتُشْهِدَ فَأَمِيرُكُمْ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَإِنْ قُتِلَ، وَاسْتُشْهِدَ فَأَمِيرُكُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَانْطَلَقُوا فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَأَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، ثُمَّ أَخَذَ الرَّايَةَ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، ثُمَّ أَخَذَ الرَّايَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، ثُمَّ أَخَذَ الرَّايَةَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ،

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک لشکر بھیجا' ان میں امیر حضرت زید بن حارثہ کو مقرر کیا۔ (فرمایا:) اگر یہ شہید کیا گیا تو تمہارے امیر جعفر بن ابوطالب ہوں گے' اگر یہ بھی شہید کیے گئے تو تمہارے امیر عبداللہ بن رواحہ ہوں گے۔ وہ چلے دشمن سے لڑے' حضرت زید بن حارثہ نے جھنڈا پکڑا' لڑے اور شہید ہو گئے' پھر حضرت جعفر نے جھنڈا پکڑا' یہ بھی لڑے اور شہید ہو گئے' پھر حضرت عبداللہ بن رواحہ نے جھنڈا پکڑا' لڑے اور شہید ہو گئے' پھر جھنڈا حضرت خالد بن ولید نے پکڑا' اللہ عزوجل نے فتح دے دی' خبر دینے والا آیا اور اُس نے حضور ﷺ کو خبر دی' آپ نکلے' اللہ کی حمد وثناء کی' پھر

فَاَتَى خَبَرُهُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَجَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَاِنَّ اِخْوَانَكُمْ لَقُوا الْعَدُوَّ، فَاَخَذَ الرَّايَةَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ،- اَوِ اسْتُشْهِدَ- ثُمَّ اَخَذَ الرَّايَةَ جَعْفَرٌ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ،- اَوِ اسْتُشْهِدَ- ثُمَّ اَخَذَ الرَّايَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، اَوِ اسْتُشْهِدَ، ثُمَّ اَخَذَ الرَّايَةَ سَيْفٌ مِنْ سُيُوفِ اللّٰهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ اَمْهَلَ آلَ جَعْفَرٍ ثَلَاثًا، اَنْ يَاْتِيَهُمْ ثُمَّ اَتَاهُمْ، فَقَالَ: لَا تَبْكُوا عَلَيْهِ بَعْدَ الْيَوْمِ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا بَنِي اَخِي، فَجِيءَ بِنَا كَاَنَّا اَفْرُخٌ، فَقَالَ: ادْعُوا لِي الْحَلَّاقَ، فَاَمَرَهُ فَحَلَقَ رُءُوسَنَا، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا مُحَمَّدٌ فَشَبِيهُ عَمِّنَا اَبِي طَالِبٍ، وَاَمَّا عَوْنٌ فَشَبِيهُ خَلْقِي، وَخُلُقِي، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي فَشَالَهَا، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِي اَهْلِهِ، وَبَارِكْ لِعَبْدِ اللّٰهِ فِي صَفْقَةِ يَمِينِهِ، قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: فَجَاءَتْ اُمُّنَا فَذَكَرَتْ يُتْمَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَيْلَةَ تَخَافِينَ عَلَيْهِمْ، وَاَنَا وَلِيُّهُمْ فِي الدُّنْيَا، وَالْآخِرَةِ

اس کے بعد فرمایا: تمہارے بھائی دشمن سے لڑے حضرت زید بن حارثہ نے جھنڈا پکڑا' وہ لڑے اور شہید ہو گئے' پھر جھنڈا جعفر نے پکڑا' وہ بھی لڑے اور شہید ہو گئے' پھر جھنڈا حضرت عبداللہ بن رواحہ نے پکڑا' وہ بھی لڑے اور شہید ہو گئے' پھر جھنڈا اللہ کی تلوار نے پکڑا' اللہ عزوجل نے انہیں فتح دی' پھر حضرت جعفر کے گھر والوں کو تین دن کی مہلت دی کہ وہ اُن کے پاس آ جائیں گے' پھر وہ ان کے پاس آئے (یعنی میت)' تو آپ ﷺ نے فرمایا: آج کے بعد ان پر مت روؤ۔ پھر فرمایا: میرے بھائی کے بیٹوں کو بلاؤ (یعنی ان کے بیٹوں کو)' پس ہمیں لایا گیا' ہم ایسے تھے گویا پرندے کے بچے ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حجامت کرنے والے کو بلاؤ' پس اس ہمارے سر کے بال اتار دیئے' پھر فرمایا: محمد تو ہمارے چچا ابوطالب کے ہم شکل ہیں' لیکن عون صورت و سیرت میں میری طرح ہیں' پس آپ ﷺ نے دعا مانگی: اے اللہ! جعفر کے گھر والوں میں ان کا نائب بنا اور عبداللہ کو اس کے دائیں ہاتھ کے سودا میں برکت دے! تین بار یہ کہا۔ راوی کا بیان ہے: ہماری ماں آئی' اس نے ہماری یتیمی کا ذکر کیا تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: تُو اپنے عیال پر خوف کھا رہی ہے' میں دنیا و آخرت میں ان کا ولی ہوں۔

1444 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت یحییٰ بن عباد بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد عباد بن عبداللہ بن زبیر سے روایت کرتے ہیں' مجھے

1444- اخرجه أبو داؤد في سننه جلد 3 صفحه 29 رقم الحديث: 2573' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 9 صفحه 87 كلهما عن يحيى عباس بن عبد الله بن الزبير عن ابيه عن ابيه الذي أرضعه به .

اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي اَبِي الَّذِي اَرْضَعَنِي، وَكَانَ اَحَدَ بَنِي مُرَّةَ بْنِ عَوْفٍ، وَكَانَ فِي غَزَاةِ مُؤْتَةَ قَالَ: وَاللّٰهِ لَكَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَى جَعْفَرِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ حِينَ اقْتَحَمَ عَنْ فَرَسٍ لَهُ شَقْرَاءَ، ثُمَّ قَاتَلَ الْقَوْمَ حَتَّى قُتِلَ

میرے رضاعی والد نے بتایا کہ جو بنی مرہ بن عوف میں سے ایک ہیں اور غزوۂ موتہ میں سے تھے وہ فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم! گویا میں ابھی بھی وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ حضرت جعفر بن ابوطالب جس وقت شقراء گھوڑے سے اُترے پھر لوگوں سے لڑے یہاں تک کہ شہید ہوگئے۔

1445 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ الرَّازِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَمَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي غَزْوَةِ مُؤْتَةَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَقَالَ: اِنْ قُتِلَ زَيْدٌ فَجَعْفَرٌ، فَاِنْ قُتِلَ جَعْفَرٌ فَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَكُنْتُ مَعَهُمْ فِي تِلْكَ الْغَزْوَةِ، فَالْتَمَسْنَا جَعْفَرًا، فَوَجَدْنَا مَا قَبِلَ مِنْ جِسْمِهِ بِضْعًا وَتِسْعِينَ بَيْنَ طَعْنَةٍ، وَرَمْيَةٍ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے غزوۂ موتہ میں حضرت زید بن حارثہ کو امیر مقرر کیا اور فرمایا: اگر زید شہید کیے جائیں تو حضرت جعفر امیر ہوں گے اگر جعفر بھی شہید کیے گئے تو عبداللہ بن رواحہ امیر ہوں گے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: میں اس جنگ میں ان کے ساتھ تھا ہم نے حضرت جعفر کو تلاش کیا تو ہم نے آپ کے جسم پر نوے سے زیادہ نیزوں اور تیروں کے زخم پائے۔

1446 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ الزَّعْفَرَانِيُّ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ السِّجِسْتَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبَانَ الْوَرَّاقُ، ثنا اَبُو اُوَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: فَقَدْنَا جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، فَطَلَبْنَاهُ، فَوَجَدْنَاهُ فِي الْقَتْلَى، وَوَجَدْنَا بِهِ نَيِّفًا، وَتِسْعِينَ مَا بَيْنَ ضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ، وَطَعْنَةٍ بِرُمْحٍ، وَرَمْيَةٍ، وَوَجَدْنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم حضرت جعفر بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ہمیں نہ ملے ہم نے تلاش کیا تو اُنہیں شہیدوں میں پایا ہم نے آپ کے جسم پر نوے سے زیادہ تلوار نیزے اور تیر کے زخم پائے اور ہم نے دیکھا سارے کے سارے جسم کے سامنے والے حصے پر تھے۔

1445- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 4 صفحه 1554 رقم الحديث: 4013؛ وابن حبان في صحيحه جلد 11 صفحه 45 رقم الحديث: 4741 عن عبد الله بن سعيد عن نافع عن ابن عمر به .

ذَلِكَ فِيمَا اَقْبَلَ مِنْهُ

1447 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ نَافِعٍ، مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ: وَقَفَ عَلَى جَعْفَرٍ يَوْمَئِذٍ، وَهُوَ قَتِيلٌ قَالَ: فَعَدَدْتُ فِيهِ خَمْسِينَ بَيْنَ طَعْنَةٍ، وَضَرْبَةٍ لَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ دُبُرِهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے غلام حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ وہ حضرت جعفر کے پاس تھے جس دن آپ کو شہید کیا گیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے ان کے تلوار' نیزے اور تیر کے زخم شمار کیے تو وہ پچاس سے زیادہ تھے' آپ کے پیچھے کوئی حصہ نہیں تھا جس جگہ زخم لگا ہو (سب زخم آگے تھے)۔

1448 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، ثنا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ الْبَارِحَةَ، فَنَظَرْتُ فِيهَا، وَاِذَا جَعْفَرٌ، يَطِيرُ مَعَ الْمَلَائِكَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں آج رات جنت میں داخل ہوا تو میں نے دیکھا کہ وہاں حضرت جعفر فرشتوں کے ساتھ اُڑ رہے ہیں۔

1449 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا اَبُو شَيْبَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مِقْسَمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَاَيْتُ جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، مَلَكًا يَطِيرُ فِي الْجَنَّةِ، ذَا جَنَاحَيْنِ يَطِيرُ بِهِمَا، حَيْثُ يَشَاءُ مَقْصُوصَةٌ قَوَادِمُهُ بِالدِّمَاءِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں نے حضرت جعفر بن ابوطالب کو دیکھا کہ وہ فرشتوں کے ساتھ جنت میں اُڑ رہے ہیں' دو پَر ہیں جن کے ساتھ اُڑ رہے ہیں جہاں چاہیں' یہ پَر خون سے رنگے ہوئے ہیں۔

1450 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَمِّي اَبُو بَكْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ قُطْبَةَ

حضرت سالم بن ابوجعد فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خواب میں دکھایا گیا' آپ نے خواب میں حضرت

1447- اخرجه البخاری جلد4صفحه1553 رقم الحديث:4012 عن ابن أبی هلال عن نافع عن ابن عمر به .

بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: اُرِيَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي النَّوْمِ، فَرَاَى جَعْفَرًا مَلَكًا ذَا جَنَاحَيْنِ، مُضَرَّجًا بِالدِّمَاءِ، وَزَيْدٌ مُقَابِلُهُ عَلَى السَّرِيرِ

جعفر کو دیکھا کہ آپ فرشتوں کے ساتھ دو پَروں کے ساتھ اُڑ رہے ہیں' دونوں خون سے رنگے ہوئے ہیں' حضرت زید نے آپ کے سامنے پلنگ پر ہیں۔

1451 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَمِّي اَبُو بَكْرٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: لَمَّا اَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِينَ فَتَحَ خَيْبَرَ قِيلَ لَهُ: قَدْ قَدِمَ جَعْفَرٌ مِنْ عِنْدِ النَّجَاشِيِّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا اَدْرِي بِاَيِّهِمَا اَنَا اَشَدُّ فَرَحًا بِقُدُومِ جَعْفَرٍ، اَوْ فَتْحِ خَيْبَرَ، فَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ جب حضورﷺ کے پاس خیبر کے ہونے کی خبر آئی تو آپ سے عرض کی گئی: حضرت جعفر' نجاشی کے پاس سے آئے ہیں۔ حضورﷺ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے کہ میں جعفر کے آنے سے زیادہ خوش ہوں یا خیبر کے فتح ہونے پر۔ آپﷺ نے حضرت جعفر کے دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا۔

1452 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَرِّحٍ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ اَبُو وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ جَعْفَرٌ مِنْ هِجْرَةِ الْحَبَشَةِ، تَلَقَّاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَانَقَهُ، وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ، وَقَالَ: مَا اَدْرِي بِاَيِّهِمَا اَنَا اَسَرُّ، بِفَتْحِ خَيْبَرَ، اَوْ بِقُدُومِ جَعْفَرٍ

حضرت عون بن ابی جحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ حبشہ کی سرزمین سے رسول اللہﷺ کے پاس آئے' تو رسول اللہﷺ نے ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ لیا اور فرمایا: میں نہیں جانتا کہ مجھے جعفر کے آنے پر زیادہ خوشی ہے یا خیبر کے فتح ہونے کی۔

1453 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: لَمَّا اَتَتْ وَفَاةُ جَعْفَرٍ، عَرَفْنَا فِي وَجْهِ رَسُولِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی وفات کی خبر آئی' ہم نے رسول اللہﷺ کے چہرے سے معلوم کر لیا کہ آپ پریشان ہیں۔

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْحُزْنَ

1454 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: لَمَّا جَاءَ نَعِيُّ جَعْفَرٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلُوا لِآلِ جَعْفَرٍ طَعَامًا، فَاِنَّهُ قَدْ اَتَاهُمْ مَا يَشْغَلُهُمْ

حضرت عبداللہ بن جعفر فرماتے ہیں کہ جب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر آئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: آلِ جعفر کے لیے کھانا تیار کرو کیونکہ ان کو آج مصیبت نے گھیر رکھا ہے۔

1455 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ قُطْبَةَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، قَالَ: اُرِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ، اَصْحَابَ مُؤْتَةَ، فَرَاَى جَعْفَرًا مَلَكًا ذَا جَنَاحَيْنِ، مُضَرَّجَيْنِ بِالدِّمَاءِ، يَعْنِي مَصْبُوغَيْنِ

حضرت سالم بن ابوجعد فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کو خواب دکھایا گیا' آپ نے خواب میں اصحابِ مؤتہ کو دیکھا' آپ نے حضرت جعفر کو دو پَروں والے فرشتے کی شکل میں دیکھا' دونوں پَر خون سے رنگے ہوئے تھے۔

1456 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، اَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ اِذَا سَلَّمَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ ذِي الْجَنَاحَيْنِ

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب حضرت عبداللہ بن جعفر کو سلام کرتے تو عرض کرتے: اے دو پَروں والے کے صاحبزادے! آپ پر سلامتی ہو!

1457 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَمِّي، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِي زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ: اَنَّ جَعْفَرَ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، قُتِلَ يَوْمَ مُؤْتَةَ، بِالْبَلْقَاءِ

حضرت شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کو جنگ مؤتہ میں بلقاء کے مقام پر شہید کیا گیا۔

1458 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ

حضرت عبداللہ بن جعفر فرماتے ہیں کہ میں

الْمَدِينِيّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، قَالَ: كُنْتُ اَسْاَلُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الشَّيْءَ فَيَاْبَى عَلَيَّ، فَاَقُولُ: بِحَقِّ جَعْفَرٍ، فَإِذَا قُلْتُ بِحَقِّ جَعْفَرٍ اَعْطَانِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کوئی شی مانگتا تو آپ مجھے دینے سے انکار کر دیتے' میں عرض کرتا: حضرت جعفر کے وسیلہ سے عطا کر دو' جب میں حضرت جعفر کے وسیلہ سے مانگتا تو آپ مجھے عطا کرتے۔

1459 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْكِنْدِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ تَيْمُ اللّٰهِ بْنُ ثَعْلَبَةَ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ اِبْرَاهِيمُ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ جَعْفَرٌ يُحِبُّ الْمَسَاكِينَ، يَجْلِسُ اِلَيْهِمْ يُحَدِّثُهُمْ، وَيُحَدِّثُونَهُ وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُسَمِّيهِ اَبُو الْمَسَاكِينَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ مسکینوں سے محبت کرتے' ان کے پاس بیٹھتے' ان سے گفتگو کرتے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کا نام ابوالمساکین رکھا تھا۔

مَا اَسْنَدَ جَعْفَرٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ احادیث

1460 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ الدِّيبَاجِيُّ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ آدَمَ الْمِصِّيصِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، قَالَا: ثنا اَسَدُ بْنُ عَمْرٍو الْكُوفِيُّ، ثنا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الشَّعْبِيّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: بَعَثَتْ قُرَيْشٌ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، وَعُمَارَةَ بْنَ الْوَلِيدِ، بِهَدِيَّةٍ مِنْ اَبِي سُفْيَانَ، اِلَى النَّجَاشِيِّ، فَقَالُوا لَهُ،

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قریش نے عمرو بن عاص اور عمارہ بن ولید کو اُم سفیان سے تحفہ دے کر حضرت نجاشی کی طرف بھیجا' اُنہوں نے حضرت نجاشی سے فرمایا: ہم آپ کے پاس ہیں' آپ کی طرف ہمارے کمزور اور بیوقوف کو بھیجا ہے' ہمارے حوالے کر دیں۔ حضرت نجاشی نے فرمایا: ایسا نہیں ہوگا' جب تک ان کی بات نہ سنوں' حضرت نجاشی نے ہماری طرف اپنے بندے بھیجے۔ نجاشی نے کہا: آپ کیا کہتے ہیں؟

1459- أخرجه الترمذي في سننه جلد5 صفحه655 رقم الحديث: 3766 عن ابراهيم أبو اسحاق عن سعيد المقبري عن ابيه هريرة به .

وَنَحْنُ عِنْدَهُ: قَدْ بَعَثُوا اِلَيْكَ اُنَاسًا مِنْ سَفَلَتِنَا، وسُفَهَائِهِمْ فَادْفَعْهُمْ اِلَيْنَا، قَالَ: لَا، حَتَّى اَسْمَعَ كَلَامَهُمْ، فَبَعَثَ اِلَيْنَا، وَقَالَ: مَا تَقُولُونَ؟، فَقُلْنَا: اِنَّ قَوْمَنَا يَعْبُدُونَ الْاَوْثَانَ، وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بَعَثَ اِلَيْنَا رَسُولًا فَآمَنَّا بِهِ، وَصَدَّقْنَاهُ، فَقَالَ لَهُمُ النَّجَاشِيُّ: عَبِيدًا هُمْ لَكُمْ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَلَكُمْ عَلَيْهِمْ دَيْنٌ؟ قَالُوا: لَا، قَالَ: فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ فَخَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِ، فَقَالَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ: اِنَّ هٰؤُلَاءِ يَقُولُونَ فِي عِيسَى، غَيْرَ مَا تَقُولُونَ، قَالَ: اِنْ لَمْ يَقُولُوا فِي عِيسَى، مِثْلَ مَا اَقُولُ لَمْ اَدَعْهُمْ فِي اَرْضِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، قَالَ: فَاَرْسَلَ اِلَيْنَا، فَكَانَتِ الدَّعْوَةُ الثَّانِيَةُ اَشَدَّ عَلَيْنَا مِنَ الْاُولَى، فَقَالَ: مَا يَقُولُ صَاحِبُكُمْ فِي عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ؟ فَقُلْنَا: هُوَ يَقُولُ: هُوَ رُوحُ اللّٰهِ، وَكَلِمَتُهُ اَلْقَاهَا اِلَى الْعَذْرَاءِ الْبَتُولِ، قَالَ: فَاَرْسَلَ، فَقَالَ: ادْعُوا فُلَانًا الْقَسَّ، وَفُلَانًا الرَّاهِبَ، فَاَتَاهُ نَاسٌ مِنْهُمْ، فَقَالَ: مَا تَقُولُونَ فِي عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ؟ فَقَالُوا: اَنْتَ اَعْلَمُنَا، فَمَا تَقُولُ؟ قَالَ النَّجَاشِيُّ: فَاَخَذَ شَيْئًا مِنَ الْاَرْضِ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا عِيسَى مَا زَادَ عَلَى مَا قَالَ هٰؤُلَاءِ مِثْلَ هٰذَا، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: اَيُؤْذِيكُمْ اَحَدٌ؟ قَالُوا: نَعَمْ، فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: مَنْ آذَى اَحَدًا مِنْهُمْ، فَاَغْرِمُوهُ اَرْبَعَةَ دَرَاهِمَ، ثُمَّ قَالَ: يَكْفِيكُمْ؟ فَقُلْنَا: لَا، فَاَضْعَفَهَا، فَلَمَّا هَاجَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِينَةِ، وَظَهَرَ بِهَا، قُلْنَا لَهُ: اِنَّ صَاحِبَنَا قَدْ خَرَجَ اِلَى الْمَدِينَةِ، وَظَهَرَ

ہم نے کہا: ہم بتوں کی عبادت کرتے تھے اللہ عزوجل نے ہماری طرف رسول بھیجا' ہم اس پر ایمان لائے اور ان کی تصدیق کی۔ حضرت نجاشی نے ان کو کہا: یہ تمہارے غلام ہیں؟ انہوں نے کہا: نہیں! حضرت نجاشی نے کہا: کیا تمہارا ان پر قرض ہے؟ اُنہوں نے کہا: نہیں! حضرت نجاشی نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو! ہم حضرت نجاشی کے پاس سے نکلے۔ عمرو بن عاص نے کہا: یہ لوگ عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اس کے علاوہ کہتے ہیں جو تمہارا عقیدہ ہے۔ حضرت نجاشی نے کہا: اگر یہ لوگ حضرت عیسیٰ کے متعلق وہ نہ کہیں جو میں کہتا ہوں تو میں دن کی ایک گھڑی بھی ان کو اپنے ملک میں نہیں چھوڑوں گا! حضرت نجاشی نے ہماری طرف آدمی بھیجا' دوسری بار بلانا ہم پر زیادہ سخت تھا پہلی مرتبہ سے۔ نجاشی نے کہا: تمہارے صاحب حضرت عیسیٰ کے متعلق کیا کہتے ہیں؟ ہم نے کہا: وہ فرماتے ہیں: وہ روح اللہ ہیں اور اس کا وہ کلمہ جو کنواری بتول کی طرف القاء کیا گیا تھا۔ نجاشی نے کہا: فلاں قسی اور راہب کو بلاؤ! نجاشی نے کہا: تم حضرت عیسیٰ کے متعلق کیا کہتے ہو؟ اُنہوں نے کہا: آپ ہم سے زیادہ جانتے ہیں' آپ کیا کہتے ہیں۔ حضرت نجاشی نے کہا: زمین سے کوئی شی لی' پھر کہا: حضرت عیسیٰ اسی طرح تھے' ان کے متعلق انہوں نے اس سے زیادہ نہیں کہا ہے۔ پھر ان کو کہا: کیا تم کو کسی نے تکلیف دی ہے؟ اُنہوں نے کہا: جی ہاں! نجاشی نے منادی کو اعلان کرنے کا حکم دیا کہ اعلان کرو: جس نے

بِهَا، وَهَاجَرَ، وَقَتَلَ الَّذِينَ كُنَّا حَدَّثْنَاكَ عَنْهُمْ، وَقَدْ أَرَدْنَا الرَّحِيلَ إِلَيْهِ، فَزَوِّدْنَا، قَالَ: نَعَمْ، فَحَمَّلَنَا، وَزَوَّدَنَا، وَأَعْطَانَا، ثُمَّ قَالَ: أَخْبِرْ صَاحِبَكَ، مَا صَنَعْتُ إِلَيْكُمْ، وَهَذَا رَسُولِي مَعَكَ، وَأَنَا أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّهُ رَسُولُ اللَّهِ، فَقُلْ لَهُ يَسْتَغْفِرُ لِي، قَالَ جَعْفَرٌ: فَخَرَجْنَا حَتَّى أَتَيْنَا الْمَدِينَةَ، فَتَلَقَّانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاعْتَنَقَنِي، فَقَالَ: مَا أَدْرِي أَنَا بِفَتْحِ خَيْبَرَ أَفْرَحُ، أَوْ بِقُدُومِ جَعْفَرٍ، ثُمَّ جَلَسَ، فَقَامَ رَسُولُ النَّجَاشِيِّ، فَقَالَ: هُوَ ذَا جَعْفَرٌ، فَسَلْهُ مَا صَنَعَ بِهِ صَاحِبُنَا، فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَدْ فَعَلَ بِنَا كَذَا، وَحَمَّلَنَا، وَزَوَّدَنَا، وَنَصَرَنَا، وَشَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ، وَقَالَ: قُلْ لَهُ يَسْتَغْفِرُ لِي، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَضَّأَ ثُمَّ دَعَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلنَّجَاشِيِّ، فَقَالَ: الْمُسْلِمُونَ آمِينَ قَالَ جَعْفَرٌ: فَقُلْتُ لِلرَّسُولِ: انْطَلِقْ، فَأَخْبِرْ صَاحِبَكَ مَا رَأَيْتَ، مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ مُحَمَّدِ بْنِ آدَمَ

ان کو تکلیف دی ہے وہ چار درہم بطور تاوان کے دیں۔ پھر کہا: تمہیں کافی ہے؟ ہم نے کہا: نہیں! اس کو دفنا کریں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ شریف کی طرف ہجرت کی اور وہاں پر غالب ہوئے۔ ہم نے کہا: ہمارے صاحب مدینہ کی طرف نکلے تو وہاں غلبہ پا لیا ہے اور ہجرت کی ہے اور ان لوگوں کو قتل کیا ہے جن کے بارے ہم آپ سے گفتگو کر رہے تھے' ہم نے واپسی کا ارادہ کر لیا ہے ہم کو زادِ راہ دیں۔ حضرت نجاشی نے کہا: جی ہاں! ہم کو سواریاں دیں اور زادِ راہ دیا اور بھی دیا' پھر کہا: تم اپنے صاحب کو بتانا کہ میں نے تمہارے ساتھ جو اچھا سلوک کیا' یہ میرا قاصد ہے' آپ کے ساتھ ہے' میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور آپ اللہ کے رسول ہیں اور آپ سے میرے لیے بخشش کی دعا کروانا۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم نکلے' ہم مدینہ آئے' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے معانقہ کیا' آپ نے فرمایا: مجھے معلوم نہیں ہے کہ میں خیبر کے فتح ہونے پر یا اے جعفر! آپ کے آنے پر زیادہ خوش ہوا ہوں۔ پھر آپ بیٹھے' حضرت نجاشی کا نمائندہ کھڑا ہوا' اُس نے کہا: یہ جعفر ہیں' ان سے پوچھیں ہمارے صاحب نے ان کے ساتھ کیا سلوک کیا ہے؟ میں نے کہا: ہمارے ساتھ ایسے ایسے کیا' ہمیں سواریاں دیں اور زادِ راہ دیا' ہماری مدد کی اور گواہی دی کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اور عرض کی کہ آپ سے عرض کریں کہ آپ ان

کے لیے بخشش کی دعا کریں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے وضو کیا، تین مرتبہ دعا کی: اے اللہ! نجاشی کو بخش دے! صحابہ کرام نے آمین کہی۔ حضرت جعفر فرماتے ہیں: ہم نے اس کے نمائندے سے کہا: آپ جائیں اور اپنے صاحب کو بتانا جو آپ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے طریقہ دیکھا ہے۔ حدیث کے یہ الفاظ محمد بن آدم کے ہیں۔

1461 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَكَّائِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بَشِيرٍ، كِلَاهُمَا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّجَاشِيَّ سَأَلَهُ مَا دِينُكُمْ؟ قَالَ: بُعِثَ فِينَا رَسُولٌ نَعْرِفُ لِسَانَهُ، وَصِدْقَهُ، وَوَفَاءَهُ، فَدَعَانَا إِلَى أَنْ نَعْبُدَ اللّٰهَ، وَحْدَهُ لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، وَخَلَعَ مَا كَانَ يَعْبُدُ قَوْمُنَا، وَغَيْرُهُمْ مِنْ دُونِهِ يَأْمُرُنَا بِالْمَعْرُوفِ، وَيَنْهَانَا عَنِ الْمُنْكَرِ، وَأَمَرَنَا بِالصَّلَاةِ، وَالصِّيَامِ، وَالصَّدَقَةِ، وَصِلَةِ الرَّحِمِ، فَدَعَانَا إِلَى مَا نَعْرِفُ، وَقَرَأَ عَلَيْنَا تَنْزِيلًا جَاءَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، لَا يُشْبِهُهُ غَيْرُهُ، فَصَدَّقْنَاهُ، وَآمَنَّا بِهِ، وَعَرَفْنَا أَنَّ مَا جَاءَ بِهِ حَقٌّ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ، فَفَارَقْنَا عِنْدَ ذَلِكَ قَوْمَنَا، فَآذَوْنَا، وَقَهَرُونَا، فَلَمَّا أَنْ

حضرت جعفر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت نجاشی نے پوچھا: تمہارا دین کیا ہے؟ میں نے کہا: ہم میں رسول بھیجے گئے ہیں، ہم اس کی زبان جانتے ہیں اور ہمیں اس کی سچائی اور وعدہ وفائی کی خبر ہے، ہم کو اللہ کی عبادت کے لیے بلواتے ہیں کہ وہ اللہ اکیلا ہے اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ اور اس کو چھوڑ دیا جس کی لوگ عبادت کرتے ہیں، ہم کو نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے منع کرتے ہیں، نماز، روزہ، زکوٰۃ، صلہ رحمی کا حکم دیتے ہیں، جو ہمارے لیے بہتر ہے اُس کی دعوت دیتے ہیں، اللہ کی طرف سے نازل کردہ قرآن کی تلاوت ہم پر کرتے ہیں، اس کے مشابہ کوئی کلام نہیں ہے، ہم نے اس کی تصدیق کی ہے اور اس پر ایمان لائے ہیں، ہم جانتے ہیں کہ جو اللہ کی طرف سے آیا ہے وہ حق ہے، ہم ایسی قوم سے آئے ہیں جو دو حصوں میں بٹ چکی ہے انہوں نے ہمیں تکلیف دی ہے اور ہم پر غالب ہے ہمارے حوالے سے وہ جس مقام پر پہنچے ہیں وہ ہمارے لیے تکلیف دہ ہے، ہم ان کا مقابلہ نہیں کر سکتے ہیں، ہم

بَلَغُوا مِنَّا مَا نَكْرَهُ، وَلَمْ نَقْدِرْ عَلَى اَنْ نَمْتَنِعَ مِنْهُمْ، خَرَجْنَا اِلَى بَلَدِكَ، وَاخْتَرْنَاكَ عَلَى مَنْ سِوَاكَ، فَقَالَ النَّجَاشِيُّ: اذْهَبُوا، فَاَنْتُمْ سُيُومٌ بِاَرْضِي، يَقُولُ آمِنُونَ مَنْ سَبَّكُمْ غَرِمَ

آپ کے شہر کی طرف آئے ہیں' ہم نے آپ کو دوسروں کے مقابلہ میں پسند کیا۔ حضرت نجاشی نے فرمایا: جاؤ! تم میرے ملک میں کھلے عام رہو' تم امن والے ہو' جو تم کو بُرا کہے گا اس سے جرمانہ لیا جائے گا۔

جُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ يُكْنَى اَبَا مُحَمَّدٍ، وَيُقَالُ اَبَا عَدِيٍّ

حضرت جبیر بن مطعم بن عدی بن نوفل بن عبد مناف' آپ کی کنیت ابومحمد ہے اور آپ کو ابوعدی بھی کہا جاتا ہے

وَاُمُّهُ اُمُّ حَبِيبٍ بِنْتُ شُعْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَيْسِ بْنِ عَبْدِ وَدِّ بْنِ نَصْرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَسَلِ بْنِ عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ، وَاُمُّهَا بِنْتُ الْعَاصِ بْنِ اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، تُوُفِّيَ سَنَةَ تِسْعٍ وَخَمْسِينَ

آپ کی والدہ اُم حبیب بنت شعبہ بن عبداللہ بن ابوقیس بن عبدود بن نصر بن مالک بن حسل بن عامر بن لؤی' اور اُن کی والدہ بنت العاص بن امیہ بن عبدشمس بن عبدمناف' آپ کا وصال 57 ہجری میں ہوا۔

سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

سلیمان بن صرد' جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1462 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ الْخُزَاعِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: ذَكَرُوا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْغُسْلَ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ: اَمَّا اَنَا،

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غسل جنابت کا ذکر ہوا' آپ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتا ہوں' پھر آپ نے اپنے ہاتھ کے ساتھ اشارہ کیا' ایسے کہ گویا دونوں ہاتھوں کے ساتھ اپنے سر پر پانی ڈال رہے

1462- اخرجه البخاري في صحيحه جلد 1 صفحه 101 رقم الحديث: 251' أبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 62 رقم الحديث: 239' ونحوه النسائي في المجتبى جلد 1 صفحه 135 رقم الحديث: 250' وابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 190 رقم الحديث: 575 كلهم عن أبي اسحاق عن سليمان بن صرد عن جبير بن مطعم به .

فَأُفِيضُ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثًا، ثُمَّ أَشَارَ بِيَدِهِ، كَأَنَّهُ يُفِيضُ بِهِمَا، عَلَى الرَّأْسِ

ہوں۔

1463 - حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ يَعْقُوبَ الْقَاضِي، وَمُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَا: ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، أَنَا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ: أَمَّا أَنَا فَأُفْرِغُ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثًا

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر ہوا' آپ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتا ہوں۔

1464 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ يَحْيَى الْأُشْنَانِيُّ، قَالَا: ثنا زَائِدَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، غُسْلَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا أَنَا فَأُفِيضُ عَلَى رَأْسِي مَرَّاتٍ مِنَ الْمَاءِ، فَأَغْسِلُ رَأْسِي مِنَ الْجَنَابَةِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے باہم ایک دوسرے سے حضورﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر کئی مرتبہ پانی ڈالتا ہوں' پس میں جنابت سے اپنے سر کو دھوتا ہوں۔

1465 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا إِسْرَائِيلُ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ الضَّبِّيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: تَذَاكَرْنَا غُسْلَ الْجَنَابَةِ، عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَّا: كَيْفَ نَفْعَلُ؟، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے باہم آپس میں حضورﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر کیا' ہم میں سے ایک آدمی نے کہا: یہ کیسے کریں؟ حضورﷺ نے فرمایا: میں تو چلّو بھر پانی اپنے ہاتھ میں لیتا ہوں' اپنے سر پر ڈالتا ہوں' پھر اس کے بعد اپنے سارے جسم پر ڈالتا ہوں۔

وَسَلَّمَ: اَمَّا اَنَا، فَآخُذُ مِلْءَ كَفِّي، فَأُفِيضُ عَلَى رَأْسِي، ثُمَّ اُفِيضُ بَعْدُ عَلَى سَائِرِ جَسَدِي

1466 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي ح وثنا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، قَالُوا: ثنا زُهَيْرٌ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّهُمْ ذَكَرُوا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْغُسْلَ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَنَا فَأُفِيضُ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثًا، وَاَشَارَ بِيَدَيْهِ كِلْتَيْهِمَا

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرام نے حضور ﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر کیا' آپ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتا ہوں' پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ کے ساتھ اشارہ کیا۔

1467 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ مَطَرٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: تَمَارَيْنَا فِي الْغُسْلِ، عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَنَا، فَاَصُبُّ عَلَى رَأْسِي ثَلَاثَةَ اَكُفٍّ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہمارے درمیان باہم تکرار ہوگئی' حضور ﷺ کے پاس غسل جنابت کے بارے میں' آپ ﷺ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین چلو پانی ڈالتا ہوں۔

1468 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، وَيُوسُفُ الْقَاضِي، قَالَا: ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: تَمَارَوْا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْغُسْلِ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر ہوا' آپ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتا ہوں۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَنَا، فَاُفِيضُ عَلَى رَاْسِى ثَلَاثًا

1469 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنُ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِىُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِىُّ، قَالَا: ثنا سَهْلُ بْنُ عُثْمَانَ، ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِى زَائِدَةَ، حَدَّثَنِى اَبِى، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ الْغُسْلُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَمَّا اَنَا، فَاِنَّهُ يَكْفِينِى اَنْ اَصُبَّ عَلَى رَاْسِى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، مِلْءَ كَفِّى مِنَ الْجَنَابَةِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر ہوا' آپ نے فرمایا: مجھے بس اتنی بات کافی ہوتی ہے کہ میں تو جنابت سے چلّو بھر پانی اپنے سر پر تین مرتبہ ڈالتا ہوں۔

1470 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْاَصْبَهَانِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا اَبِى، ثنا وَرْقَاءُ، عَنْ اَبِى اِسْحَاقَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: ذَكَرْنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْغُسْلَ مِنَ الْجَنَابَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا اَنَا، فَاَتَوَضَّاُ، وُضُوئِى لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ آخُذُ مِلْءَ كَفِّى، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَاَصُبُّهُ عَلَى رَاْسِى، ثُمَّ اَغْتَسِلُ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے پاس غسل جنابت کرنے کا ذکر کیا' فرمایا: میں نماز جیسا وضو کرتا ہوں' پھر چلّو بھر پانی لے کر تین مرتبہ اپنے سر پر ڈالتا ہوں' پھر غسل کرتا ہوں۔

1471 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْخَضِرِ الْمَرْوَزِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمَرْوَزِىُّ، ثنا اَبُو مُعَاذٍ النَّحْوِىُّ الْفَضْلُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اَبُو حَمْزَةَ السُّكَّرِىُّ، عَنْ رَقَبَةَ بْنِ مَصْقَلَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: ذُكِرَ غُسْلُ الْجَنَابَةِ، عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَمَّا اَنَا، فَاِنِّى اَصُبُّ عَلَى

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس غسل جنابت کا ذکر ہوا' آپ نے فرمایا: میں تو اپنے سر پر تین مرتبہ پانی انڈیلتا ہوں۔

رَأْسِي ثَلَاثًا

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَزْهَرَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

حضرت عبدالرحمٰن بن ازہر حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1472 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ، وَعُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، قَالَا: ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَزْهَرَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْقُرَشِيِّ قُوَّةُ رَجُلَيْنِ، مِنْ غَيْرِ قُرَيْشٍ فَسَاَلَ ابْنَ شِهَابٍ سَائِلٌ، مَا يَعْنِي بِذَاكَ، قَالَ: نُبْلُ الرَّاْيِ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک قریشی کی قوت دو آدمیوں کے برابر ہے' قریش کے علاوہ۔ ابن شہاب سے پوچھا گیا: اس سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: تیراندازی کرنے میں۔

بَابُ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ

یہ باب ہے کہ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

1473 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقْرَاُ فِي

حضرت محمد بن مطعم بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو سنا کہ آپ نمازِ مغرب میں سورۂ طور کی تلاوت کر رہے تھے۔

1473- أخرجه البخاری فی صحیحه جلد3صفحه1110 رقم الحدیث: 2885' جلد4صفحه1475 رقم الحدیث: 3798' جلد4صفحه1839 رقم الحدیث: 4573' والدارمی فی سننه جلد 1صفحه336 رقم الحدیث: 1295' وابن ماجه فی سننه جلد 1صفحه272 رقم الحدیث: 832 کلهم عن الزهری عن محمد بن جبیر بن مطعم عن أبیه به .

الْمَغْرِبِ، بِالطُّورِ

1474 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَرَاَ بِالطُّورِ، فِي الْمَغْرِبِ

حضرت محمد بن مطعم بن جبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو سنا کہ آپ نمازِ مغرب میں سورۂ طور کی تلاوت کر رہے تھے۔

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ اللہ اپنے ذمہ میں سے کسی شی کو تم سے طلب کرے۔

1633 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى الصُّبْحَ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے، پس اللہ اپنا ذمہ تم سے مانگ نہ لے۔

فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ فِي ذِمَّتِهِ

1634 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يُوسُفَ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا مُعْتَمِرٌ، كِلَاهُمَا عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، وَإِيَّاكَ ابْنَ آدَمَ أَنْ يَطْلُبَكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے اے آدمی! اس بات سے ڈر کہ اللہ اپنے ذمہ میں سے کوئی چیز تجھ سے مانگے۔

1635 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے کہیں اللہ کے ذمہ کا تم سے مطالبہ نہ ہو جائے۔

1636 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَلَا مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہ حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے کہیں اللہ اپنے ذمہ سے کوئی شی تم سے مانگ نہ لے۔

1637 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ الثَّوْرِيِّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ،

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حضرت مصعب امیر تھے تو میں اُن کے پاس جا بیٹھا تو اُنہوں نے فرمایا: بے شک اس قوم کے

قَالَ: جَلَسْتُ اِلَيْهِ فِي اِمَارَةِ الْمُصْعَبِ، فَقَالَ: اِنَّ هَؤُلَاءِ الْقَوْمَ قَدْ وَلَغُوا فِي دِمَائِهِمْ وَتَحَالَفُوا عَلَى الدُّنْيَا وَتَطَاوَلُوا فِي الْبِنَاءِ، وَاِنِّي اُقْسِمُ بِاللّٰهِ، لَا يَاْتِي عَلَيْكُمْ اِلَّا يَسِيرٌ حَتَّى يَكُونَ الْجَمَلُ الضَّابِطُ وَالْحِبْلَانُ وَالْقَتَبُ اَحَبَّ اِلَى اَحَدِكُمْ مِنَ الدَّسْكَرَةِ الْعَظِيمَةِ، تَعْلَمُونَ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحُولَنَّ بَيْنَ اَحَدِكُمْ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ يَرَى بَابَهَا مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمِ امْرِءٍ مُسْلِمٍ اَهْرَاقَهُ بِغَيْرِ حِلِّهِ، اَلَا مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ مِنْ ذِمَّتِهِ بِشَيْءٍ

خونریزی شروع کر دی ہے دنیا کے معاملے میں قسمیں کھانے لگے ہیں مقابلے میں عمارتیں بنا رہے ہیں میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں: تم پر یہ وقت تھوڑی دیر رہے گا یہاں تک کہ طاقتور اونٹ اونٹ کے بچے اور کجاوے تم میں سے کسی ایک کے نزدیک بہت بڑی بستی سے زیادہ پسندیدہ ہوں گے تم جانتے ہو کہ میں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تمہارے جنت کے درمیان جبکہ وہ جنت کا دروازہ دیکھ رہا ہو مٹھی بھر مسلمان آدمی کا خون جو اس نے حلال ہونے کے بغیر بہایا خبردار! جس نے صبح کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے اللہ تم سے اپنے ذمہ کا مطالبہ نہ کرے۔

1638 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَارُودِيُّ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اُسَيْدُ بْنُ عَاصِمٍ، ثنا عَامِرُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا يَعْقُوبُ الْقُمِّيُّ، عَنْ عَنْبَسَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا اَيُّهَا النَّاسُ لَا يَحُولَنَّ بَيْنَ اَحَدِكُمْ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ اَهْرَاقَهُ ظُلْمًا، مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ، يَا ابْنَ آدَمَ فَلَا يَطْلُبَنَّكَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: ہرگز تم میں سے کسی کے اور جنت کے درمیان کسی مسلمان کا ناحق خون حائل نہ ہو جائے خبردار! جس نے فجر کی نماز پڑھ لی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے اے ابن آدم! تم سے اللہ کسی شی کا مطالبہ نہ کرے۔

1639 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ، وَسُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں سے طاقت رکھے کہ اس کے اور جنت کے درمیان کسی مسلمان کا ناحق خون حائل نہ ہو جس طرح کہ مرغی ذبح کرنا جب بھی

نُحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ اَنْ لَا يَحُولَنَّ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ يُهْرِيقُهُ كَاَنَّمَا يَذْبَحُ دَجَاجَةً، كُلَّمَا تَقَدَّمَ لِبَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ حَالَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ، مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ لَا يُدْخِلَ بَطْنَهُ اِلَّا طَيِّبًا، فَاِنَّ اَوَّلَ مَا يُنْتِنُ مِنَ الْاِنْسَانِ بَطْنُهُ

جنت کے دروازوں میں سے کسی پر آئے گا تو یہ اس کے اور جنت کے درمیان حائل ہوگا' جو تم میں سے طاقت رکھے وہ اپنے پیٹ میں پاک شی ہی داخل کرے کیونکہ یہ پہلی شی ہوگی جو انسان کے پیٹ سے بدبودار ہوگی۔

1640 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، ح وَحَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَقِيَ آدَمُ مُوسَى صَلَّى الله عَلَيْهِمَا، فَقَالَ مُوسَى: اَنْتَ آدَمُ الَّذِي خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ وَاَسْكَنَكَ جَنَّتَهُ وَاَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، ثُمَّ فَعَلْتَ مَا فَعَلْتَ فَاَخْرَجْتَ ذُرِّيَّتَكَ مِنَ الْجَنَّةِ؟ قَالَ آدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اَنْتَ مُوسَى الَّذِي اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِرِسَالَتِهِ وَكَلَّمَكَ وَقَرَّبَكَ نَجِيًّا؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَنَا اَقْدَمُ اَمِ الذِّكْرُ؟ قَالَ: بَلِ الذِّكْرُ" ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام' موسیٰ علیہ السلام سے ملے۔ حضرت موسیٰ نے عرض کی: آپ آدم ہیں! جن کو اللہ نے اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا اور جنت میں ٹھہرایا اور آپ کو فرشتوں نے سجدہ کیا' پھر آپ نے کیا جو کرنا تھا اور اپنی اولاد کو جنت سے نکالا؟ حضرت آدم نے فرمایا: آپ وہ موسیٰ ہیں جن کو اللہ نے اپنی رسالت اور کلام اور قرب کے لیے چنا؟ حضرت موسیٰ نے عرض کی: جی ہاں! میں پہلے یا ذکر؟ حضرت موسیٰ نے عرض کی: ذکر (مراد تقدیر)۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام' موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔

1641 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، ثنا الْحَسَنُ،

حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم سے پہلے ایک آدمی کو

1641- أخرجه البخارى فى صحيحه جلد3صفحه1275 رقم الحديث: 3276 عن جرير عن الحسن عن جندب به .

ثنا جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " جُرِحَ رَجُلٌ فِيمَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ جِرَاحًا فَجَزِعَ مِنْهُ فَأَخَذَ سِكِّينًا فَحَزَّ بِهَا يَدَهُ فَمَا رَقَأَ عَنْهُ الدَّمُ حَتَّى مَاتَ، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: عَبْدِي بَادَرَنِي نَفْسَهُ، حَرَّمْتُ عَلَيْكَ الْجَنَّةَ

زخمی کیا گیا' وہ اس سے ڈرا اور اس نے چھری لے کر اپنے ہاتھ سے اپنے آپ کو ماری' اس سے خون نکلا اور وہ مر گیا۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: میرے بندے نے اپنے متعلق جلدی کی' اس پر جنت حرام کی گئی۔

1642 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَةٌ بِالسَّيْفِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جادوگر کی سزا تلوار کے ساتھ مارنا ہے۔ (نوٹ: حضرت علامہ مولانا جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ کے نزدیک ساحر کی سزا یہ ہے کہ اسے قتل کر دیا جائے اور اس کی توبہ قبول نہ کی جائے۔ روح المعانی' ضیاء القرآن' ج ۱ ص ۷۹' مطبوعہ ضیاء القرآن)

1643 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ التُّرْكِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَيَّارٍ، ثنا خَالِدٌ الْعَبْدُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَدُّ السَّاحِرِ ضَرْبَةٌ بِالسَّيْفِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جادوگر کی سزا تلوار کے ساتھ مارنا ہے۔

أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْجُشَمِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت ابوعبداللہ جشمی' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1644 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ

حضرت ابوعبداللہ جشمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی آیا' اُس نے اپنی سواری بٹھائی' پھر

1642- أخرجه الترمذي في سننه جلد4صفحه60 رقم الحديث: 1460' والدارقطني في سننه جلد 3صفحه114 رقم الحديث: 112 والحاكم في مستدركه جلد4صفحه401 رقم الحديث: 8073 كلهم عن اسماعيل بن مسلم عن الحسن عن جندب به .

1644- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد4صفحه271 رقم الحديث: 4885' وأحمد في مسنده جلد4صفحه312 كلاهما عن الجريري عن أبي عبد الله الجشمي عن جندب به .

عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنِي اَبِي، حَدَّثَنِي الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجُشَمِيِّ، ثنا جُنْدُبٌ، قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، ثُمَّ عَقَلَهَا ثُمَّ صَلَّى خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى رَاحِلَتَهُ فَاَطْلَقَ عِقَالَهَا، ثُمَّ رَكِبَهَا، ثُمَّ نَادَى: اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي وَمُحَمَّدًا وَلَا تُشْرِكْ فِي رَحْمَتِنَا اَحَدًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَقُولُونَ؟ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيرُهُ؟ لَقَدْ حَظَرَ رَحْمَةً وَاسِعَةً، اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَ مِائَةَ رَحْمَةٍ ثُمَّ اَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً تَعَاطَفَ بِهَا الْخَلَائِقُ جِنُّهَا وَاِنْسُهَا وَبَهَائِمُهَا، وَعِنْدَهُ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ اَتَقُولُونَ هُوَ اَضَلُّ اَمْ بَعِيرُهُ؟

اسے باندھا' پھر حضورﷺ کے پیچھے نماز پڑھی جب حضورﷺ نے سلام پھیرا تو وہ اپنی سواری کے پاس آیا' اسے کھولا اور اُس پر سوار ہوا' پھر یہ دعا کرنے لگا: اے اللہ! مجھے اور محمدﷺ کو راحت دے! اپنی رحمت میں ہمارے ساتھ کسی اور کو شریک نہ کر! حضورﷺ نے فرمایا: تم کیا کہتے ہو؟ یہ زیادہ گمراہ ہے یا اس کا اونٹ! اس نے وسیع رحمت کو کم کر دیا' اللہ عزوجل نے رحمت کے سو حصے پیدا کیے ہیں' پھر ان میں سے ایک نازل کیا ہے' اس کے ذریعے جن' انسان' جانور آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور ننانوے اس کے پاس ہیں' کیا تم کہتے ہو کہ یہ زیادہ گمراہ ہے یا اس کا اونٹ؟

اَبُو السَّوَّارِ الْعَدَوِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت ابوالسوار العدوی' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1645 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ التَّمَّارُ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي السَّوَّارِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى الْغَدَاةَ فَلَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز پڑھی' وہ اللہ کے ذمہ میں ہے۔

1646 - اَوْ كَمَا قَالَ: وَبَلَغَنِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُخْفِرْ ذِمَّتِي كُنْتُ خَصْمَهُ، وَمَنْ خَاصَمْتُهُ خَصَمْتُهُ

یا جس طرح فرمایا: اور مجھے یہ بات پہنچی کہ رسول کریمﷺ نے فرمایا: جو میرے عہد و پیان کو توڑتا ہے' میں اس کا مدمقابل ہوں گا اور جس کے مقابلے میں' میں لڑوں گا تو میں ہی اس پر غالب آؤں گا۔

1647 - ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ عُبَيْدَةَ التَّمَّارُ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِي السَّوَّارِ، عَنْ جُنْدُبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَلَّى صَلَاتَنَا، وَاسْتَقْبَلَ قِبْلَتَنَا، وَاَكَلَ ذَبِيحَتَنَا، فَذَاكَ الْمُسْلِمُ لَهُ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُولِهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے ہماری نماز اور ہمارے قبلہ کی طرف رخ کیا اور ذبح کھایا' وہ مسلمان ہے' وہ اللہ اور اُس کے رسول کے ذمہ میں ہے۔

1648 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ اَبِي السَّوَّارِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ بَعَثَ رَهْطًا وَبَعَثَ عَلَيْهِمْ اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ اَوْ عُبَيْدَةَ، فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَنْطَلِقَ بَكَى صُبَابَةً اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسَ فَبَعَثَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَحْشٍ مَكَانَهُ، وَكَتَبَ لَهُ كِتَابًا وَاَمَرَهُ اَنْ لَا يَقْرَاَ الْكِتَابَ حَتَّى يَبْلُغَ مَكَانَ كَذَا وَكَذَا، وَقَالَ: لَا تُكْرِهَنَّ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِكَ عَلَى الْمَسِيرِ مَعَكَ ، فَلَمَّا قَرَاَ الْكِتَابَ اسْتَرْجَعَ ثُمَّ قَالَ: سَمْعٌ وَطَاعَةٌ لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ، فَخَبَّرَهُمُ الْخَبَرَ وَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْكِتَابَ، فَرَجَعَ رَجُلَانِ وَمَضَى بَقِيَّتُهُمْ، فَلَقُوا ابْنَ الْحَضْرَمِيِّ فَقَتَلُوهُ، وَلَمْ يَدْرُوا اَنَّ ذٰلِكَ الْيَوْمَ مِنْ رَجَبٍ اَوْ جُمَادَى، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ لِلْمُسْلِمِينَ قَتَلْتُمْ فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (يَسْاَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ) (البقرة: **217**) الْآيَةَ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: اِنْ لَمْ يَكُونُوا

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے ایک گروہ بھیجا ان پر امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح یا عبیدہ کو مقرر کیا' جب جانے لگے تو حضورﷺ کے سامنے غلبہ شوق سے رونے لگے' یہ بیٹھ گئے' ان پر امیر حضرت عبداللہ بن جحش کو ان کی جگہ بھیجا' ان کے لیے ایک خط لکھا اور حکم دیا کہ اس خط کو فلاں فلاں جگہ پڑھنا اور کسی ساتھی کو اپنے ساتھ لے جانے پر مجبور نہ کرنا۔ جب خط پڑھا' انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا' پھر فرمایا: سنا اور اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کی' ساتھ والوں کو خبر دی' ان کے سامنے خط پڑھا۔ دو آدمی واپس آ گئے' باقی چلے۔ ابن حضرمی کو ملے' اس کو قتل کیا' انہیں پتہ نہ چلا کہ یہ دن رجب سے ہے یا جمادی سے' مشرکوں نے مسلمانوں سے کہا: تم شہر حرام میں قتل کرتے ہو۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''آپ سے حرمت والے مہینے کے بارے میں قتل کے متعلق پوچھتے ہیں'' ان میں سے بعض کہنے لگے: ان کو بوجھ نہیں پہنچا' ان کے لیے کوئی گناہ نہیں ہے' تو اجر بھی نہیں ہے تو اللہ عزوجل نے یہ

اَصَابُوا وِزْرًا فَلَيْسَ لَهُمْ اَجْرٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (اِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اُولَئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَةَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ)

آیت نازل فرمائی: ''وہ لوگ جو ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا' ایسے لوگ اللہ کی رحمت کے اُمیدوار ہیں' اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے''۔

اَبُو مِجْلَزٍ لَاحِقُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت ابومجلز لاحق بن حمید' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1649 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ كِلَاهُمَا، عَنْ عِمْرَانَ الْقَطَّانِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ جُنْدُبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ تَحْتَ رَايَةِ عُمِّيَّةٍ يَنْصُرُ عَصَبِيَّةً وَيَغْضَبُ لِلْعَصَبِيَّةِ فَقِتْلَةٌ جَاهِلِيَّةٌ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو عصبیت کے جھنڈے کے نیچے مارا گیا' اس حال میں کہ وہ خاندانی عصبیت کی مدد کر رہا ہے اور صرف عصبیت کی وجہ سے غصہ کر رہا ہے' وہ جاہلیت کی موت مرا۔

اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت ابوعمران الجونی' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1650 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، وَالْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَا:

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے

1649- أخرجه ابن حبان في صحيحه جلد**10**صفحه**440** رقم الحديث: **4579** عن قتادة عن أبي مجلز عن جندب به .

1650- أخرجه الترمذي في صحيحه جلد **5**صفحه**200** رقم الحديث: **2952**' والطبراني في الاوسط جلد**5**صفحه**208** رقم الحديث: **5101**' والروياني في مسنده جلد**2**صفحه**145** رقم الحديث: **968**' وأبو يعلى في مسنده جلد**3** صفحه**90** رقم الحديث: **1520** .

ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ، ثنا سُهَيْلُ بْنُ اَبِی حَزْمٍ، حَدَّثَنَا اَبُو عِمْرَانَ الْجَوْنِیُّ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ فِی الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَاَصَابَ فَقَدْ اَخْطَاَ

سے کی اگرچہ درست کی اُس نے غلطی کی۔

1651 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمُ اَبُو النُّعْمَانِ، وَعَاصِمُ بْنُ عَلِیٍّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، وَسَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، قَالَا: ثنا الْحَارِثُ بْنُ عُبَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَلِیٌّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِیُّ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، ثنا سَلَّامُ بْنُ اَبِی مُطِيعٍ، كُلُّهُمْ عَنْ اَبِی عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اجْتَمِعُوا عَلَى الْقُرْآنِ مَا ائْتَلَفْتُمْ عَلَيْهِ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ فَقُومُوا

حضرت جندب رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قرآن پڑھو! جب تک دل سے پڑھو جب دل اُکتا جائے تو چھوڑ دو۔

1652 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِیُّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُوسَى النَّحْوِیُّ، ثنا اَبُو عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوبُكُمْ فَاِذَا اخْتَلَفَتْ فَقُومُوا

حضرت جندب رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قرآن پڑھو! جب تک دل سے پڑھو جب دل اُکتا جائے تو چھوڑ دو۔

1653 - حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمَّارٍ الْمَوْصِلِیُّ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ الْفُرَافِصَةِ، عَنْ اَبِی عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ، عَنْ جُنْدُبٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اجْتَمِعُوا عَلَى الْقُرْآنِ مَا ائْتَلَفْتُمْ عَلَيْهِ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فَقُومُوا

حضرت جندب رضی اللہ عنہ' حضورﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: قرآن پڑھو! جب تک دل سے پڑھو جب دل اُکتا جائے تو چھوڑ دو۔

1654 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ، قَالَ: سَأَلْتُ جُنْدُبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ هَلْ كُنْتُمْ تُسَخِّرُونَ الْعَجَمَ؟ قَالَ: كُنَّا نُسَخِّرُهُمْ مِنْ قَرْيَةٍ إِلَى قَرْيَةٍ يَدُلُّونَا عَلَى الطَّرِيقِ ثُمَّ نُخَلِّيهِمْ

حضرت ابوعمران فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جندب بن عبداللہ سے پوچھا: کیا تم عجم کو مسخر کرتے تھے؟ فرمایا: ہم ایک بستی سے دوسری بستی تک مسخر کرتے تھے، وہ ہمیں راستے پر ڈالتے، پھر ہم انہیں چھوڑ دیتے۔

1655 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا ابْنُ عَائِشَةَ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، قَالَ: قُلْتُ لِجُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ إِنِّي بَايَعْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلَى أَنْ أُقَاتِلَ أَهْلَ الشَّامِ، قَالَ: لَعَلَّكَ تَقُولُ أَفْتَانِي جُنْدُبٌ وَاقْتَدِي، قَالَ: قُلْتُ: مَا أُرِيدُ ذَلِكَ وَلَكِنِّي أَسْتَفْتِيكَ لِتُفْتِيَنِي، قَالَ: فَقَالَ: افْتَدِ بِمَالِكَ، قُلْتُ: لَا يُقْبَلُ مِنِّي، قَالَ جُنْدُبٌ: كُنْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا حَزَوَّرًا وَأَنَّ فُلَانًا أَخْبَرَنِي أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يَجِيءُ الْمَقْتُولُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقَاتِلِهِ مُتَعَلِّقٌ بِهِ فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيمَ قَتَلْتُمْ هَذَا؟ فَيَقُولُ: فِي مُلْكِ فُلَانٍ " فَاتَّقِ لَا تَكُونُ ذَلِكَ الرَّجُلَ

حضرت ابوعمران الجونی فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کہا: میں نے ابن زبیر کی بیعت کی شام والوں سے لڑنے پر۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہوسکتا ہے تُو کہے کہ جندب نے مجھے فتویٰ دی ہے اور میں اقتداء کروں۔ میں نے عرض کی: میرا اس سے مقصد یہ نہیں تھا بلکہ اپنے متعلق پوچھنا چاہتا تھا۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اپنا مال فدیہ دے۔ میں نے عرض کی: مجھ سے قبول نہ ہوگا۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے زمانہ میں جوانی کے قریب بچوں میں تھا، مجھے فلاں نے خبر دی کہ آپ نے فرمایا: مقتول قیامت کے دن اپنے قاتل کو پکڑ کر لائے گا، اللہ عزوجل فرمائے گا: تم نے کس جرم میں اس کو قتل کیا تھا؟ وہ فرمائے گا: فلاں کے ملک کے حصول کی خاطر! تُو اللہ سے ڈر وہ آدمی نہ ہوتا۔

1656 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ تھے، ہم طاقتور نوجوان تھے، ہم

1655- أخرج نحوه النسائي في المجتبى جلد 7 صفحه 84 رقم الحديث: 3998، وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 63، وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 294 عن جندب .

1656- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 23 رقم الحديث: 61 عن حماد بن نجيح عن أبي عمران عن جندب به .

وَكِيعٌ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ نَجِيحٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ صَدَقَةَ، ثنا بِسْطَامُ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا اَبُو عَامِرٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ نَجِيحٍ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِتْيَانًا حَزَاوِرَةً فَتَعَلَّمْنَا الْإِيمَانَ قَبْلَ اَنْ نَتَعَلَّمَ الْقُرْآنَ، ثُمَّ تَعَلَّمْنَا الْقُرْآنَ فَنَزْدَادُ بِهِ اِيمَانًا، فَإِنَّكُمُ الْيَوْمَ تَعَلَّمُونَ الْقُرْآنَ قَبْلَ الْإِيمَانِ

قرآن کی تعلیم سیکھنے سے پہلے ایمان لاتے' پھر ہم قرآن سیکھتے' ہمارا اس کے ذریعے ایمان میں اضافہ ہو جاتا' تم آج قرآن ایمان سے پہلے سیکھتے ہو۔

1657 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ، وَهُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، قَالَا: ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " قَالَ رَجُلٌ وَاللّٰهِ لَا يَغْفِرُ اللّٰهُ لِفُلَانٍ، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: مَنْ ذَا الَّذِي يَتَاَلَّى عَلَيَّ اَنْ لَا اَغْفِرَ لِفُلَانٍ فَإِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ وَاَحْبَطْتُ عَمَلَكَ"

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ فلاں کو نہ بخشے گا' اللہ عزوجل نے فرمایا: یہ کون ہے جو جرات کر رہا ہے کہ میں فلاں کو نہیں بخشوں گا' میں نے فلاں کو بخش دیا ہے اور تیرے عمل ضائع کر دیئے ہیں۔

1658 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا اَبُو عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبٍ: " اَنَّ رَجُلًا آلَى اَنْ لَا يَغْفِرَ اللّٰهُ لِفُلَانٍ فَاَوْحَى الله عَزَّ وَجَلَّ اِلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ اِلَى نَبِيٍّ: اَنَّهَا بِمَنْزِلَةِ الْخَطِيئَةِ فَلْيَسْتَقْبِلِ الْعَمَلَ"

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے قسم اُٹھائی کہ اللہ فلاں کو نہیں بخشے گا' اللہ عزوجل نے اپنے نبی ﷺ یا کسی نبی پر وحی کی: وہ گناہ کی طرح ہے' اب اسے چاہیے نئے سرے سے عمل کرے (اس کے پہلے عمل ضائع ہو گئے)۔

اَبُو تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيُّ، حضرت ابوتمیمہ ہجیمی' حضرت

1657- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 2023 رقم الحديث: 2621 عن المعتمر بن سليمان عن أبيه عن أبي عمران عن جندب به .

عَنْ جُنْدُبٍ

جندب سے روایت کرتے ہیں

1659 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ الْمَعْمَرِيُّ، قَالَا: ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سُلَيْمَانَ الْكَلْبِيُّ، حَدَّثَنِي الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَزْدِيِّ صَاحِبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: انْطَلَقْتُ اَنَا وَهُوَ اِلَى الْبَصْرَةِ حَتّٰى اَتَيْنَا مَكَانًا يُقَالُ لَهُ بَيْتُ الْمِسْكِينِ، وَهُوَ مِنَ الْبَصْرَةِ مِثْلُ الثَّوِيَّةِ مِنَ الْكُوفَةِ، فَقَالَ: هَلْ كُنْتَ تُدَارِسُ اَحَدًا الْقُرْآنَ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاِذَا اَتَيْنَا الْبَصْرَةَ فَاْتِنِي بِهِمْ فَاَتَيْتُهُ بِصَالِحِ بْنِ مُسَرِّحٍ وَبِاَبِي بِلَالٍ وَنَجْدَةَ وَنَافِعِ بْنِ الْاَزْرَقِ وَهُمْ فِي نَفْسِي يَوْمَئِذٍ مِنْ اَفَاضِلِ اَهْلِ الْبَصْرَةِ فَاَنْشَاَ يُحَدِّثُنِي عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ جُنْدُبٌ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الْعَالِمِ الَّذِي يُعَلِّمُ النَّاسَ الْخَيْرَ وَيَنْسَى نَفْسَهُ كَمَثَلِ السِّرَاجِ يُضِيءُ لِلنَّاسِ وَيَحْرِقُ نَفْسَهُ

حضرت جندب بن عبداللہ ازدی' صحابیِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں کہ میں اور میرا ساتھی بصرہ میں آئے' ہم دونوں ایک جگہ آئے' اس جگہ کو مسکین کا گھر کہا جاتا تھا' وہ بصرہ سے اتنے فاصلے پر تھا' جتنا ثویہ کوفہ سے۔ میں نے کہا: کیا تو کسی کو قرآن کی تدریس کرتا ہے؟ میں نے کہا: ہاں! حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب ہم بصرہ آئے' مجھے ان کے پاس لے جاؤ' میں صالح بن مسرح اور ابوبلال اور نجدہ اور نافع بن ازرق کے پاس آیا' میرا خیال ہے وہ ان دنوں بصرہ کے فضلاء میں سے تھا۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث بیان کرنے لگے۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس عالم کی مثال جو لوگوں کو بھلائی سکھاتا ہے اور اپنے آپ کو بھول جاتا ہے' اس چراغ کی طرح ہے جو لوگوں کو روشنی دیتا ہے اور اپنے آپ کو جلاتا ہے۔

1660 - وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَحُولَنَّ بَيْنَ اَحَدِكُمْ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ وَهُوَ يَنْظُرُ اِلَى اَبْوَابِهَا مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمِ مُسْلِمٍ اَهْرَاقَهُ ظُلْمًا قَالَ: فَتَكَلَّمَ الْقَوْمُ فَذَكَرُوا الْاَمْرَ بِالْمَعْرُوفِ وَالنَّهْيَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَهُوَ سَاكِتٌ يَسْتَمِعُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَالَ: لَمْ اَرَ كَالْيَوْمِ قَطُّ قَوْمًا اَحَقَّ بِالنَّجَاةِ اِنْ كَانُوا صَادِقِينَ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی کے اور جنت کے درمیان (جب) وہ جنت کے دروازے کو دیکھے کہ اس کا ہاتھ مسلمان کے خون سے بھرا ہوا حائل نہ ہو۔ لوگوں نے گفتگو کی' انہوں نے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ذکر کیا' آپ خاموشی سے ان کی بات سنتے رہے' پھر فرمایا: آج کے دن کی طرح نجات والی قوم نہیں دیکھی' اگر وہ سچے ہیں۔

1661 - ثنا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ شَاهِينَ، ثنا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ طَرِيفٍ اَبِي تَمِيمَةَ، قَالَ: شَهِدْتُ صَفْوَانَ وَجُنْدَبًا وَاَصْحَابَهُ وَهُوَ يُوصِيهِمْ فَقَالُوا لَهُ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَحْسِبُهُ قَالَ: وَمَنْ شَاقَقَ يَشُقُّ اللّٰهُ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت طریف ابوتمیمہ فرماتے ہیں کہ میں اور صفوان اوران کے ساتھی موجود تھے' وہ ان کو وصیت کر رہے تھے' اُنہوں نے کہا: کیا آپ نے رسول اللہ ﷺ کو سنا' انہوں نے کہا: ہاں! میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے دکھاوا کیا قیامت کے دن اللہ اسے دکھاوے کی سزا دے گا' میرا گمان ہے کہ آپ نے فرمایا: جس نے تکلیف دی اس کو قیامت کے دن اللہ تکلیف دے گا۔

اَنَسُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ جُنْدُب

حضرت انس بن سیرین' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1662 - ثنا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدَبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ فَهُوَ فِي ذِمَّةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلَا يَطْلُبَنَّكُمُ اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ فَاِنَّهُ مَنْ يَطْلُبْهُ بِشَيْءٍ مِنْ ذِمَّتِهِ يُدْرِكْهُ فَيَكُبَّهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز پڑھی وہ اللہ کے ذمہ میں ہے' تم سے کسی شی کا مطالبہ نہیں کرے گا کیونکہ جس سے اس نے مطالبہ کیا اپنے ذمہ کا تو اس کو پکڑے گا اور جہنم میں اوندھے منہ ڈالے گا۔

ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَابِرُ بْنُ كُرْدِيٍّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ جُنْدُبٍ، وَكَانَ قَدْ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کا زمانہ پایا ہے۔

صَفْوَانُ بْنُ مُحْرِزٍ

حضرت صفوان بن محرز المازنی'

الْمَازِنِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1663 - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُعَافَى بْنِ سُلَيْمَانَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْبَرَاءِ، قَالَا: ثنا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، اَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ، فَقَالَ: لَا يَغُرَّنَّكَ هَؤُلَاءِ اِنَّهُمْ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ الْيَوْمَ وَيَتَجَالَدُونَ بِالسُّيُوفِ غَدًا، ثُمَّ قَالَ: ائْتِنِي بِنَفَرٍ مِنْ قُرَّاءِ الْقُرْآنِ وَلْيَكُونُوا شُيُوخًا فَاَتَيْتُهُ بِنَافِعِ بْنِ الْاَزْرَقِ وَاَتَيْتُهُ بِمِرْدَاسٍ اَبِي بِلَالٍ، وَبِنَفَرٍ مَعَهُمَا سِتَّةٍ اَوْ ثَمَانِيَةٍ، فَلَمَّا اَنْ دَخَلْنَا عَلَى جُنْدُبٍ، قَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَثَلُ مَنْ يُعَلِّمُ النَّاسَ الْخَيْرَ وَيَنْسَى نَفْسَهُ كَمَثَلِ الْمِصْبَاحِ الَّذِي يُضِيءُ لِلنَّاسِ وَيَحْرِقُ نَفْسَهُ، وَمَنْ رَاءَى النَّاسَ بِعِلْمِهِ رَاءَى اللّٰهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ سَمَّعَ النَّاسَ بِعَمَلِهِ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ

1664 - فَاعْلَمُوا اَنَّهُ اَوَّلُ مَا يُنْتِنُ مِنْ اَحَدِكُمْ اِذَا مَاتَ بَطْنُهُ، فَلَا يُدْخِلْ بَطْنَهُ اِلَّا طَيِّبًا، وَمَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ لَا يَحُولَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ مِلْءُ كَفٍّ مِنْ دَمٍ فَلْيَفْعَلْ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایسی قوم کے پاس سے گزرا جو قرآن پڑھ رہے تھے میں نے کہا: یہ لوگ تجھے دھوکہ میں نہ ڈالیں کہ آج قرآن پڑھ رہے ہیں اور کل تلواریں اُٹھائیں گے۔ پھر فرمایا: میرے پاس وہ قراء کی جماعت لائی جائے اور انہیں چاہیے کہ وہ شیوخ ہو جائیں' میں آپ کے پاس نافع بن ازرق اور میں مرداس ابوبلال اور ان کے ساتھ چھ یا آٹھ افراد لایا' ہم جب جندب کے پاس آئے تو آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اس کی مثال جو لوگوں کو بھلائی سکھاتا ہے اور اپنے آپ کو بھول جاتا ہے چراغ کی طرح ہے جو لوگوں کو روشنی دیتا ہے اور اپنے آپ کو جلا دیتا ہے' اور جو لوگوں کو علم سکھاتا ہے دکھاوے کے لیے تو اللہ عزوجل اس کو قیامت کے دن دکھاوا کی سزا دے گا' جس نے لوگوں کو دکھاوے کے لیے علم سکھایا' اللہ اس کو دکھاوے کی سزا دے اور جو لوگوں کے سامنے اپنے عمل کا دکھاوا کرے گا' اللہ اسے دکھاوے کی سزا دے گا' جان لو! تم میں سے کسی سے بدبو پھیلے گی' اس کے پیٹ سے' جب مرے گا تو اس لیے اپنے پیٹ میں پاک شی داخل کرو' اور جو تم میں سے طاقت رکھتا ہے اس کے اور جنت کے درمیان خون حائل نہ ہو تو وہ ایسا کرے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ جُنْدُبٍ

1665 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، ثنا جُنْدُبٌ، اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ مَوْتِهِ بِخَمْسٍ يَقُولُ: قَدْ كَانَ لِي مِنْكُمْ اِخْوَةٌ وَاَصْدِقَاءُ وَاِنِّي اَبْرَاُ اِلَى اللّٰهِ اَنْ يَكُونَ لِي مِنْكُمْ خَلِيلٌ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا مِنْ اُمَّتِي لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ خَلِيلًا، وَاِنَّ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ قَدِ اتَّخَذَنِي خَلِيلًا كَمَا اتَّخَذَ اِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا، اَلَا وَاِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ كَانُوا يَتَّخِذُونَ قُبُورَ اَنْبِيَائِهِمْ وَصَالِحِيهِمْ مَسَاجِدَ فَلَا تَتَّخِذُوا الْقُبُورَ مَسَاجِدَ فَاِنِّي اَنْهَاكُمْ، عَنْ ذَلِكَ

حضرت عبداللہ بن حارث' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو وصال سے پہلے فرماتے ہوئے سنیں پانچ چیزیں' آپ نے مجھے فرمایا: تم میں سے میرے بھائی اور دوست ہیں' میں اللہ سے برات کرتا ہوں کہ تم میں سے میرا کوئی خلیل ہو' اگر میرا کوئی دوست ہوتا تو ابوبکر کو دوست بناتا اپنی اُمت سے' میرے رب نے مجھے اپنا دوست بنایا ہے جس طرح کہ حضرت ابراہیم کو خلیل بنایا تھا' تم سے پہلے لوگ اپنے دنیا اور صالح لوگوں کی قبروں کو مسجدیں بناتے' تم قبروں کو مسجدیں نہ بناؤ' میں تمہیں اس سے منع کرتا ہوں۔

الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ جُنْدُبٍ

1666 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَمَّالُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت ولید بن مسلم' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کوئی اجازت مانگے تو تین دفعہ مانگے' اگر نہ ملے تو واپس چلا جائے۔

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا اسْتَأْذَنَ أَحَدُكُمْ ثَلَاثًا وَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَلْيَرْجِعْ

عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت عبدالملک بن عمیر، حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1667 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَوَكِيعٍ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1668 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو مُحَيَّاةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَنَا فَرَطُكُمْ، عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1669 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَنَا فَرَطُكُمْ، عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1670 - حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ الْحَسَنِ الْخَفَّافُ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ عَبَّاسٍ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو حُصَيْنٍ الْقَاضِي، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، قَالَا: ثنا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1667- اخرجه مسلم في صحيحه جلد 4 صفحه 1792 رقم الحديث: 2289، وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 313 كلاهما عن مسعر عن عبد الملك بن عمير عن جندب به.

يَقُولُ: اَنَا فَرَطُكُمْ، عَلَى الْحَوْضِ

1671 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زَكَرِيَّا الْعَبْدَسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1672 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ اَبِي يَعْقُوبَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اَنَا فَرَطُكُمْ، عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1673 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں تمہارا حوض پر منتظر ہوں گا۔

1674 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي ح وَحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ النَّضْرِ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ حَفْصٍ النُّفَيْلِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْخَشَّابُ الرَّقِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، قَالُوا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَفْضَلَ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْمَفْرُوضَةِ الصَّلَاةُ فِي جَوْفِ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: فرض نماز کے بعد افضل رات کی نماز ہے رمضان کے بعد افضل روزے اللہ کے اس مہینہ کے روزے ہیں جس کو محرم کے نام سے یاد کرتے ہو۔

الـلَّيْلِ، وَاَفْضَلَ الصِّيَامِ بَعْدَ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الَّذِي تَدْعُونَهُ الْمُحَرَّمَ

سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت سلمہ بن کہیل' حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1675 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَمْ اَسْمَعْ اَحَدًا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيْرُهُ، قَالَ: فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُرَائِي يُرَائِي اللّٰهُ بِهِ

حضرت سلمہ بن کہیل کا قول ہے کہ میں نے حضرت جندب رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے کسی کو کہتے ہوئے نہیں سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اس کے علاوہ کہا میں آپ کے قریب ہوا' میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: جو شہرت چاہتا ہے' اللہ اس کی شہرت کروا دیتا ہے' جو دکھاوا کروا دیتا ہے' اللہ اس کا دکھاوا کرتا ہے۔

1676 - ثنا اَسْلَمُ بْنُ سَهْلٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ عِيسَى الطَّائِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَكِيمِ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُرَائِي يُرَائِي اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ كَانَ ذَا لِسَانَيْنِ فِي الدُّنْيَا جَعَلَ اللّٰهُ لَهُ لِسَانَيْنِ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو شہرت چاہتا ہے' اللہ اُس کی شہرت کروا دیتا ہے' جو ریاکاری کرتا ہے اللہ اس کی ریاکاری کروا دیتا ہے' جس کی دنیا میں دو زبانیں ہوں گی' اللہ اس کی قیامت کے دن دو زبانیں بنا دے گا۔

1677 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى، ح وَحَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو شہرت چاہتا ہے' اللہ اس کی شہرت کروا دیتا ہے' جو دکھاوا کرتا ہے' اللہ اس کا دکھاوا کرواتا ہے۔

الرَّحْمَنِ بْنُ سَلْمٍ الرَّازِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی عَمْرٍو الْعَدَنِیُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا الصَّدُوقُ الْاَمِينُ الْوَلِيدُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ كُهَيْلٍ، يَقُولُ: مَا سَمِعْتُ مِنْ اَحَدٍ سَمِعَ مِنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا جُنْدُبًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ يُسَمِّعْ يُسَمِّعِ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ يُرَائِی يُرَائِی اللّٰهُ بِهِ

1678 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ رَاءَى رَاءَى اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو شہرت چاہتا ہے' اللہ اس کی شہرت کروا دیتا ہے' جو دکھاوا کرتا ہے' اللہ اس کا دکھاوا کرواتا ہے۔

1679 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِی نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَبَّاسِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَمَّعَ سَمَّعَ اللّٰهُ بِهِ، وَمَنْ رَاءَى رَاءَى اللّٰهُ بِهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جو شہرت چاہتا ہے' اللہ اس کی شہرت کروا دیتا ہے' جو دکھاوا کرتا ہے' اللہ اس کا دکھاوا کرواتا ہے۔

1680 - حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بْنِ يَحْيَى بْنِ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنْ جَدِّی، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جُنْدُبٍ: اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ آكِلَ الرِّبَا وَمُوكِلَهُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سود کھانے اور کھلانے والے پر اللہ کی لعنت ہے۔

1681 - حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ آدَمَ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعَرْزَمِيِّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَسَرَّ عَبْدٌ سَرِيرَةً اِلَّا اَلْبَسَهُ اللّٰهُ رِدَاءَهَا اِنْ خَيْرًا فَخَيْرٌ وَاِنْ شَرًّا فَشَرٌّ

حضرت سفیان بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جو بندہ چھپا کر عمل کرتا ہے تو اللہ عزوجل اس کو چادر پہناتا ہے اگر بہتر ہو تو بہتری کی اگر وہ عمل بُرا ہو تو بُرائی کی۔

الْاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت اسود بن قیس، حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1682 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُولُ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي اِذْ اَصَابَهُ حَجَرٌ فَعَثَرَ فَدُمِيَتْ اِصْبَعُهُ، فَقَالَ: هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے اچانک آپ کے آگے پتھر تھا آپ گرے آپ کی انگلی زخمی ہوئی آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے اللہ کی راہ میں تُو کس چیز سے ملی ہے۔

1683 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي اِذْ اَصَابَ اِصْبَعَهُ حَجَرٌ قَالَ: فَدُمِيَتْ، فَقَالَ: مَا اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے اچانک آپ کے آگے پتھر تھا آپ گرے آپ کی انگلی زخمی ہوئی آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے اللہ کی راہ میں تُو کس چیز سے ملی ہے۔

1684 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ح وَثنَا مَسْعَدَةُ بْنُ سَعْدٍ الْعَطَّارُ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے اچانک آپ کے

الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ فَنُكِبَتْ اِصْبَعُهُ، فَقَالَ: هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

آگے پتھر تھا' آپ گرے' آپ کی انگلی زخمی ہوئی' آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے' اللہ کی راہ میں تُو کس چیز سے ملی ہے۔

1685 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا اَبُو حَفْصٍ عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، اَنَّ حَجَرًا، اَصَابَ اِصْبَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدُمِيَتْ، فَقَالَ: هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے' اچانک آپ کے آگے پتھر تھا' آپ گرے' آپ کی انگلی زخمی ہوئی' آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے' اللہ کی راہ میں تُو کس چیز سے ملی ہے۔

1686 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ حَسَنِ بْنِ صَالِحٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: اَصَابَ رِجْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَرٌ فَدُمِيَتْ، فَقَالَ: هَلْ اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ چل رہے تھے' اچانک آپ کے آگے پتھر تھا' آپ گرے' آپ کی انگلی زخمی ہوئی' آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے' اللہ کی راہ میں تُو کس چیز سے ملی ہے۔

1687 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ شَاهِينَ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، قَالَا: ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: دُمِيَتْ اِصْبَعُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ الْمَشَاهِدِ، فَقَالَ: مَا اَنْتِ اِلَّا اِصْبَعٌ دُمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی انگلی زخمی ہوئی کسی غزوہ میں' آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے' اللہ کی راہ میں تُو کس چیز سے ملی ہے۔

1688 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُولُ: اشْتَكَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً اَوْ لَيْلَتَيْنِ فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ: يَا مُحَمَّدُ مَا رَاَى شَيْطَانُكَ اِلَّا قَدْ تَرَكَكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى) (الضحى:2)

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ بیمار ہوئے‘ ایک یا دو راتیں آپ نہیں اُٹھے‘ ایک عورت آئی‘ اُس نے کہا: اے محمد! اس نے آپ کو چھوڑ دیا ہے‘ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ”چاشت کی قسم اور رات کی جب وہ پردہ ڈالے کہ تمہیں تمہارے رب نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا اور بے شک پچھلی تمہارے لیے بہتر ہے پہلی سے‘ عنقریب کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں“۔

1689 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، اَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: "احْتَبَسَ جِبْرِيلُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بَعْضُ بَنَاتِ عَمِّهِ: مَا اَرَى صَاحِبَكَ اِلَّا قَدْ قَلَاكَ" قَالَ: فَنَزَلَتْ: (وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى) (الضحى:2) وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ عَمْرِو بْنِ مَرْزُوقٍ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضورﷺ کے پاس کچھ دنوں کے لیے نہیں آئے‘ آپ کے چچا کی کسی بیٹی نے کہا: آپ کے ساتھی نے آپ کو چھوڑ دیا‘ تو یہ آیت نازل ہوئی: ”وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ الى آخره“۔ یہ حدیث کے الفاظ عمرو بن مرزوق کے ہیں۔

1690 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا الْاَسْوَدُ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: "اشْتَكَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ: يَا مُحَمَّدُ اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَكُونَ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ بیمار ہوئے‘ دو یا تین راتیں آپ نہیں اُٹھے‘ ایک عورت آئی‘ اُس نے کہا: اے محمد! اس نے آپ کو چھوڑ دیا ہے‘ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ”چاشت کی قسم اور رات کی جب وہ پردہ ڈالے کہ تمہیں

1688- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 4 صفحه 1906 رقم الحديث: 4698 عن سفيان عن الأسود بن قيس عن جندب به .

شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ، لَمْ نَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ" فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: (وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ اِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى) (الضحى:2)

تمہارے رب نے نہ چھوڑا اور نہ مکروہ جانا اور بے شک پچھلی تمہارے لیے بہتر ہے پہلی سے عنقریب کہ تمہارا رب تمہیں اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں"۔

1691 - ثنا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، ثنا الْاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: اَبْطَاَ جِبْرِيلُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: قَدْ وُدِّعَ مُحَمَّدٌ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى وَلَلْآخِرَةُ خَيْرٌ لَكَ مِنَ الْاُولَى وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَى) (الضحى:4)

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام کچھ دنوں کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس نہ آئے مشرکوں نے کہا: محمد کو چھوڑ دیا گیا۔ تو اللہ عزوجل نے آیک سورت نازل کر دی: "مَا وَدَّعَكَ الٰی آخرہ"۔

1692 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطْرَانِيُّ، قَالَا: ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَعَمْرُو بْنُ مَرْزُوقٍ، ح وَحَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالُوا: ثنا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَسْوَدِ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُولُ: شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ خَطَبَ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ وَلْيُبْدِلْ مَكَانَهَا، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ ذَبَحَ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا آپ نے خطبہ دیا فرمایا: جس نے نماز سے پہلے ذبح کیا ہے اس کی جگہ دوسرا ذبح کرے اور جس نے ذبح نہیں کیا وہ اللہ کے نام سے ذبح کرے۔

1693 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، حَدَّثَنِي جُنْدُبُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: شَهِدْتُ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عید الاضحیٰ کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھا آپ نماز پڑھ کر واپس آئے تھے آپ نماز پڑھا کر

1692- اخرج نحوه البخاری فی صحیحه جلد1صفحه334 رقم الحدیث:942 عن شعبة عن الأسود عن جندب به .

الْاَضْحَى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُعِدْ اَنْ صَلَّى وَفَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ اِذَا هُوَ يَرَى لَحْمَ اَضْحَى قَدْ ذُبِحَتْ قَبْلَ اَنْ يَفْرُغَ مِنْ صَلَاتِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ اُضْحِيَّتَهُ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا، وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ

فارغ ہوئے تو آپ نے قربانی کا گوشت دیکھا جو نماز سے فارغ ہونے سے پہلے ذبح کیا گیا تھا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز پڑھنے سے پہلے قربانی کی ہے' دوبارہ قربانی کرے' اس کی جگہ ذبح کرے اور جس نے ذبح نہیں کیا' وہ اللہ کے نام کے ساتھ ذبح کرے۔

1694 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا الْاَسْوَدُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: شَهِدْتُ اَضْحَى مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالنَّاسِ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ رَاَى غَنَمًا قَدْ ذُبِحَتْ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيَذْبَحْ شَاةً مَكَانَهَا، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ ذَبَحَ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا' آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی' جب نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے بکری دیکھی جو ذبح کی ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا: جس نے نماز سے پہلے ذبح کیا' وہ اس کی جگہ دوسری بکری ذبح کرے اور جس نے ذبح نہیں کیا' وہ اللہ کا نام لے کر ذبح کرے۔

1695 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، وَشَرِيكٌ، وَيَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: شَهِدْتُ الْاَضْحَى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاَى نَاسًا قَدْ ذَبَحُوا قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدِ الذَّبْحَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ ذَبَحَ فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا' آپ نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو نماز سے پہلے ذبح کر چکے تھے' آپ نے فرمایا: جس نے نماز سے پہلے ذبح کیا ہے وہ دوبارہ ذبح کرے اور جس نے ذبح نہیں کیا وہ اللہ کا نام لے کر ذبح کرے۔

1696 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا'

جُنْدُبٍ، قَالَ: شَهِدْتُ الْعِيدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَلِمَ اَنَّ نَاسًا قَدْ ذَبَحُوا قَبْلَ الصَّلَاةِ فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدْ ذَبِيحَتَهُ، وَمَنْ لَا فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ

آپ کو معلوم ہوا کہ کچھ لوگوں نے نماز سے پہلے ذبح کیا ہے' آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: جس نے نماز سے پہلے ذبح کیا ہے وہ دوبارہ ذبح کرے' اور جس نے ذبح نہیں کیا وہ اللہ کے نام پر ذبح کرے۔

1697 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ سُفْيَانَ الْجُنْدِيسَابُورِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْجَهْمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ اُضْحِيَّتَهُ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا اُخْرَى، وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ فَلْيَذْبَحْ بِاسْمِ اللّٰهِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز سے پہلے قربانی کا جانور ذبح کیا' وہ اس کی جگہ دوسرا جانور ذبح کرے اور جس نے ذبح نہیں کیا' وہ اللہ کے نام کے ساتھ ذبح کرے۔

1698 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، ثنا عُمَرُ بْنُ زِيَادٍ الْاَلْهَانِيُّ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: اَصَابَتْ اِصْبَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَجَرَةٌ فَدَمِيَتْ، فَقَالَ: هَلْ هِيَ اِلَّا اِصْبَعٌ دَمِيتِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتْ فَحُمِلَ فَوُضِعَ عَلَى سَرِيرٍ مَرْمُولٍ بِخُوصٍ اَوْ شَرِيطٍ وَوُضِعَ تَحْتَ رَاْسِهِ مِرْفَقَةٌ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ فَاَثَّرَ الشَّرِيطُ فِي جَنْبِهِ فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَبَكَى، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كِسْرَى وَقَيْصَرُ يَجْلِسُونَ عَلَى سَرِيرِ الذَّهَبِ وَيَلْبَسُونَ الدِّيبَاجَ وَالْاِسْتَبْرَقَ قَالَ: اَمَا تَرْضَوْنَ اَنَّ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَكُمُ الْآخِرَةَ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی انگلی مبارک کو درخت کی ٹہنی لگی تو وہ زخمی ہو گئی' آپ نے فرمایا: تُو ہی زخمی ہوئی ہے' تُو کس چیز سے ملی ہے اللہ کی راہ میں۔ آپ کو اُٹھایا گیا اور ایک چارپائی پر رکھا گیا' جو کھجور کے پتوں کی سخت ترین تھی' آپ کے سرانور کے نیچے کھجور کی چھال کا بھرا ہوا تکیہ رکھا گیا' کھجور کے پتوں کے نشانات آپ کے جسم اطہر پر تھے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ آپ کے پاس آئے اور رونے لگے' آپ نے فرمایا: تم کیوں روتے ہو؟ عرض کی: یارسول اللہ! کسریٰ و قیصر سونے کے تخت پر بیٹھتے ہیں' ریشم اور استبرق پہنتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: کیا تم خوش نہیں ہو کہ ان کے لیے دنیا ہو جائے اور تمہارے لیے آخرت!

1699 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بِلَالٍ الْاَشْعَرِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ التَّهَجُّدُ مِنَ اللَّيْلِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ رات کوتہجد پڑھنا پسند فرماتے تھے۔

اَبُو سَهْلٍ الْفَزَارِيُّ، عَنْ جُنْدُبٍ

حضرت ابوسہل فزاری حضرت جندب سے روایت کرتے ہیں

1700 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَى بْنِ يَزِيدَ السَّامِيُّ الْبَصْرِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْغُدَانِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ سَهْلٍ الْفَزَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا لَقِيَ اَصْحَابَهُ لَمْ يُصَافِحْهُمْ حَتَّى يُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ جب اپنے صحابہ سے ملتے تو جب تک سلام نہ کر لیتے' ان سے مصافحہ نہیں کرتے تھے۔

1701 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوسَى بْنِ يَزِيدَ السَّامِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْغُدَانِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ سَهْلٍ الْفَزَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا فَاَتَاهُ قَوْمٌ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ سَهَوْنَا عَنِ الصَّلَاةِ فَلَمْ نُصَلِّ حَتَّى طَلَعَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَوَضَّئُوا وَصَلُّوا ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هَذَا لَيْسَ بِالسَّهْوِ اِنَّ هَذَا مِنَ الشَّيْطَانِ، اِذَا اَخَذَ اَحَدُكُمْ مَضْجَعَهُ مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے ساتھ ایک سفر میں تھے' آپ کے پاس کچھ لوگ آئے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نماز پڑھنا بھول گئے ہیں' ہم نماز سورج کے طلوع کے بعد پڑھیں؟ آپﷺ نے فرمایا: وضو کرو اور نماز پڑھو۔ پھر فرمایا: یہ بھول نہیں ہے بلکہ شیطان کی طرف سے ہے' جب تم میں سے کوئی رات کو اپنے بستر پہ آئے تو پڑھے: بسم اللہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم!

شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ،

حضرت شہر بن حوشب' حضرت

عَنْ جُنْدُب

1702 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ بَهْرَامَ، ثنا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جُنْدُبُ بْنُ سُفْيَانَ، رَجُلٌ مِنْ بَجِيلَةَ قَالَ: اِنِّي لَعِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَاءَهُ بَشِيرٌ مِنْ سَرِيَّتِهِ فَاَخْبَرَهُ بِالنَّصْرِ الَّذِي نَصَرَ اللّٰهُ سَرِيَّتَهُ وَبِفَتْحِ اللّٰهِ الَّذِي فَتَحَ لَهُمْ وَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بَيْنَمَا نَحْنُ نَطْلُبُ الْقَوْمَ وَقَدْ هَزَمَهُمُ اللّٰهُ تَعَالَى اِذْ لَحِقْتُ رَجُلًا بِالسَّيْفِ فَلَمَّا حَسَّ اَنَّ السَّيْفَ مُوَاقِعُهُ وَهُوَ يَسْعَى وَيَقُولُ: اِنِّي مُسْلِمٌ اِنِّي مُسْلِمٌ قَالَ: فَقَتَلْتَهُ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، اِنَّمَا تَعَوَّذَ قَالَ: فَهَلَّا شَقَقْتَ عَنْ قَلْبِهِ فَنَظَرْتَ اَصَادِقٌ هُوَ اَمْ كَاذِبٌ؟ قَالَ: لَوْ شَقَقْتُ عَنْ قَلْبِهِ مَا كَانَ عِلْمِي هَلْ قَلْبُهُ اِلَّا بَضْعَةٌ مِنْ لَحْمٍ؟ قَالَ: لَا مَا فِي قَلْبِهِ تَعْلَمُ وَلَا لِسَانِهِ صَدَّقْتَ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اسْتَغْفِرْ لِي قَالَ: لَا اَسْتَغْفِرُ لَكَ قَالَ: فَمَاتَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ فَدَفَنُوهُ، فَاَصْبَحَ عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ ثُمَّ دَفَنُوهُ فَاَصْبَحَ عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا رَاَوْا ذٰلِكَ اسْتَحْيَوْا وَخَزَوْا مِمَّا لَقِيَ فَاحْتَمَلُوهُ فَاَلْقَوْهُ فِي شِعْبٍ مِنْ تِلْكَ الشِّعَابِ

شهر بن حوشب عن جندب

جندب سے روایت کرتے ہیں

حضرت جندب بن سفیان قبیلہ بجیلہ کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا' جس وقت سریہ سے آپ کے پاس ایک سریہ سے خوشخبری لے کر آیا' اُس نے اس مدد کے متعلق بتایا جو اللہ نے ان کی اس سریہ میں مدد کی اور اللہ کی فتح جو ان کو فتح دی۔ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم لوگوں کو تلاش کر رہے تھے' اللہ عزوجل نے ان کو بھگا دیا' جب ایک آدمی کی تلوار مجھے لگی' میں نے تلوار لگنے کو محسوس کیا' وہ دوڑ پڑا اور کہنے لگے: میں مسلمان ہوں! میں مسلمان ہوں! میں نے اس کو قتل کر دیا۔ اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! اس سے بچنے کے لیے کہا' آپ نے فرمایا: کیا تُو نے اس کا دل چیر کر دیکھ لیا تھا کہ کیا وہ سچا ہے یا جھوٹا؟ اُس نے عرض کی: اگر میں اس کا دل چیرتا تو مجھے اس کے دل میں کیا تھا اس کا علم نہیں تھا' وہ تو گوشت کا ایک ٹکڑا ہے۔ آپ نے فرمایا: تُو کے دل کے اندر کی بات کو نہیں جانتا ہے تو اس کی زبان کی تصدیق کر۔ اس آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے بخشش مانگیں! آپ نے فرمایا: میں تمہارے لیے بخشش نہیں مانگوں گا! وہ آدمی مر گیا' اس کو صبح کے وقت دفن کیا' وہ زمین کے اوپر پڑا ہوا تھا' پھر دفن کیا وہ صبح کے وقت زمین کے اوپر تھا' ایسا تین مرتبہ کیا' جب اُنہوں نے ایسا دیکھا تو اُنہوں نے شرم کی اور ندامت کی' اُنہوں نے اس کو اُٹھایا اور گھاٹیوں میں سے کسی

1703 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ السَّقَطِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، ثنا أَبُو الْوَلِيدِ، قَالَا: ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي جُنْدُبُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيَكُونُ بَعْدِي فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُؤْمِنًا وَيُمْسِي كَافِرًا وَيُمْسِي كَافِرًا وَيُصْبِحُ مُؤْمِنًا ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: فَكَيْفَ نَصْنَعُ عِنْدَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ادْخُلُوا بُيُوتَكُمْ وَاخْمِلُوا ذِكْرَكُمْ ، فَقَالَ رَجُلٌ: أَرَأَيْتَ إِنْ دُخِلَ عَلَى أَحَدِنَا بَيْتُهُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيُمْسِكْ بِيَدِهِ وَلْيَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُولَ، وَلَا يَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْقَاتِلَ، فَإِنَّ الرَّجُلَ يَكُونُ فِي فِئَةِ الْإِسْلَامِ، فَيَأْكُلُ مَالَ أَخِيهِ، وَيَسْفِكُ دَمَهُ، وَيَعْصِي رَبَّهُ، وَيَكْفُرُ بِخَالِقِهِ وَتَجِبُ لَهُ النَّارُ

گھاٹی میں پھینک آئے۔

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: میرے بعد عنقریب فتنے ہوں گے رات کے اندھیرے کی طرح ٹکڑے ہوں گے ان فتنوں کے دور میں آدمی صبح کے وقت مؤمن اور رات کو کافر ہوگا' رات کو کافر اور صبح کے وقت مؤمن ہوگا۔ مسلمانوں میں سے ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اس وقت ہم کیا کریں؟ آپ نے فرمایا: تم اپنے گھروں میں داخل ہو جانا اور ذکر کرنا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر کوئی آدمی ہمارے گھر میں آ جائے؟ تو حضورﷺ نے فرمایا: اس کو اپنے ہاتھ سے روکنا تا کہ اللہ کا بندہ مقتول ہو اللہ کا بندہ اپنے بھائی کا مال کھائے گا' اس کو قتل کرے گا' اپنے رب کی نافرمانی کرے گا' اپنے خالق کا انکار کرے گا اور اس کے لیے جہنم واجب ہو جائے گی۔

جُنْدُبُ بْنُ كَعْبٍ الْأَزْدِيُّ وَقَدِ اخْتُلِفَ فِي صُحْبَتِهِ

حضرت جندب بن کعب ازدی رضی اللہ عنہ' ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے

1704 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو مَعْمَرٍ الْقَطِيعِيُّ، ثنا هُشَيْمٌ، أَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ أَبِي

حضرت ابوعثمان النہدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک جادوگر ولید بن عقبہ کے پاس کھیلتا تھا' وہ تلوار پکڑتا' اپنے آپ کو ذبح کرتا اور اس طرح کا عمل کرتا تو

عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، اَنَّ سَاحِرًا، كَانَ يَلْعَبُ عِنْدَ الْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ فَكَانَ يَأْخُذُ السَّيْفَ وَيَذْبَحُ نَفْسَهُ وَيَعْمَلُ كَذَا وَلَا يَضُرُّهُ فَقَامَ جُنْدُبٌ اِلَى السَّيْفِ فَاَخَذَهُ فَضَرَبَ عُنُقَهُ ثُمَّ قَرَاَ: (اَفَتَاْتُونَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُونَ) (الانبياء: 3)

اس کوئی نقصان نہ ہوتا۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ تلوار لے کر کھڑے ہوئے' اس کو پکڑا اور اس کی گردن اُڑا دی' پھر یہ آیت پڑھی: ''کیا جادو کے پاس جاتے ہو دیکھ بھال کر''۔

جُنْدُبُ بْنُ مَكِيثٍ الْجُهَنِيُّ

حضرت جندب بن مکیث الجہنی رضی اللہ عنہ

1705 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو مَعْمَرٍ الْمُقْعَدُ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ عُتْبَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: " بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَالِبَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْكَلْبِيَّ كَلْبَ عَوْفِ بْنِ لَيْثٍ فِي سَرِيَّةٍ كُنْتُ فِيهِمْ، فَاَمَرَهُ اَنْ يَشُنَّ الْغَارَةَ عَلَى بَنِي الْمُلَوِّحِ بِالْكَدِيدِ قَالَ: فَخَرَجْنَا حَتَّى اِذَا كُنَّا بِقُدَيْدٍ لَقِينَا الْحَارِثَ بْنَ بَرْصَاءَ اللَّيْثِيَّ فَاَخَذْنَاهُ قَالَ: اِنَّمَا جِئْتُ لِاُسْلِمَ، اِنَّمَا خَرَجْتُ اُرِيدُ رَسُولَ

حضرت جندب بن عبداللہ جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت غالب بن عبداللہ الکلبی کو (بنی) کلب عوف بن لیث (کی طرف) بھیجا' ایک سریہ میں' میں بھی ان میں تھا' آپ نے حکم دیا: بنی ملوح پر حملہ کرنے کا جو مقامِ کدید میں رہتے تھے۔ حضرت جندب فرماتے ہیں کہ ہم نکلے' جب مقامِ قدید پر پہنچے تو ہمیں حارث بن برصاء اللیثی ملے' ہم نے اس کو پکڑا' اس نے کہا: میں اسلام لانے کے لیے آیا ہوں۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ملنا چاہتا ہوں' ہم نے اس کو کہا: اگر تو مسلمان (ہونے کے لیے آ رہا ہے) ہے تو ایک (ہماری حفاظت میں رہے) تو تیرے لیے کوئی نقصان نہیں ہوگا' اگر (تو مسلمان ہونے کے لیے نہیں آ رہا ہے) تو ہم تجھے قید کر لیں گے' اس کے بعد ہم نے اس کو باندھ لیا' پھر ہم نے اس کا سامان باندھ لیا' ہمارے ساتھ ایک سیاہ آدمی تھا' ہم نے اسکو کہا: اگر یہ تیرے ساتھ جھگڑے تو اس کا سر کاٹ دینا' پھر ہم

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قُلْنَا اِنْ تَكُنْ مُسْلِمًا فَلَنْ يَضُرَّكَ رِبَاطُ لَيْلَةٍ، وَاِنْ تَكُنْ غَيْرَ ذٰلِكَ فَسَنُوثِقُ مِنْكَ فَاَوْثَقْنَاهُ رِبَاطًا، ثُمَّ خَلَّفْنَا عَلَيْهِ رُوَيْجِلًا لَنَا اَسْوَدَ كَانَ مَعَنَا فَقُلْنَا لَهُ: اِنْ نَازَعَكَ فَاحْتَزَّ رَاْسَهُ، ثُمَّ اَتَيْنَا الْكَدِيدَ مَعَ مَغْرِبِ الشَّمْسِ وَكُنَّا فِي نَاحِيَةٍ مِنَ الْوَادِي وَبَعَثَنِي اَصْحَابِي رَبِيئَةً لَهُمْ اِلَى تَلٍّ مُشْرِفٍ عَلَى الْحَاضِرِ قَالَ: فَاَسْنَدْتُ فِيهِ حَتَّى اِذَا كُنْتُ عَلَى ظَهْرِهِ وَنَظَرْتُ اِلَى الْقَوْمِ انْبَطَحْتُ، فَوَاللّٰهِ اِنِّي لَعَلَيْهِ اَنْظُرُ اِذْ خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ خِبَائِهِ، فَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَرَى سَوَادًا مَا رَاَيْتُهُ فِي اَوَّلِ النَّهَارِ، فَانْظُرِي فِي اَوْعِيَتِكِ لَا يَكُونُ الْكِلَابُ اجْتَرَّتْ بَعْضَهَا، فَنَظَرَتْ، قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا اَفْقِدُ مِنْ اَوْعِيَتِي شَيْئًا قَالَ: اَعْطِينِي قَوْسِي فَاَعْطَتْهُ قَوْسًا وَسَهْمَيْنِ مَعَهَا قَالَ: فَرَمَى بِسَهْمٍ فَوَاللّٰهِ مَا اَخْطَاَ جَنْبِي قَالَ: فَانْتَزَعْتُهُ وَثَبَتُّ، قَالَ ثُمَّ رَمَى بِالْآخَرِ فَوَضَعَهُ فِي مَنْكِبِي فَانْتَزَعْتُهُ وَثَبَتُّ، فَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: لَوْ كَانَتْ زَائِلَةٍ لَقَدْ تَحَرَّكَ بَعْدُ، لَقَدْ خَالَطَهُ سَهْمَايَ فَاِذَا اَنْتِ اَصْبَحْتِ فَابْتَغِيهِمَا فَخُذِيهِمَا، لَا تُضَيِّعُهُمَا الْكِلَابُ، قَالَ: ثُمَّ دَخَلَ حَتَّى اِذَا رَاحَتْ رَائِحَةُ النَّاسِ مِنْ اِبِلِهِمْ وَغَنَمِهِمْ قَدِ احْتَلَبُوا وَغَبَطُوا وَاطْمَاَنُّوا شَنَنَّا عَلَيْهِمُ الْغَارَةَ فَقَتَلْنَا وَاسْتَقْنَا الْغَنَمَ، ثُمَّ وَجَّهْنَاهَا، وَخَرَجَ صَرِيخُ الْقَوْمِ فِي قَوْمِهِمْ، فَجَاءَ هُمُ الدَّهْمُ فَجَاءُوا فِي طَلَبِنَا حَتَّى مَرَرْنَا بِابْنِ الْبَرْصَاءِ فَانْطَلَقْنَا بِهِ مَعَنَا وَبِصَاحِبِنَا الَّذِي خَلَّفْنَاهُ،

سورج غروب ہونے کے وقت مقام کدید پر آئے' ہم وادی کے کنارے پر تھے اور میرے ساتھی نے مجھے ایک اونچی جگہ بھیجا ان کے دیکھنے کے لیے کہ آنے والے کی اطلاع کروں۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب میں اس پر چڑھا' جب میں اس جگہ پر تھا تو میں نے لوگوں کی طرف دیکھا' اللہ کی قسم! میں اونچی جگہ پر تھا کہ میں دیکھوں' اچانک ایک آدمی اپنے خیمہ سے نکلا' اس نے اپنی بیوی سے کہا: اللہ کی قسم! میں نے سیاہی دیکھی ہے (مراد سایہ) جو میں نے دن کے شروع میں نہیں دیکھا ہے' تو اپنے برتنوں کو دیکھ کہ کہیں کتوں نے تیرے کچھ برتن (نکال کر) باہر تو نہیں پھینکے ہیں! میں نے دیکھا کہ اُس کی بیوی نے کہا: اللہ کی قسم! میں اپنے برتن میں کوئی شی کم نہیں دیکھ رہی ہوں' اس نے کہا: میری کمان دے! اس کی بیوی نے اس کو کمان دی اور ساتھ دو تیر بھی دیئے۔ حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس نے تیر مارا' اللہ کی قسم! وہ میرے پہلو پر لگا' میں نے اس کو نکال دیا اور اس جگہ رہا (آگے پیچھے نہیں ہوا) پھر اس نے دوسرا تیر مارا' وہ میرے کندھے پر لگا' میں نے اس کو بھی نکالا اور اسی جگہ رہا (آگے پیچھے نہیں ہوا) اس نے اپنی بیوی سے کہا: اگر کوئی جان والی (شی ہوتی) تو اس کے بعد حرکت کرتی (تیر لگنے کے بعد) جب صبح ہوئی تو تُو نے میرے دونوں تیرے تلاش کر کے لانے ہیں کیونکہ میرے دونوں تیر اس جگہ لگے ہوئے ہوں گے' ایسا نہ ہوں کہ کتے اس کے ذریعہ

قَالَ: فَاَدْرَكَنَا الْقَوْمُ حَتّٰى نَظَرْنَا اِلَيْهِمْ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ اِلَّا الْوَادِي عَلٰى نَاحِيَتِهِ مُوَجِّهِينَ وَمِنْ نَاحِيَةِ الْاُخْرٰى فِي طَلَبِنَا اِذْ جَاءَ اللّٰهُ بِهِ مِنْ حَيْثُ شَاءَ مَا رَاَيْنَا قَبْلَ ذٰلِكَ مَطَرًا مَا يَقْدِرُ اَحَدٌ عَلَى اَنْ يُجِيزَهُ، لَقَدْ رَاَيْتُهُمْ وُقُوفًا يَنْظُرُونَ اِلَيْنَا وَنَحْنُ نَحْدُوهَا مَا يَقْدِرُ رَجُلٌ مِنْهُمْ اَنْ يَصِلَ اِلَيْنَا حَتّٰى اِذَا عَرَجْنَاهَا مَا اَنْسٰى قَوْلَ رَاجِزٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَهُوَ يَحْدُوهَا فِي اَعْقَابِهَا:

(البحر الرجز)

اَبَى اَبُو الْقَاسِمِ اَنْ تَعْزُبِي ... فِي خَضِلٍ نَبَاتُهُ مُغْلَوْلَبِ

صُفْرٌ اَعَالِيهِ كَلَوْنِ الْمَذْهَبِ"

نقصان کریں۔ پھر وہ داخل ہوا' جب لوگ اپنے اونٹوں اور بکریوں کے دودھ دوہ کر اور باندھ کر راحت پا گئے اور مطمئن ہو گئے تو ان پر ہم نے حملہ کیا اور ان کو قتل کیا اور ان کی بکریاں ہانک لیں' پھر ہم واپس آئے' ان کے لوگ چیخنے لگے' آوازیں دینے لگے' وہ ہماری تلاش میں نکلے' جب ہم ابن برصاء کے پاس سے گزرے تو ہم نے اس کو بھی اور جو ہم اپنے پیچھے اپنے ساتھی چھوڑ آئے تھے' اس کو ساتھ لے کر چلے۔ ان لوگوں نے ہم کو پالیا' ہمارے اور ان کے درمیان ایک وادی کا فاصلہ رہ گیا تھا' اچانک اللہ عزوجل نے ایسی بارش نازل فرمائی کہ ہم نے کبھی ایسی بارش نہیں دیکھی تھی' اس سے نجات پانے کی کوئی طاقت نہیں رکھتا تھا' میں نے ان کو کھڑا دیکھا' وہ ہم کو دیکھ رہے تھے' ہم ان کے سامنے تھے' ان میں کوئی آدمی ہم تک پہنچنے کی طاقت نہیں رکھتا تھا یہاں تک کہ جب ہم نے پالیا جو بھول گئے تھے' مسلمانوں میں سے کسی کے رجز کو: ''وہ اس کا پیچھا کر رہے تھے ابوالقاسم نے انکار کیا' کوئی خالی گزرے خط میں' اس جگہ گھاس اُگی ہوئی تھی جس طرح سونے کا رنگ ہوتا ہے''۔

جُنْدُبُ بْنُ نَاجِيَةَ

حضرت جندب بن ناجیہ رضی اللہ عنہ

1706 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الرَّجَّانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، ثنا

حضرت جندب بن ناجیہ یا ناجیہ بن جندب فرماتے ہیں کہ ہم مقامِ غمیم میں تھے' جس وقت رسول

عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ شَيْخٍ مِنْ اَسْلَمَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ نَاجِيَةَ، اَوْ نَاجِيَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ: لَمَّا كُنَّا بِالْغَمِيمِ لَقِيَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَبَرٌ مِنْ قُرَيْشٍ اَنَّهَا بَعَثَتْ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ فِي جَرِيدَةِ خَيْلٍ يَتَلَقَّى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَرِهَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يَلْقَاهُ وَكَانَ بِهِمْ رَحِيمًا، فَقَالَ: مَنْ رَجُلٌ يَعْدِلُ لَنَا عَنِ الطَّرِيقِ؟ فَقُلْتُ: اَنَا بِاَبِي اَنْتَ، فَاَخَذَهُمْ فِي طَرِيقٍ قَدْ كَانَ بِهَا جَرَبًا فَدَافِدُ وعُقَابٌ فَاسْتَوَتْ بِنَا الْاَرْضُ حَتَّى اَنْزَلَهُ عَلَى الْحُدَيْبِيَةِ وَهِيَ نَزَحٌ فَاَكْفَاَ فِيهَا سَهْمًا اَوْ سَهْمَهُ مِنْ كِنَانَتِهِ، ثُمَّ بَصَقَ فِيهَا ثُمَّ دَعَا فَفَارَتْ عُيُونُهَا حَتَّى اِنِّي لَاَقُولُ اَوْ نَقُولُ لَوْ شِئْنَا لَاغْتَرَفْنَا بِاَيْدِينَا

اللہ ﷺ کو قریش کی خبر پہنچی کہ انہوں نے خالد بن ولید کو گھوڑے کے لشکر میں بھیجا' رسول اللہ ﷺ سے ملنے کے لیے' رسول اللہ ﷺ نے ان سے ملنے کو ناپسند کیا حالانکہ آپ بہت شفقت کرنے والے تھے' آپ نے فرمایا: کون آدمی ہم کو راستے دکھائے گا؟ میں نے عرض کی: میں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ راستہ پر چل دیئے' وہاں ایک ٹھیلہ اور عقاب تھا' ہمارے لیے زمین کو برابر کیا' اُبھرے ہوئے حصہ پر اُترا' وہاں سے پانی کھینچا ایک حصہ کنانہ سے' پھر آپ نے لعابِ دہن اس میں ڈالا اور دعا کی تو اس سے چشمے نکلے یہاں تک کہ میں نے کہا: اگر ہم چاہتے تو ہم اپنے ہاتھوں سے چلّو بھر لیتے۔

جُنْدُبُ بْنُ حُمَمَةَ الدَّوْسِيُّ قُتِلَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ

حضرت جندب بن حممۃ الدوسی رضی اللہ عنہ' ان کو اجنادین کے دن شہید کیا گیا

1707 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ جُنْدُبُ بْنُ حُمَمَةَ الدَّوْسِيُّ حَلِيفُ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے جو اجنادین کے دن شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام جندب بن حممۃ الدوسی' بنی اُمیہ بن عبد شمس کے حلیف کا بھی ہے۔

1708 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے

سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اَجْنَادِينَ جُنْدُبُ بْنُ عَمْرٍو حُمَمَةُ الدَّوْسِيِّ حَلِيفُ بَنِي اُمَيَّةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ

جواجنادین کے دن شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے ایک نام جندب بن حممۃ الدوسی' بنی اُمیہ بن عبدشمس کے حلیف کا بھی ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ جَابِرٌ

یہ باب ہے جس کا نام جابر ہے

جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَرَامِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْاَنْصَارِيُّ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَيُقَالُ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت جابر بن عبداللہ بن عمرو بن حرام بن ثعلبہ انصاری' آپ کی کنیت ابوعبداللہ ہے' آپ کو ابوعبدالرحمٰن بھی کہا جاتا ہے۔

1709 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِي تَسْمِيَةِ اَصْحَابِ الْعَقَبَةِ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنَ الْاَنْصَارِ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَرَامِ بْنِ كَعْبِ بْنِ غَنْمِ بْنِ كَعْبِ بْنِ سَلَمَةَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عقبہ میں شریک ہوئے اُن میں سے حضرت جابر بن عبداللہ بن حرام بن کعب بن غنم بن کعب بن سلمہ بھی شامل ہیں۔

1710 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ الْعَقَبَةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ عقبہ میں شریک ہوئے اُن میں سے حضرت جابر بن عبداللہ بن حرام بن کعب بن غنم بن کعب بن سلمہ بھی شامل ہیں۔

1711 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: تُوُفِّيَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسَبْعِينَ وَسِنُّهُ خَمْسٌ وَثَمَانُونَ وَيُكْنَى اَبَا

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا وصال 58 ہجری میں ہوا' آپ کی کنیت ابوعبدالرحمٰن تھی۔

عَبْدِ الرَّحْمَنِ

1712 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَخْرَمُ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ بَهْرَامَ الْمَدَائِنِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْوَاقِدِيُّ، قَالَ: مَاتَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسَبْعِينَ قَالَ: وَحَدَّثَنِي خَارِجَةُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: رَاَيْتُ عَلَى سَرِيرِهِ بُرْدًا وَصَلَّى عَلَيْهِ اَبَانُ بْنُ عُثْمَانَ وَهُوَ وَالِي الْمَدِينَةِ وَمَاتَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعٍ وَتِسْعِينَ وَكَانَ يُكْنَى اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ وَكَانَ قَدْ ذَهَبَ بَصَرُهُ رَحِمَهُ اللّٰهُ

حضرت خارجہ بن حارث فرماتے ہیں کہ میں نے تخت پر چادر دیکھی' اس پر حضرت ابان بن عثمان مدینہ کے والی نماز پڑھ رہے تھے۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا وصال اُس وقت جب آپ کی عمر 94 سال تھی' آپ کی کنیت ابوعبداللہ تھی' آپ کی بینائی چلی گئی تھی۔

1713 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ: هَلَكَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَسَبْعِينَ

حضرت ہیثم بن عدی فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا وصال 74 ہجری میں ہوا۔

1714 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ، ثنا اَبُو زَيْدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ شَبَّةَ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، قَالَ: مَاتَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ تِسْعٍ وَسَبْعِينَ

حضرت ابونعیم فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا وصال 79 ہجری میں ہوا۔

1715 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ مَعْنِ بْنِ عِيسَى، قَالَ: تُوُفِّيَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ سِتِّينَ

حضرت معن بن عیسیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا وصال 60 ہجری میں ہوا۔

1716 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: مَاتَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ سَنَةَ ثَمَانٍ وَتِسْعِينَ وَقَدْ ذَهَبَ بَصَرُهُ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا وصال 98 ہجری میں ہوا' آپ کی بینائی چلی گئی۔

1717 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَنْظَلَةُ بْنُ

حضرت ابوحویرث فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا' ہم بنی سلمہ کے گھر

عَمْرٍو الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ اَبِي الْحُوَيْرِثِ، قَالَ: هَلَكَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَحَضَرْنَا بَابَهُ فِي بَنِي سَلِمَةَ، فَلَمَّا خَرَجَ سَرِيرُهُ مِنْ حُجْرَتِهِ اِذَا حَسَنُ بْنُ حَسَنٍ بَيْنَ عَمُودَيِ السَّرِيرِ فَاَمَرَ بِهِ الْحَجَّاجُ بْنُ يُوسُفَ اَنْ يَخْرُجَ مِنْ بَيْنِ الْعَمُودَيْنِ فَتَاَبَّى عَلَيْهِمْ حَتَّى تَعَاطَوْهُ فَسَاَلَهُ بَنُو جَابِرٍ اِلَّا خَرَجَ فَخَرَجَ وَجَاءَ الْحَجَّاجُ حَتَّى وَقَفَ بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ حَتَّى وَضَعَ فَصَلَّى عَلَيْهِ، ثُمَّ جَاءَ اِلَى الْقَبْرِ فَاِذَا حَسَنُ بْنُ حَسَنٍ قَدْ نَزَلَ فِي قَبْرِهِ فَاَمَرَ بِهِ الْحَجَّاجُ اَنْ يَخْرُجَ فَاَبَى قَالَ بَنُو جَابِرٍ: بِاللّٰهِ فَخَرَجَ فَاقْتَحَمَ الْحَجَّاجُ الْحُفْرَةَ حَتَّى فَرَغَ مِنْهُ

حاضر ہوئے' جب آپ کی چارپائی آپ کے گھر سے نکالی' حضرت حسن بن حسن چارپائی کے دونوں ڈنڈوں کے درمیان میں تھے۔ حجاج بن یوسف نے آپ کو دونوں ڈنڈوں کے درمیان سے نکلنے کا حکم دیا' آپ نے نکلنے سے انکار کیا' آپ کو مجبور کیا گیا' جابر کے بیٹوں نے نکلنے کا کہا' آپ نکلیں' حجاج بن یوسف آیا' دونوں ستونوں کے درمیان کھڑا ہوا' وہاں رُکا' اس نے آپ کی نمازِ جنازہ پڑھائی' پھر وہ قبر کی طرف آیا' وہاں بھی حضرت حسن بن حسن آپ کی قبر میں اُترے ہوئے تھے' حجاج نے نکلنے کا حکم دیا' آپ نے انکار کر دیا' بنو جابر نے کہا: اللہ کی قسم! آپ نکلیں! آپ نکلے تو حجاج قبر میں اُترا' وہاں رکھا' نکلا' جب دفن کر کے فارغ ہو گیا۔

1718 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بَعْدَ مَا كُفَّ بَصَرُهُ

حضرت جعفر بن محمد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' اس کے بعد جب آپ کی بصارت چلی گئی تھی۔

1719 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ، ثنا اَبِي، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ طَهْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَاَيْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُخَضِّبُ بِالصُّفْرَةِ وَشَهِدَ الْعَقَبَةَ

حضرت عثمان بن عبیداللہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو زرد خضاب لگائے ہوئے دیکھا' آپ عقبہ میں شریک ہوئے تھے۔

1720 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم عقبہ کی رات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خالو نے نکالا' میں

اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْعَقَبَةِ قَالَ جَابِرٌ: وَاَخْرَجَنِي خَالِي وَاَنَا لَا اَسْتَطِيعُ اَنْ اَرْمِيَ بِحَجَرٍ

پتھر پھینکنے کی طاقت نہیں رکھتا تھا۔

1721 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ الْحَسَنِ، ثنا اَبِي، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ يَاسِينَ الزَّيَّاتِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ غَزْوَةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ تیرہ غزوات میں شرکت کی ہے۔

وَمِنْ غَرَائِبِ حَدِيثِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کے غرائب

1722 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، اَخْبَرَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: رَاَى نَاسٌ نَارًا فِي مَقْبَرَةٍ فَاَتَوْهَا فَاِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: نَاوِلُونِي صَاحِبَكُمْ وَاِذَا هُوَ الرَّجُلُ الَّذِي كَانَ يَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالذِّكْرِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے قبرستان میں آگ دیکھی' وہاں آئے تو رسول اللہ ﷺ فرما رہے تھے: تم اپنے ساتھی کو میرے پاس لاؤ' وہ وہ آدمی تھا جو بلند آواز سے ذکر کرتا تھا۔

1723 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ اِقَامَةَ الصَّفِّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: صف مکمل کرنے سے نماز مکمل ہوتی ہے۔

1722- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد **1** صفحه **523** رقم الحديث: **1362** وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه وله شاهد باسناد معضل' وأبو داؤد في سننه جلد **3** صفحه **201** رقم الحديث: **3064** عن محمد بن مسلم عن عمرو بن دينار عن جابر بن عبد الله به .

1724 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَجَدَ جَافَى حَتَّى يُرَى بَيَاضُ إِبْطَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب سجدہ کرتے تو اپنی کلائیوں کو جسم سے جدا رکھتے یہاں تک کہ آپ کی بغل کی سفیدی دکھائی دیتی تھی۔

1725 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ التِّرْمِذِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عَامِرٍ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ، وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے مجھے لوگوں سے لڑنے کا حکم دیا' یہاں تک کہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھیں' جب یہ کہا تو اُنہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اموال بچا لیے' مگر حق کے ساتھ ان کا حساب اللہ عزوجل کے ذمہ ہے۔

1726 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْأَسْفَاطِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَعْمَرَ عُمْرَى فَهِيَ لَهُ وَلِعَقِبِهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے زمین کو آباد کیا تو وہ اس کے لیے اور اس کے بعد آنے والوں کے لیے ہے۔

1727 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حَكِيمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ ابْنِ عَطَاءٍ، عَنْ أَبِيهِ، فِيمَا يَرَى أَبُو بَكْرٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الرُّطَبِ بِالتَّمْرِ، وَالْعِنَبِ بِالزَّبِيبِ، وَرَخَّصَ فِي الْعَرَايَا وَالْعَرَايَا يَجِيءُ الْأَعْرَابِيُّ إِلَى ابْنِ عَمٍّ لَهُ أَوْ رَجُلٍ مِنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے تازہ خشک کھجور کے بدلے اور انگور کشمش کے بدلے فروخت کرنے سے منع کیا اور عرایا کی رخصت دی' عرایا یہ ہے کہ دیہاتی اپنے چچازاد بھائی یا اپنے گھر کے کسی آدمی کے پاس آئے' اس کو ایک کھجور کا درخت یا دو دینے کا حکم دے' اس کے پاس اتنی مقدار

1725- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 52 رقم الحديث: 21 عن جابر به .

اَهْلِ بَيْتِهِ فَيَامُرُ لَهُ بِالنَّخْلَةِ اَوِ النَّخْلَتَيْنِ وَلَمْ تَبْلُغْ وَهُوَ يُرِيدُ الْخُرُوجَ فَلَا بَاسَ اَنْ يَبِيعَهَا بِالتَّمْرِ

میں نہ ہوں وہ جانے کا ارادہ کرتا تو اس کے لیے کوئی حرج نہیں ہے کہ وہ اسے ایک کھجور کے بدلے فروخت کرے۔

1728 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو الْاَشْعَثِيُّ، ثنا عَبْثَرٌ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین سالن سرکہ ہے۔

1729 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا اَحْمَدُ وَاَنَا مُحَمَّدٌ وَاَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي اَحْشُرُ النَّاسَ عَلَى قَدَمِي، وَاَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللّٰهُ بِيَ الْكُفْرَ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ لِوَاءُ الْحَمْدِ مَعِي وَكُنْتُ اِمَامَ الْمُرْسَلِينَ وَصَاحِبُ شَفَاعَتِهِمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میرا نام احمد اور محمد اور حاشر ہے حاشر وہ ہے جس کے قدموں پر تمام لوگوں کو اکٹھا کیا جائے گا میرا نام ماحی ہے ماحی نام اس وجہ سے ہے کہ میرے ذریعے کفر ختم کیا جائے گا جب قیامت کا دن ہوگا تو حمد کا جھنڈا میرے پاس ہوگا میں رسولوں کا امام اور ان کی شفاعت کا مالک ہوں گے۔

1730 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُرْوَةُ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فِي السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ مَوْضِعُ قَدَمٍ وَلَا شِبْرٍ وَلَا كَفٍّ اِلَّا وَفِيهِ مَلَكٌ قَائِمٌ اَوْ مَلَكٌ رَاكِعٌ اَوْ مَلَكٌ سَاجِدٌ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ قَالُوا جَمِيعًا سُبْحَانَكَ مَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سات آسمانوں میں ایک قدم اور ایک بالشت ایک ہتھیلی کے برابر جگہ نہیں مگر وہاں فرشتہ کھڑا ہے کوئی قیام کوئی رکوع کوئی سجدے کی حالت میں جب قیامت کا دن ہوگا تو وہ سارے کے سارے عرض کریں گے: تو پاک ہے ہم تیری عبادت کا حق ادا نہیں کر سکتے ہم نے تیرے ساتھ کوئی شے شریک نہیں

عَبَدْنَاكَ حَقَّ عِبَادَتِكَ، إِلَّا أَنَّا لَمْ نُشْرِكْ بِكَ شَيْئًا

ٹھہرائی ہے۔

1731 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا عَبْدُ الْخَالِقِ بْنُ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَذْكُرُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا ظُلِمَ أَهْلُ الذِّمَّةِ كَانَتِ الدَّوْلَةُ دَوْلَةَ الْعَدُوِّ، وَإِذَا كَثُرَ الزِّنَا كَثُرَ السِّبَاءُ، وَإِذَا كَثُرَ اللُّوطِيَّةُ رَفَعَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَدَهُ عَنِ الْخَلْقِ فَلَا يُبَالِي فِي أَيِّ وَادٍ هَلَكُوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب ذمی لوگوں پر ظلم کیا جائے گا تو وہ ملک دشمن کا ملک ہوگا' جب زنا کثرت سے ہوگا تو بیماریاں زیادہ ہوں گی' جب لواطت کثرت سے ہوگی تو اللہ عزوجل اپنا دستِ مبارک مخلوق سے اُٹھائے گا' پھر کوئی پروا نہیں ہوگی کہ کس وادی میں مریں۔

1732 - حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَبْصَرَتْ عَيْنَايَ وَسَمِعَتْ أُذُنَايَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِالْجِعْرَانَةِ وَفِي ثَوْبِ بِلَالٍ فِضَّةٌ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْبِضُهَا لِلنَّاسِ فَيُعْطِيهِمْ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اعْدِلْ قَالَ: وَيْلَكَ فَمَنْ يَعْدِلُ إِذَا لَمْ أَعْدِلْ؟ لَقَدْ خِبْتَ وَخَسِرْتَ إِنْ لَمْ أَكُنْ أَعْدِلُ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: دَعْنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَلَأَقْتُلْ هَذَا الْمُنَافِقَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَعَاذَ اللّٰهِ أَنْ يَتَحَدَّثَ النَّاسُ أَنِّي أَقْتُلُ أَصْحَابِي، إِنَّ هَذَا وَأَصْحَابَهُ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حُلُوقَهُمْ أَوْ حَنَاجِرَهُمْ يَمْرُقُونَ مِنَ الدِّينِ مُرُوقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا اور اپنے کانوں سے سنا' رسول اللہﷺ سے سنا جعرانہ کے مقام پر کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں چاندی تھی' رسول اللہﷺ لوگوں کے لیے پکڑے اور ان کو دے دیتے۔ ایک آدمی نے کہا: یارسول اللہ! عدل کریں! آپ نے فرمایا: تیرے لیے ہلاکت ہو! جب میں عدل نہیں کروں گا تو کون عدل کرے گا؟ اگر میں عدل نہیں کروں گا تجھے نقصان اور کمی ہوگی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے چھوڑیں میں اس منافق کو قتل کروں! حضورﷺ نے فرمایا: اللہ کی پناہ! لوگ باتیں کریں گے کہ میں نے اپنے صحابی کو قتل کیا' یہ اور اس کے ساتھی قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اُترے گا' یہ دین سے ایسے نکلیں گے جس طرح تیر کمان سے نکلتا ہے۔

1733 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الطَّائِفِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا مُعَاذُ اِنِّي مُرْسِلُكَ اِلَى قَوْمِ اَهْلِ كِتَابٍ، فَاِذَا سُئِلْتَ عَنِ الْمَجَرَّةِ الَّتِي فِي السَّمَاءِ فَقُلْ: هِيَ لُعَابُ حَيَّةٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: اے معاذ! میں آپ کو اہل کتاب کی قوم کی طرف بھیج رہا ہوں' جب آپ سے کہکشاں کے متعلق پوچھیں جو آسمان میں ہے تو کہنا کہ وہ عرش کے نیچے ایک سانپ کا تھوک ہے۔

1734 - حَدَّثَنَا اَبُو ذَرٍّ هَارُونُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ بِعَبْدٍ شَرًّا خَضَّرَ لَهُ فِي اللَّبِنِ وَالطِّينِ حَتَّى يَبْنِيَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جب اللہ عزوجل کسی بندے کے ساتھ شر کا ارادہ کرتا ہے تو اس کا پیسہ دودھ اور مٹی میں لگوا دیتا ہے یہاں تک کہ وہ بنالیتا ہے۔

1735 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْحَسَنِ بْنِ فُرَاتٍ الْقَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصٍ الْعَطَّارُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي حَفْصٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ غَزْوَةِ الطَّائِفِ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَلِيًّا مِنَ النَّهَارِ، فَقَالَ لَهُ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ طَالَتْ مُنَاجَاتُكَ عَلِيًّا مُنْذُ الْيَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَنَا انْتَجَيْتُهُ وَلَكِنَّ اللّٰهَ انْتَجَاهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب طائف کی جنگ کا دن تھا تو حضورﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ دن میں کچھ دیر کے لیے کھڑے ہوئے' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آج آپ نے حضرت علی کے ساتھ دیر تک سرگوشی کی ہے۔ حضورﷺ نے فرمایا: میں نے سرگوشی نہیں کی بلکہ اللہ نے کی ہے۔

1735- أخرج نحوه الترمذي في سننه جلد5صفحه639 رقم الحديث: 3726 عن أبي الزبير عن جابر به .

1736 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي لَيْلَى، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمَّارٍ الدُّهْنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: حَمَلَنِي خَالِي جَدُّ بْنُ قَيْسٍ فِي سَبْعِينَ رَاكِبًا الَّذِينَ وَفَدُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَخَرَجَ اِلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ عَمُّهُ الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ: يَا عَمِّ خُذْ عَلَى اَخْوَالِكَ، فَقَالَ لَهُ السَّبْعُونَ: يَا مُحَمَّدُ سَلْ لِرَبِّكَ وَلِنَفْسِكَ مَا شِئْتَ، قَالَ: اَمَّا الَّذِي اَسْاَلُكُمْ لِرَبِّي فَتَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَمَّا الَّذِي اَسْاَلُكُمْ لِنَفْسِي فَتَمْنَعُونِي مِمَّا تَمْنَعُونَ مِنْهُ اَنْفُسَكُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے خالو جد بن قیس مجھے ان ستر سواریوں کے ساتھ لے گئے جو لوگ انصار میں سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گئے تھے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے' آپ کے ساتھ آپ کے چچا حضرت عباس بن عبدالمطلب تھے۔ آپ نے فرمایا: اے چچا! اپنے خالوؤں سے وعدہ لے لیں! ستّر نے عرض کی: یارسول اللہ! اپنے رب اور اپنے لیے جو چاہیں مانگیں۔ اپنے رب کے لیے مانگتا ہوں کہ تم نے اس کی عبادت کرنی ہے' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' جو میں اپنے لیے مانگتا ہوں کہ تم ان چیزوں سے میری حفاظت کرو جن سے اپنی حفاظت کرتے ہو۔

1737 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: اَنَّ رَايَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ سَوْدَاءَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جھنڈا سیاہ تھا۔

1738 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ شُعَيْبَ السِّمْسَارُ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْبَحْرِ: هُوَ الطَّهُورُ مَاؤُهُ الْحَلَالُ مَيْتَتُهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: سمندر کا پانی پاک ہے' اس کا مردار حلال ہے۔

1739 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا' ہمارے پاس

1738- اخرج نحوه الحاكم في مستدركه جلد1 صفحه240 رقم الحديث: 500 عن ابي الزبير عن جابر به .

اَخِى، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى سَرِيَّةٍ وَلَيْسَ مَعَنَا زَادٌ اِلَّا مِزْوَدٌ مِنْ تَمْرٍ وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْنَا اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ وَكَانَ يُعْطِينَا حَفْنَةَ تَمْرٍ حَتّٰى نَغْدُوَ وَكَانَ يُعْطِينَا تَمْرَةً تَمْرَةً فَضَرَبَ الْبَحْرَ بِدَابَّةٍ فَاَكَلْنَا مِنْهَا، ثُمَّ اِنَّ اَبَا عُبَيْدَةَ اَمَرَ بِالضِّلْعِ فَحَنَى، ثُمَّ اَمَرَ رَجُلًا فَرَكِبَ بَعِيرًا فَمَرَّ رَاكِبًا عَلَى الْبَعِيرِ

صرف کھجوروں کا زادِ راہ تھا' ہم پر امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ حضرت ابوعبیدہ ہمیں کھجوریں ایک مٹھی دیتے تھے یہاں تک کہ ہم صبح کرتے جب ختم ہونے لگیں تو ایک ایک کھجور دیتے' پھر سمندر نے ہمارے لیے ایک جانور بھیجا' ہم اسے کھاتے رہے' پھر ابوعبیدہ نے ایک پسلی کھڑی کی اور ایک آدمی کو حکم دیا' وہ اونٹ پر سوار ہوا اور اپنا اونٹ اس کے نیچے سے لے کر گزرا۔

1740 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِىُّ، حَدَّثَنَا عَوْنُ بْنُ سَلَّامٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، يَرْفَعُهُ قَالَ: التَّمْرُ وَالْبُسْرُ خَمْرٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ تازہ اور خشک کھجور کی شراب ہوتی ہے۔

جَابِرُ بْنُ خَالِدٍ الْاَنْصَارِىُّ بَدْرِىٌّ

حضرت جابر بن خالد انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1741 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِىُّ، حَدَّثَنِى اَبِى، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، فِى تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِى دِينَارِ بْنِ النَّجَّارِ جَابِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ دِينَارٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی دینار بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے' اُن میں سے جابر بن خالد بن عبدالاشہل بن حارثہ بن دینار ہیں۔

1742 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِىُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِى تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی دینار بن نجار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے تھے' اُن میں سے جابر بن خالد بن عبدالاشہل بن حارثہ بن دینار ہیں۔

مِنْ؟ بَنِي دِينَارِ بْنِ النَّجَّارِ جَابِرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْاَشْهَلِ لَا عَقِبَ لَهُ

جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ رِيَابٍ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت جابر بن عبداللہ بن خالد بن رِیاب انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1743 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ: جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رِيَابِ بْنِ نُعْمَانَ بْنِ سِنَانٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے حضرت جابر بن عبداللہ بن رِیاب بن نعمان بن سنان ہیں۔

1744 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ بَنِي عُبَيْدِ بْنِ عَدِيٍّ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادِ بْنِ نُعْمَانَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار اور بنی حارث بن خزرج سے جو بدر میں شریک ہوئے' ان کے ناموں میں سے حضرت جابر بن عبداللہ بن رِیاب بن نعمان بن سنان ہیں۔

1745 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ: فَلَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِظْهَارَ دِينِهِ وَاِعْزَازَ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنْجَازَ وَعْدِهِ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْمَوْسِمِ الَّذِي لَقِيَهُ فِيهِ النَّفَرُ مِنَ الْاَنْصَارِ، وَهُمْ فِيمَا يَزْعُمُونَ سِتَّةٌ فِيهِمْ جَابِرُ بْنُ

حضرت ابن اسحاق فرماتے ہیں کہ جب اللہ عزوجل نے اپنے دین اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غلبہ اور اعزاز دینے اور اپنا وعدہ پورا کرنے کا ارادہ کیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس موسم میں نکلے' انصار کا ایک گروہ آپ سے ملا' اُن میں جو گمان کرتے تھے چھ میں سے اُن میں سے حضرت جابر بن عبداللہ بن رِیاب ہیں۔

وَمَا اَسْنَدَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رِيَابٍ

وہ حدیثیں جو حضرت جابر بن عبداللہ بن ریاب سے روایت ہیں

